سلسلۂ مطبوعات انجمنِ ترقیٔ اُردو (ہند) نمبر ۲۱۱

فرہنگ

اصطلاحاتِ پیشہ وراں

جلدِ ہشتم

ہندستان کے مختلف فنون اور صنعتوں

کے

اصطلاحی الفاظ اور محاورات کا جامع مجموعہ

تالیف

مولوی ظفر الرحمٰن صاحب دہلوی

شائع کردہ

انجمنِ ترقیٔ اُردو (ہند) دہلی

فہرستِ مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

فرہنگ اصطلاحاتِ پیشہ وران کی یہ آٹھویں اور آخری جلد ہے۔ باقی کی دو جلدیں کُل جلدوں کے ضمیمے اور انڈکس سے متعلق تکمیل اور ضرورت کی محتاج رہیں گی۔ اصل مضمون کا کٹھن کام ایک عرصے کی محنت کے بعد اس جلد پر ختم ہو گیا۔ فالحمد للہ۔ اب اس ابتدا کی انتہا ضرورت اور شوق پر منحصر ہے۔

اس جلد میں چار فصلیں اور دو ضمیمے ہیں۔ پہلی فصل آہنگری اور دوسری سپاہ گری کی اصطلاحات پر مشتمل ہے۔ اس کے تحت ایک ضمیمہ ورزشی کھیلوں کے متعلق ہے۔ تیسری فصل میں بازی گروں کی اصطلاحات ہیں اور اس کے ساتھ ایک ضمیمہ گھریلو کھیلوں، تفریحی شغلوں، شعبدے بازوں اور مداریوں کے کرتبوں کی اصطلاحات کا ہے۔ چوتھی فصل جرائم پیشہ وروں سے متعلق ہے۔ اس طرح اس مجموعے کی کل اصطلاحات کاٹ چھانٹ کر دو ہزار کے قریب ہیں۔

فنِ سپاہ گری میں لڑنت اور سیف بازی دو بڑے کرتب ہیں جن کے نام استادانِ فن نے بنوٹ، پھکیتی، بکیتی وغیرہ وغیرہ رکھ لیے اور تلوار کی بجائے ڈانڈے اُن کی مشق کرائی جاتی ہے۔ پہلے تو اس ورزش کی بڑی گرم بازاری تھی۔ دہلی، آگرہ، لکھنؤ اور حیدرآباد وغیرہ ان کے اکھاڑوں کے مشہور مرکز تھے۔ اب برائے نام کہیں کہیں اس فن کے نام لیوا جو باقی ہیں زمانے کے حالات نے ان کے شوق اور ولولوں کو بھی سرد کر دیا ہے۔ ضرب الجدال اور قتال کا فن

کھیل تفریح اور دکھاوے کی چیز بن گیا ہے۔ ضرب اور روک، چھین اور باندھ کے سیدھے اور بنیادی داؤ پیچوں کو اتنا طول دیا ہے کہ وہ لفظوں کا گورکھ دھندا بن کر رہ گئے ہیں جن کی افہام و تفہیم ایک ٹیڑھی کھیر ہو گئی ہے۔ باوجود کافی علمی تجربہ رکھنے کے اس فن کی اصطلاحات کی تشریح میں بڑی کاوش کرنی پڑی اور ان کا مفہوم واضح کرنے میں حتی الامکان کوشش کی ہے تاکہ عمل کا اندازہ اور اس کا مطلب سمجھنے میں سہولت ہو۔

سیف بازی کے بعد آتش بازی کی اصطلاحات لکھی گئی ہیں۔ اگرچہ بظاہر آتش بازی کا تعلق اس فن سے نہیں معلوم ہوتا مگر اس میں سے وہ چیزیں بیان کی گئی ہیں جن کو جنگ اور فن سپاہ گری سے کچھ نہ کچھ تعلق ہے۔ اور اجمالاً اس کے تحت کی چیزیں بھی لکھ دی گئی ہیں۔

اسلحہ آتشیں کی ایجاد میں جیسی کچھ ترقی ہوئی اور ہو رہی ہے وہ عیاں ہے لیکن بنیادی چیزیں اور ان کے ابتدائی نام اپنی اپنی جگہ موجود ہیں اور رہیں گے۔ نئی ایجادوں کے ساتھ ان میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ مثلاً توس دان، تھمی، فرشی، تکمنی، ٹھیکی اور پالکی وغیرہ نئی ایجادوں کی اصطلاحات ہیں جو مروج ہو گئی ہیں۔

اس فصل کے ضمیمے میں دیسی ورزشی کھیلوں کی اصطلاحات جن میں بہت سی زبان کی ترقی کے لیے کارآمد ہیں درج کی گئی ہیں۔

آخر میں چوری، ٹھگی اور ڈکیتی کی اصطلاحات ہیں۔ ان کی تحقیق اور تشریح بڑی سرگردانی کا باعث رہی۔ بزمانۂ ملازمت دفتر ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس ضلع دہلی میرے ذمے دفتری کام کے ساتھ جیل خانے کے ریفارمیٹری سکول (تادیبی درس گاہ) کے خارج شدہ مجرموں کو ماہانہ وظیفہ تقسیم اور ان کے خیالات معلوم کرنے کا کام بھی تھا۔ جب وہ وظیفہ لینے آتے تو اپنی آپ بیتی بھی سناتے تھے اور دوسروں کے حالات بھی کہہ ڈالتے تھے۔ ان میں سے اکثر وظیفہ پانے کے زمانے میں کسی نہ کسی دھندے سے لگ کر اپنی روزی کمانے لگتے تھے۔ کس کو معلوم تھا کہ ان سے بھی کام پڑے گا۔ جب جرائم پیشہ وروں کی اصطلاحات کی تلاش ہوئی تو مطلب براری کے لیے ان کو تلاش کر کے کام نکالا۔ کچھ سرکاری تحریرات کی بھی چھان بین کی اور رسالہ مصطلحاتِ ٹھگی سے بھی مدد لی اور اس طرح یہ کٹھن اور مشکل مرحلہ طے ہوا۔ ٹھگوں کی بولی میں کچھ تو غیر ضروری اور بہت سی کارآمد اصطلاحات ملیں گی جو متن کے ملاحظے سے واضح ہوں گی۔ ان کی بہت سی اصطلاحات کو جو ناقابلِ فہم بطور رمز اور اشارے کے تھیں ترک کر دیا گیا۔ آخر میں اس اعتراف کے ساتھ کہ اس کل کام میں جو ایک ہاتھ سے کرنے کا نہ تھا بہت کچھ کمی اور کچھ خامیاں بھی ہیں اس تحریر کو ختم کرتا ہوں اور اپنی مجبوری اور معذوری کا اقرار کرتا ہوں تاہم جو کچھ ہوا ہے وہ زبان کی ترقی کے لیے کارآمد ضرور ہے۔

خاکسار

ظفر الرحمن۔

حیدرآباد دکن

فروری سنہ ۱۹۴۴ء

اِسپات (مذکر) پکھال۔ دیکھو فولاد۔

اکونڈی } (مونث) کُھلاون۔ دیکھو
اگونڈی } آنکڑی۔

بعض مقامات پر اکوڑی۔
(اگوڑی) تلفظ کرتے ہیں۔

اِنگ لیرن } (مونث) انگریزی لفظ
اِک لیرن } آیرن اینگل کا اُردو تلفظ
مُراد کُہنی (زاویہ) دار بنی ہوئی
لوہے کی پٹی جو حسب ضرورت
مختلف جسامت کی بنائی جاتی
ہے۔

اہرن (مذکر) سندان۔ نہائی۔ انگریزی
لفظ آئرن کا اصطلاحی تلفظ
لوہار سندان کی قسم کے ایسے
بڑے اور وزنی لوہے کے ٹھیے
کو کہتے ہیں جس پر لوہے کی
بڑی چیزوں کو رکھ کر کاٹا جاسکے۔

آہنگر (مذکر) دیکھو لوہار۔

باڑھیا } (مذکر) آہنی یا کسی دوسری
بادھیا } دھات کی سلاخ میں
بادھیان } چوڑیاں (پیچ) بنانے کا
اوزار۔ پیچ تختی۔ نسوت۔

بالشت } (مذکر) ٹھپّہ بنانے کا فولادی
بالشتیہ } قلم جو چار چھ انچ لمبا اور
حسب ضرورت موٹا ہوتا ہے
اس کی لمبان میں گہراؤ ہوتا ہے
جس کی وجہ سے اس کا مُنھ
ہلالی شکل کا بن جاتا ہے۔ اور
ٹھپّے میں گولائی دار نشان کاٹنے
کے کام آتا ہے۔

بانک (مونث) دیکھو شکل۔

بڑھائی کی سنسی (مونث) سنسی کی
ایک قسم جس کا مُنھ چونچ کی
شکل کا ہوتا ہے۔ دیکھو سنسی۔

بنڈی (مونث) سوراخ دار آہنی
ٹھیکی جو لوہے یا کسی دوسری
دھات کی کسی چیز میں سوراخ
بنانے کے لیے استعمال کی جائے
بعض کاریگر ٹھپرہ کہتے ہیں۔

بیٹر (مونث) لوہے کا ٹیل جس سے
معمولی چیزیں ڈھال کر بنائی
جاتی ہیں۔

بھٹی (مونث) لوہا وغیرہ تپانے کا
آتش دان یا آگ کا خزانہ جو
حسب ضرورت بنالیا جاتا ہے۔
۱- گلا۔ بھٹی کا وہ حصہ جس میں
آگ رہتی ہے۔
۲- نال۔ بھٹی کا مُنھ۔
۳- چھا۔ بھٹی کے مُنھ کا پٹ۔
(روشن کرنا) سُلگانا۔ گرم کرنا۔
(دھونکنا) بھٹی کی آگ کو ہوا
دینا تاکہ وہ بھڑکے۔
کہاوت ہے۔ آگ جانے لوہار
جانے۔ دھونکنے والے کی
بلا جانے۔

بھنور کلی (مونث) بھنور کڑی کا اصطلاحی
تلفظ مُراد محور پر گھومنے والا
آہنی کڑا یا کڑی یعنی کیلے پر
گھومنے والا حلقہ۔

پانا (مذکر) رِنچ۔ چاپ (چابی)
ڈِھبری کش۔ ڈِھبری کھولنے
[illegible]
ہوتے ہیں۔ (انگریزی زبان
کا لفظ ہے۔ مگر کثرت استعمال سے
اُردو میں مل گیا ہے)
۲- رِنچ ایک آہنی پٹی ہوتی ہے
جس میں مختلف شکل کی ڈھبریوں
کی شکل کے گھر بنے ہوئے ہوتے
ہیں اور پانا ایک پیچ کے ذریعے
ڈھبری کے برابر چھوٹا بڑا کیا
جاتا ہے۔

۱- پانا

۲- رنچ

پھال (مذکر) صاف کیا ہوا سخت
قسم کا لوہا۔ اِسپات۔
پنکھی (مونث) بھٹی میں ہوا پہنچانے
کی ایک قسم کی دھونکنی جو خود
بخود باہر کی ہوا کھینچتی رہے
پیچ تختی (مونث) نسوت۔ ڈمکلا۔
باویا۔ لوہے یا کسی دوسری

پیچ تختی

نسوت
(ڈمکلا۔ باویا)

دھات کی سلاخ میں چوڑیاں
بنانے کی فولادی پٹی جس میں
حسبِ ضرورت چھوٹے بڑے
اور باریک موٹے خار بنے ہوئے
ہوتے ہیں۔
پیچ کش (مذکر) مڑوڑی پیچ دار کیل
کو پیوست کرنے یا جڑنے کا
اوزار۔
پھلکا (مذکر) کان سے نکلا ہوا لوہا۔
جو مٹی کے اجزا میں ملا ہوا ہو
—— بغیر صاف کی ہوئی
لوہے کی کچی دھات۔
تُرفان (مذکر) دھات کی چیزوں کے
سوراخ بڑھانے کا چوکونا یا
تکونا فولادی برما۔
۲۔ بندوق کی نال میں خار کاٹنے
کا برما۔
تہ پھلیا قلم (مذکر) ٹھپے سازی کا آہنی
قلم جس کے منہ پر حرف (پ)
کے نقطوں کی شکل کی گھنڈیاں
بنی ہوتی ہیں جن سے ٹھپے
میں گہرے نشان بنائے جاتے
ہیں۔
تھیا (مذکر) ٹھپے یا دھات کی کسی
اور چیز میں سیدھے خط کھودنے
کا آہنی قلم۔
ٹین (مذکر) کچی قسم کا لوہا جس کی
معمولی چادر اور اس سے ڈبے
وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
ٹھپا (مذکر) مہرہ کسی خاص علامت
یا عبارت کا چھاپا جو فولاد یا
کسی قسم کی دھات پر کھود کر
بنا لیا جائے (لگانا) (ٹھپیانا)
ٹھپہ ساز (مذکر) ٹھپے بنانے والا لوہار۔
ٹھیا (مذکر) پیشہ وروں کی مشترک
اصطلاح مراد کاری گر کے
کام پر بیٹھنے کی جگہ۔
جلیری (مونث) آنڑی۔ جل ہودہ
لوہار کی بھٹی کے پاس گرم لوہا
بجھانے یا ٹھنڈا کرنے کو پانی کا برتن۔
جندرا (مذکر) بندوق کی نال میں پیچ
ہیں، کاٹنے کا ایک خاص قسم
کا فولادی برما۔
جنگلا (مذکر) آہنی سلاخوں کی تیار کی
ہوئی باڑ۔ تفصیل کے لیے
دیکھو جلد اول صفحہ ۵۷
جوہر (مذکر) فولاد کی آب و تاب
کی جھائیاں جو لہر یا حلقوں
کی شکل اس کی سطح پر دکھائی
دیتی ہیں۔
جیر / چیر (مذکر) میل صاف کیا ہوا
لوہا۔
لوہاروں کی اصطلاح میں
لوہے کی میل کو بیٹر اور صاف
شدہ لوہے کو جیر کہتے ہیں۔
جیلی (مونث) بھٹی کی آگ کریدنے
اور برابر کرنے کا آنکڑے دار
آہنی گز۔
چاپ / چاپی (مونث) دیکھو پانا اور رنج۔
۲۔ بندوق کے گھوڑے کی کمانی

۳- پیروں چلنے کی آہٹ یا دھیمی
آواز۔

چاپن (مونث) دھات کی چیزوں
کا سوراخ بڑھانے اور صاف
کرنے کا تیز کوروں کا چوپہل
سُنبہ۔

چٹکی (مونث) کتّے دار ڈِھبری۔
دیکھو ڈھبری۔
۱- چھوٹی قسم کا موچنا (گھڑی سازی)
۲- کمانی دار کھٹکا جو کیواڑ کے
پٹ بند ہونے پر خود بخود لگ
جائے (نجاری)

چٹکی (کتّے دار ڈھبری)

چمٹا (مذکر) دیکھو دستپنا جلد سوم۔
گرم چیزیں پکڑنے اور انگارے
اٹھانے کا آہنی ہتھیار۔

چوب (مونث) دیکھو گلّا۔

چوچھلیا قلم (مذکر) ٹھپے میں نشان
ڈالنے کا چو پنکھڑی یا چہار
نقطے دار آہنی قلم۔

چوڑی (مونث) آہنی سلاخ کے
مڑوڑی یا گھمیری دار کٹاؤ کا
ایک پھیر ـــ ہنچ کا ایک بل
(جمع چوڑیاں)
ف- تل یا سلاخ کے دونوں
سروں پر آدھ آدھ انچ تک
چوڑیاں کٹی ہوئی ہیں۔
(کاٹنا۔ بنانا)۔ برائے تصویر
دیکھو کابلا۔

چونچ نما سنسی / چونچلی سنسی (مونث) خمیدہ چونچ
کی شکل کے مُنھ
کی سنسی۔ دیکھو سنسی

چھٹ (مذکر) پرانے گھڑی سازوں
کی خاص اصطلاح مراد چھوٹی
قسم کا موچنا۔ دیکھو موچنا۔

چھا (مونث) دیکھو بھٹی فقرہ ۱۰

چھڑونا (مذکر) ڈاب۔ کیل کے سرے
کو پُھلی دار بنانے کی نہائی یا
سندان۔ انگریزی میں سناپ
کہتے ہیں۔ بعض کاری گر انگریزی
تلفظ کو بگاڑ کر سنپ کہتے ہیں۔

چھڑونا

چھپکا (مذکر) دیکھو قبضہ جلد اول ص ۱۲

چھینی (مونث) لوہا کاٹنے کا چپٹے مُنھ
کا دھار دار اوزار۔

چھینی

دائرہ کش (مذکر) دیکھو پرکار۔
جلد ۳ صفحہ ۱۶۹۔

دمک (مذکر) لوہار کی بھٹی کی دھوکنی
کا گاؤ دُم وضع کا لمبوترا مُنھ جو
عام طور سے ایک خاص قسم
کی مٹی کا بنایا جاتا ہے۔ جو آگ کے
اثر سے خراب نہیں ہوتا۔

دمکلا (مذکر) دیکھو ہنچ تختی۔

دورُخی تھیا (مذکر) ٹھپے میں گہرے
نشان یا خط بنانے کا آہنی قلم
جس کا ایک مُنھ چھپٹا دھار دار
اور دوسرا نکیلا ہوتا ہے۔ بعض
کاری گر دو موئی کہتے ہیں۔
دیکھو تھیا۔

دوموئی (مونث) دیکھو دورخی تھیا۔

دھوکنی (مونث) بھٹی کی آگ بھڑکانے
کو کھال کا بنا ہوا پھکنا جو حسبِ
ضرورت چھوٹا بڑا بنایا جاتا ہے
۱- مُنڑی۔ دھوکنی کا نلوے
کی شکل کا بنا ہوا مُنھ جس سے
بھٹی میں ہوا پہنچائی جاتی ہے
۲- پکھال۔ بکرے وغیرہ کی
سالم کھال جس میں ہوا بھر کر

بھٹی میں پھونکی جاتی ہے۔

۲- کھاپٹ (کھپت) دھونکنی کے پیٹ کا منھ جس سے ہوا لی جاتی ہے۔ بعض کاری گر کھلات کہتے ہیں۔

ڈاب (مذکر) دیکھو چھپرونا۔ ایسا آہنی ٹھپا جس میں کیل کی پھلی بنائی جائے۔

ڈرنا (مذکر) ٹھپے سازی کا آہنی قلم جس کا منھ گڑھے دار ہوتا ہے اور اُبھرواں نشان بنانے کے کام آتا ہے۔

ڈھبری (مونث) آہنی کابلے (بیچ) کا بند جو کابلے کی چوڑیوں پر کس دیا جاتا ہے۔ ڈھبری عام طور سے ہشت پہل، چوکور یا حلقہ نما شکل کی حسب ضرورت چھوٹی بڑی ہر قسم کی دھات کی بنائی جاتی ہے۔ پیچ کی طرح اس کے سوراخ میں بھی چوڑیاں بنی ہوتی ہیں۔

انگریزی میں نٹ کہتے ہیں۔

(لگانا۔ کسنا) دیکھو کابلا مع تصویر۔

ڈِھبری کش (مذکر) دیکھو پانا۔ انگریزی میں نٹ کی کہتے ہیں۔

راچھ (مذکر) دیکھو گھن۔

زنبور (مونث) کھولی۔ گونجلا۔ گول حلقے دار منھ کی سنسی۔ دیکھو سنسی بعض کاری گر کلے دار سنسی کہتے ہیں۔

سانچہ (مذکر) پیشہ وروں کی مشترک اصطلاح مراد گینڈا۔ فرما جس میں دھات کی چیز ڈھال کر یا ٹھپیا کر بنائی جائے۔

سانچے کے نمونے کے مانند ملتی جلتی چیز بنانے کو کاری گر سانچے میں اُتارنا کہتے ہیں۔

سناپ (مذکر) دیکھو چھپرونا۔

سُنبہ (مذکر) لوہے اور دیگر دھات کی چیزوں میں ٹھوک کر سوراخ کرنے کا فولادی قلم انگریزی میں پنچ کہتے ہیں۔

سندان } (مذکر) دیکھو آہرن۔ لوہے
شام دان } اور دیگر دھات کی اشیا کی گھڑائی کا ٹھیا۔ سندان چھوٹی قسم کا اور نکیلی شکل کا ہوتا ہے جس کو کاری گر نہائی کہتے ہیں۔

سنسی (مونث) دھات کی گرم چیزوں کو پکڑنے کا قینچی کی وضع کا دستپنا یا چمٹا جس کے دستے لمبے منھ چھوٹا اور ضرورت کے لحاظ سے مختلف شکل کا بنایا اور مختلف ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔

سنگڑا (مذکر) دیکھو آنکڑی (آنکڑا)

سولن (مذکر) پتیا۔ سوئیڈن کا لوہا۔

سوآنی } (مونث) بڑی قسم کا موچنا۔
سُہانی } دیکھو موچنا۔

سہ پاری } (مونث) لوہے کی سلاخ
بِسپاری } میں سوراخ کرنے کے باریک موٹے برمے۔ آہنگر بندوق کی نال میں سوراخ بنانے کے اُتار چڑھاؤ کے برموں کو کہتے ہیں۔

شام (مونث) سنسکرت شمبا بمعنی مُندری۔ ماشہ مُراد دھات کا بنا ہوا کڑا یا حلقہ۔

شام دان (مذکر) دیکھو سندان

شِکنجہ (مذکر) دیکھو ہتھکل

فولاد (مذکر) اسپات۔ اعلیٰ قسم کا صاف کیا ہوا لوہا۔ جو تلوار، بندوق وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔

کابلا (مذکر) ڈھبری کا کیلا۔ چوڑیاں (پیچ) بنی ہوئی پھلی دار کیل۔

کابلا

چوڑی یا چوڑیاں

ڈھبری (نٹ)

کھٹکا (مذکر) ڈھبری کی چوڑیاں یا پیچ۔
مادہ پیچ جو کابلے کے پیچوں سے
ساتھ کس جائیں۔

کریدنی (مونث) دیکھو آنکڑی۔

کریل (مونث) چھوٹی قسم کا نازک
چیز پکڑنے کا قلم کی شکل کا گیرا
(دیکھو ہتھکل)

کلّے دار سنسی (مونث) دیکھو زنبور۔
بعض کاری گر کھولی کہتے ہیں۔

کھاپٹ } (مذکر) دیکھو دھونکنی فقرہ ۲
کھپت } بعض کاری گر کھلاتے ہیں۔

کھلاون (مونث) دیکھو آنکڑی۔

کھولی (مونث) دیکھو کلّے دار سنسی۔

کھونٹی (مونث) دیکھو آنکڑی۔

گارڈر (مذکر) لوہے کا شہتیر۔ سیال
کڑی۔ سونٹ۔

گندراتیا (مونث) آہنی موٹی چادر

گرجک (مذکر) دھات کی چیزوں کے
سوراخ کا منھ چوڑا کرنے کا ایک
خاص قسم کا برما جس کا منھ مخروطی
شکل کا ہوتا ہے جس سے سوراخ
کا اوپر کا منھ چوڑا کیا جاتا ہے تاکہ
کیل کا سر پورا بیٹھ جائے۔

گلّا (مذکر) دیکھو بھٹی فقرہ ۱۰

گنٹھیا (مذکر) میخیں بنانے کا لوہا۔

گونجلا (مونث) دیکھو زنبور

گیرا (مذکر) دیکھو ہتھکل۔

گھن (مذکر) (اچھ۔ سنسکرت گھنا بمعنی
بڑا اور وزنی ہتوڑا۔ جو بہت
مضبوط اور بھاری چیزوں کے
توڑنے یا ٹھوکنے کے لیے
استعمال کیا جاتا ہے۔

لپٹ (مونث) بھٹی کی آگ کے شعلے
کی بھڑک۔

لوچون } (مذکر) لوہے کا باریک
لوہ چون } برادہ جو گھسنے میں نکلے
یا کوٹ کر بنایا جائے۔

لوہار (مذکر) آہنگر۔ لوہے کا سامان
بنانے والا کاری گر۔

لوہانڈا } (مذکر) لوہے کی ہنڈیا یا مٹکا۔
لوہینڈا }

لوہیا (مذکر) لوہے کا سامان تیار کرانے
اور اس کا کاروبار کرنے والا
تاجر۔

لہتار (مذکر) لوہے کا بنایا ہوا تار۔
آہنی تار۔

لہتال (مونث) (لوہ + تال) لوہے
کی کان۔

لہریا (مذکر) لہر کی شکل کا بنا ہوا ٹھپا۔

لہریا چادر (مونث) نالی دار چادر۔
لہروں دار بنائی ہوئی آہنی چادر۔

مارتول (مذکر) پرتگالی لفظ مرتلو۔
(مارتلو) کا اردو تلفظ بمعنی
چھوٹی ہتوڑی لوہاروں اور دیگر
کاروباری لوگوں کی اصطلاح میں
مراد ایک خاص قسم کی ہتوڑی
جس سے لکڑی کے تختے میں
کیل ٹھوکی اور آسانی سے نکالی
جا سکے۔ اس کے منھ پر ایک
قسم کا چھوٹا چمٹا بنا ہوتا ہے جو
کیل کے منھ کو پکڑ لیتا ہے۔

مچاک (مونث) آلہ جر ثقیل کی ایک
قسم جس کے ذریعے بھاری اور
لمبے آہنی ستون سیدھے کھڑے
اور گاڑے جاتے ہیں۔ انگریزی
میں پاٹل کہلاتا ہے۔

مروڑی (مونث) پیچ کسنے یا ڈھیلنے
کا ایک خاص قسم کا اوزار جو
عام طور سے بڑے بڑے کارخانوں
میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مندری (مونث) دیکھو شام۔

منگن (مونث) دیکھو بانک اور ہتھکل۔

منسوئت (مونث) دیکھو پیچ تختی
اور بادیا۔

موچنا (مذکر) سوآنی (سُہانی) (فارسی لفظ موچینہ کا اردو تلفظ مراد چھوٹی قسم کا چمٹا جو چھوٹی اور نازک چیزوں کے پکڑنے کے لیے استعمال کیا اور حسبِ ضرورت مختلف قسم کا بنایا جاتا ہے۔

مؤس (مونث) اُبھرواں نقش کا ٹھپا جس کے نر و مادہ کے درمیان دھات کا پتر رکھ کر دبانے سے پتر پر ٹھپے کا نقش اُتر آتا ہے۔ گہرے کھدے ہوئے نقش والے کو ٹھپا کہا جاتا ہے۔

مُہاری (مونث) کھانچے دار مُنھ کی سنسی۔ جس میں کوئی گول چیز کی گرفت کو جگہ ہو۔ دیکھو سنسی۔

مُہرہ (مذکر) دیکھو بندی۔ بعض کاریگر ٹھپے کو بھی مُہرہ کہتے ہیں۔

میل (مونث) الٹو یا پیے کا محوری کیلا۔
۲- چھوٹے بڑے اور کسی قسم کے نلوے کے سوراخ میں پڑا ہوا کیلا۔
۳- آہنی ڈنڈا جس پر کسی دھات کے پترے کو موڑ کر گول بنایا جائے (لوہاروں کی اصطلاح) تکلا۔ سلائی۔ گول سیخ۔

نٹ (مذکر) انگریزی لفظ دیکھو ڈھبری۔

نہائی (مونث) دیکھو سندان۔ لوہے کی چیز گھڑنے کا ٹھیا جو حسبِ ضرورت مختلف شکل اور جسامت کا ہوتا ہے۔

ہتوڑا (مذکر) پیشہ وروں کی مشترک اصطلاح۔ ٹھوکنے اور ضرب لگانے کا اوزار جو حسبِ ضرورت مختلف قسم کے چھوٹے بڑے ہوتے ہیں۔

ہلکارنا (مصدر) لوہے یا کسی دوسری
ہلکورنا دھات کی چیز کو آگ میں تپا کر لال کرنے کے بعد دھیمی ہوا میں آہستہ آہستہ ٹھنڈا کرنا۔ اس ترکیب سے وہ دھات نرم پڑ جاتی ہے۔ اگر پانی میں ٹھنڈا کیا جائے تو اصل سے زیادہ سخت ہو جاتی اور ضرب کھانے سے ٹوٹ جاتی ہے۔ تار کھینچنے اور پترے کو بڑھانے کے لیے اس عمل کو بار بار کیا جاتا ہے۔

ہتھ کل (مذکر) ہتھ کڑیا ہتھ کڑا کا اصطلاحی تلفظ۔ بانک۔ گیرا۔ شکنجہ۔ سنگن۔ ایک قسم کا آہنی اوزار جس میں کوئی چیز پکڑا کر کس دی جائے۔ حسبِ ضرورت چھوٹا بڑا مختلف قسم کا ہوتا ہے۔

ہتھ کل
۲
۱- جھونجی
۲- گلا

چھوٹے بطور دستی ہتکڑی استعمال کیے جاتے ہیں اور بڑے ٹھیے پر جڑے رہتے ہیں۔

۲- پیشہ سوہن سازی

پاسہ (مذکر) سوہن کا کوئی ایک رُخ یا پہل جس پر تک رکھ دیے نشان بنے ہوں۔ دیکھو سوہن۔

پٹھی (مونث) دیکھو جوڑسا۔

ترکا (مذکر) سُنہاروں اور گھڑی سازوں کی اصطلاح زیور، چاندی سونے کی نازک چیزیں اور گھڑیوں کے پُرزے وغیرہ صاف کرنے کی حسبِ ضرورت بہت چھوٹی قسم کی اور مختلف وضع کی سوہن۔ تفصیل کے لیے دیکھو سوہن۔

تکورا (مذکر) تہ پہل ریتی۔ گھنی نما چیزیں صاف کرنے کی تین کناروں کی مثلثی شکل کی سوہن

دیکھو سوہن۔

ٹک (مذکر) خار سوہن کے کھُردُرے نشان جو اُس کی سطح پر دھاردار اوزار سے گود کر بنائے جاتے ہیں جس سے وہ سخت چیز کو ریتنے کے لائق بن جاتی ہے۔ (ٹاکنا، سوہن پر خار (کھُردُرے نشان) بنانا۔

چورسا (مذکر) چپٹی۔ ہموار سطح کو صاف کرنے کی چپٹی سوہن۔

چول (مونث) سوہن کی ڈنڈی (ریخ) جو ہاتھ کی پوری گرفت کے لیے لکڑی کی موٹھ میں پھنسادی جاتی ہے۔ دیکھو سوہن۔

خار (مذکر) دیکھو ٹک۔

ریتی (مونث) سوہن کا ہندی نام دیکھو سوہن۔

ریتنا (مصدر) ریتی سے کسی چیز کی سطح کو گھسنا۔ گھسائی کرنا۔

سنتر / سن تری (مذکر) سوہن ٹاکنے یعنی اُس کی سطح گودنے کا دھاردار اوزار۔

تلنگی زبان میں باریک درز کو جو کسی چیز میں پڑ جائے سن کہتے ہیں۔

سوہن (مونث) فارسی لفظ سوہان کا اُردو تلفظ۔ ہندی میں ریتی

۲۔ کناسی
۱۔ چورسا
۳۔ گولک
۱۔ چول
۲۔ ٹک
۳۔ مانگ
۴۔ پاسہ

کہلاتا ہے۔ دھات کی چیزوں کی سطح گھِس کر صاف کرنے کا آہنی اوزار جو پیشہ وروں کی مختلف ضرورتوں کے لیے چھوٹے بڑے اور مختلف وضع کے بنائے جاتے ہیں۔ زیورات اور دوسری نازک چیزوں پر استعمال کرنے کے لیے سلائی کی مانند ہر شکل کے ہوتے ہیں۔ ان کو کاری گر اپنی اصطلاح میں ترکا کہتے ہیں۔ اور بناوٹ کے اعتبار سے چھوٹا ہو یا بڑا تکورا۔ چورسا۔ ششتر گلو۔ کناسی۔ گولک اور نیم گرد وغیرہ نام رکھ لیے ہیں۔

سوہن ٹک (مذکر) سوہن ٹاکنے والا کاری گر۔ دیکھو ٹک۔

سوہن ساز (مذکر) دیکھو سوہن گر۔

سوہن گر (مذکر) سوہن بنانے والا کاری گر۔ سوہن ساز۔

ششتر گلو (مونث) کٹاری کی شکل کی خم دار چیزوں کی سطح صاف کرنے کی سوہن۔ دیکھو کنا۔

کناسی (مونث) ۱۔ دھات کی چیزوں میں دانتے بنانے یا صاف کرنے کی جو پہل برچھے کی شکل کی سوہن۔ ۲۔ کناسی کے ہر دو پہل کی درمیانی اُبھری ہوئی کور یا کنارا۔ اصطلاحاً مانگ کہلاتا ہے۔ دیکھو سوہن۔

گولک (مذکر) سوراخ یا قوس نما بناوٹ کی چیزوں کی سطح صاف کرنے کی گول شکل کی سوہن دیکھو سوہن۔

مانگ (مونث) کناسی کے دو پہلوں کی درمیانی کور۔ دیکھو کناسی نقرہ ۲ اور سوہن۔

ماہی پُشت سوہن (مونث) زیادہ کھُردری سطح ریتنے کا مچھلی کے چھلکوں کی شکل کے مانند اُبھرواں ٹک کھُدا ہوا نیم گرد سوہن۔

نیم گرد (مذکر) گہرائی ریتنے کا سوہن جس کا ایک رُخ بادام کے

چھلکے کی شکل اور دوسرا چپٹا ہوتا ہے۔ دیکھو سوہن۔

۳- پیشہ سان گری

(سان گری اور نگینہ گری کی مشترک اصطلاحات کے لیے ملاحظہ ہو جلد چہارم پیشہ نگینہ گری صفحہ ۴۹)

بار (مونث) سان کا دور جس پر ہتھیار کو گھس کر دھار نکالی جاتی اور تیز کیا جاتا ہے۔

(لگانا۔ رکھنا) سان سے رگڑ کر ہتھیار کی دھار تیز کرنا یا بنانا۔ دیکھو سان۔

۲- تلوار وغیرہ کی دھار کا میدان جو سلامی دار اور ہتھیار کے حسب حیثیت چھوٹا بڑا ہوتا ہے۔ بعض مقامی بولیوں میں لپ یا لانپ کہتے ہیں۔

بدھی (مونث) دیکھو مال۔

پیٹا (مذکر) سان کے گردے یا کھیرے یعنی چھلکے کا بغلی رخ دیکھو سان۔

پتھری (مونث) سِلّی۔ سان گروں کی خاص اصطلاح مراد خاص قسم کے قدرتی یا مصنوعی پتھر کی حسب ضرورت چھوٹی بڑی بنائی ہوئی ایسی پٹی جس پر ہتھیار کی دھار کو گھس کر کھُلایا اور چکنایا جائے یعنی دھار کے سان پر گھِسے ہوئے کھُردرے پن کو صاف اور باریک کیا جائے۔ (لگانا۔ رکھنا)

چانڈنا (مصدر) کسی دھار دار ہتھیار کی دھار درست کرنا یا دھار کی سلامی بنانا۔

دانتا (مذکر) ہتھیار کی دھار میں کٹاؤ کا نشان جو سخت چیز پر استعمال کرنے سے مڑ کر یا ٹوٹ کر پڑ جائے۔ (پڑنا۔ ڈالنا)

(نکالنا) دھار کو چانڈ کر یا سان پر گھس کر سیدھا اور برابر کرنا۔

دھار (مونث) ہتھیار کی باریک اور تیز کور جس سے کوئی چیز کٹ جائے۔

(رکھنا۔ لگانا۔ نکالنا) سان پر گھس کر ہتھیار کی دھار باریک اور تیز بنانا۔

(بگڑنا۔ جاتی رہنا۔ ماند پڑنا) دھار کی تیزی جاتی رہنا۔

دُھری (مونث) سان کا محوری ڈنڈا دیکھو سان۔

سان (مونث) دھار دار ہتھیاروں کی دھار گھس کر باریک اور تیز کرنے کا چاک جو لاکھ اور عمدہ قسم کی بنائی ہوئی ریت کے مرکب سے حسب ضرورت چھوٹا بڑا تیار کیا اور ہاتھ یا مشین کے ذریعے گھما کر کام میں لایا جاتا ہے۔

(لگانا۔ رکھنا۔ دھرنا) دھار تیز کرنے کو سان استعمال کرنا۔

سان گر (مذکر) سان لگانے والا۔ دھار دار ہتھیاروں کی دھار سان پر گھس کر تیز کرنے والا کاری گر۔

سِلّی (مونث) دیکھو پتھری۔

کُند (مونث) ہتھیار کی بگڑی ہوئی دھار جو استعمال سے موٹی ہو گئی ہو اور اچھی کاٹ نہ کرتی ہو۔

ف۔ تلوار کی دھار کند ہو گئی ہے۔

کہاوت۔ کینہ یار کند ہتھیار ہمیشہ وقت پر دغا دے۔

سان

۱- بار

۲- پیٹا

۳- دُھری

۴- بدھی (مال)

۲۔ بعض مقامی بولیوں میں کُند کو کُھنڈ۔ مُنڈ اور کُھنڈا اور مُنڈا بھی کہتے ہیں۔ جیسے کُھنڈا چاقو۔ مُنڈ چھری۔

کُھنڈ }
کُھنڈا } (صفت) کُند کا ہندی تلفظ۔ دیکھو کُند فقرہ ۲

گِردا (مذکر) سان گروں کی اصطلاح مراد سان کا چاک۔

لاپ }
لانپ } (مونث) دیکھو باڑ فقرہ ۲

لاگ (مونث) کچی اینٹ یا اسی قسم کی کوئی دوسری چیز جو کام کے وقت سان کی باڑ کے ساتھ لگی رکھی جائے تاکہ باڑ چکنانے نہ پائے۔

لنگر (مذکر) دیکھو مال۔

مال (مونث) بدھی۔ لنگر۔ سان کے چاک کو گھمانے کا پٹا۔ جو اس کی دُھری میں پڑا رہتا ہے جس کو کھینچنے یا گھمانے سے چاک گھومتا ہے۔ دیکھو سان۔

مُنڈ (صفت) دیکھو کُند فقرہ ۲

۴۔ پیشۂ صَیقل گری (جِلاکاری)

(صیقل گری اور جِلاکاری کی مشترک اصطلاحات کے لیے ملاحظہ ہو جلد سوم پیشۂ جلاکاری ص۴۹۔ اور جلد چہارم پیشہ آئینہ سازی)

آب (مونث) لوہے اور دیگر دھات کی چیزوں کی سطح کی مصنوعی جِلا (چمک یا صفائی) جو مختلف طریقوں سے پیدا کی جائے۔ (آنا۔ چڑھنا۔ دینا۔ اترنا۔ بگڑ جانا)

کہاوت:۔ آبرو موتی کی آب ہے ایک دفعہ اُتر کر پھر نہیں چڑھتی۔

آب داری (مونث) صیقل گروں کی اصطلاح مُراد جِلا۔ چمک۔ صفائی۔

اَوپ (مونث) آب کا غلط تلفظ دہاتی کاری گروں کی اصطلاح دیکھو آب

بادل (مذکر) دیکھو چھائیں۔

جِلا (مونث) دیکھو آب اور صیقل۔

چھائیں (مونث) بادل صیقل گروں کی اصطلاح مُراد جِلا کی چمک میں کہیں کہیں دُھندلا پن جو بطور پرچھائیں معلوم ہو ایسی کیفیت کو جلا کا عیب سمجھا جاتا ہے (پڑنا)

زنگ (مذکر) ہوا، پانی یا مٹی کے اثر سے لوہے کے اجزا کی مُردہ اور فرسودہ ہو جانے کی کیفیت جو پھپھوند کی شکل بن کر رفتہ رفتہ بڑھتی اور اچھے اجزا کو خراب کرتی رہتی ہے جس کو اصطلاحاً زنگ کھا جانا (لگنا) کہتے ہیں

سُدائی (مونث) جلا کے لیے کسی چیز کو صاف کرنے کا عمل۔

صیقل (مونث) جِلاکاری، لوہے اور دیگر دھات کی چیزوں کو صاف کرنے اور چمکانے کا عمل۔ (کرنا)

فُسان (مونث) جلا کرنے کی ایک خاص قسم کی سان۔

گرم آب (مونث) لوہے کی چیزوں کو آگ میں تپا کر اور پھر پانی پلا کر پیدا کی ہوئی جلا اس طریقے سے جو جلا مکمل نہ ہو یعنی ادھوری رہ جائے اس کو اصطلاحاً نرم آب کہتے ہیں۔

لگ (مذکر) زنگ کی پپڑی جو لوہے یا کسی دوسری دھات کی چیز پر بن جائے (لگنا۔ چڑھنا)

۲۔ لوہے کی چیز پر چڑھانے کا ایک خاص قسم کا رنگ یا مسالا جو چمک پیدا کرے۔

مورچہ (مذکر) لوہے کی چیزوں کی سطح پر زنگ کا نشان جس سے سطح کھُردری معلوم ہو۔ زنگ خوردہ نشان (لگنا)

نرم آب (مونث) دیکھو گرم آب۔

دوسری فصل

سپاہ گری

۱۔ پیشہ پہلوانی یعنی ورزشِ جسمانی اور لڑنت کے کرتب سِکھانے کا فن

اُجَٹ (مذکر) ناتربیت یافتہ پہلوان۔

اچل (مذکر) دست بدست لڑائی یا کُشتی کا وہ آخری داؤ جس کا کوئی توڑ نہ ہو اور حریف مغلوب ہو جائے۔ دیکھو داؤ۔

اَڑنگا (مذکر) لڑنت کے وقت پہلوان کا اپنے حریف کو گرانے کے لیے اس کی ٹانگوں میں ٹانگ ڈال دینے یا ٹانگ کی آڑ لگا کر دھکا دینے کا داؤ۔ (دینا، ڈالنا، لگانا، مارنا) بعض مقامی بولیوں میں اڑنگے کو بینا کہتے ہیں۔

اَکھاڑا (مذکر) کُشتی کی مشق یا حریف سے مقابلے کے لیے بنایا ہوا مقام — ورزش کی ضرورت کے لیے یہ مقام چار مربع گز ہوتا ہے جس کی زمین کو بالو اور چکنی مٹی ملا کر نرم کر لیا جاتا ہے۔

اُکھڑ (مذکر) بدشعور اور تُندخو پہلوان۔

اُکھیڑ (مونث) پہلوانوں کی اصطلاح نچلا دھڑ یعنی پیروں کی طرف کا ٹانگوں کا حصہ۔ (بیٹھنا) حریف کو گرانے کے لیے اُس کی ٹانگوں میں گھس جانا۔

اینٹھ (مذکر) بے کار۔ نکما۔ ف۔ چوٹ لگنے سے ہاتھ اینٹھ ہو گیا۔

اینٹھنا (مصدر) پہلوانوں کی اصطلاح مُراد اکھاڑے میں پڑے لوٹیں لگانا۔

بغلی (مونث) پہلوانوں کی اصطلاح مُراد پہلو کا رُخ جس پر داؤ کیا جائے۔ (بیٹھنا) حریف کا سامنا بچا کر پہلو پر گرفت کرنا اس طرح کہ اس کے دونوں ہاتھ قبضے میں آ جائیں اور وہ ٹانگوں پر زور قائم نہ رکھ سکے۔ (ہاتھ) مگدر کی ورزش کا ایک طریقہ جس میں مگدر کو شانے کے اوپر سے پہلو کی طرف لٹکا کر سیدھا کر لیا جاتا ہے (نکالنا)

بگاڑ (مذکر) حریف کے داؤ میں نقص پیدا کرنے کی ترکیب کو جس سے اُس کی گرفت اچھی رہ جائے۔ لڑنت کی اصطلاح میں بگاڑ کہا جاتا ہے (کرنا)

بل (مذکر) طاقت۔ قوتِ جسمانی (کرنا) بل کی لانا مُراد طاقت کا گھمنڈ کرنا۔

بلتھم (مذکر) کُشتی کے ایک داؤ کا نام مُراد ہاتھ کا اڑنگا جس میں حریف کے دائیں ہاتھ کی کلائی کو پھُرتی سے پکڑ کر اور کہنی کے اندر ہاتھ کا اڑنگا دے کر مروڑ دیا جاتا ہے جس سے حریف کے شانے کا جوڑ نکل جاتا ہے۔ (کرنا۔ ڈالنا)

بل ڈنٹر (مذکر) ڈنٹر پیلنے کی چوبی بنائی ہوئی نال یا نالی۔ دیکھو ڈنٹر۔ اس نال کے پیروں کو پاکھے اور گرفت کی جگہ میدان کہلاتی ہے۔

بل ڈنٹر

۱۔ ہتے (رتھے)

۲۔ میدان

۳۔ نالی

بلوان (مذکر) طاقت ور۔ نوجوان۔ پہلوان۔

بند (مذکر) عربی لفظ جمع بنود بمعنی حیلہ۔ داؤ۔ پینچ۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں پہلے داؤ کا توڑ ہو جانے پر دوسرا نیا داؤ جس سے حریف پر قابو قائم رہے۔ (ڈالنا) پکڑ۔ گرفت۔

بند کشتی (مونث) ایسی لڑنت جس میں دونوں پہلوان گتھ جائیں اور داؤ کرنے کا موقع نکالنے کے لیے ایک دوسرے کو رگیدتے رہیں۔

بیٹھک (مونث) ٹانگوں کی ورزش جو ایک خاص طریقے سے متواتر اٹھ بیٹھ کر کے کی جاتی اور دوڑ کے مقابل سمجھی جاتی ہے۔ (لگانا)

پاٹھا (مذکر) مضبوط اور طاقت ور جوان تنومند۔

پابند (مذکر) دیکھو کیلی پابند۔

پٹ (مونث) پہلوانوں کی اصطلاح مراد کشتی میں اوندھے پڑ جانے کی حالت۔ (کرنا۔ ہونا)

پٹ خنا (مذکر) ٹھوکر کھا کر گر پڑنے کی کیفیت جو اصطلاحاً پٹ خنا کھانا کہلاتی ہے۔ (دینا) اٹھا کر دے مارنا۔ اچکا کر زمین پر پٹک دینا۔

پٹھا (مذکر) پاٹھا کا دوسرا تلفظ۔ دیکھو پاٹھا۔

۲۔ پہلوان کا شاگرد۔

ف۔ پہلوان اپنے پٹھوں کے ساتھ دنگل میں پہنچ گئے۔

پٹھو (مذکر) پٹھے کا اصطلاحی تلفظ دیکھو پٹھا۔

پچھاڑنا (مصدر) چت کر دینا۔ گرا دینا۔ ہرا دینا۔

پربند (مذکر) لڑنت میں حریف کے داؤ کا توڑ کرنے کے بجائے جواب میں نیا داؤ کرنے کو اصطلاحاً پربند کہا جاتا ہے۔

دیکھو بند۔

پکڑ (مونث) پہلوانوں کی اصطلاح مراد کشتی جو حریف کے ساتھ ہو یا شق کے لیے۔ (ہونا۔ لڑنا۔ بھڑنا)

ف۔ باتوں باتوں میں دونوں کی پکڑ ہو گئی۔ ایک نے دوسرے پر وار شروع کر دیا۔

پنجہ کرنا }
پنجہ لڑانا } (مصدر) حریف کے ہاتھ کی انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر زور کرنا۔ اس صورت میں فریقین میں سے جس کی کلائی موڑ دی جائے وہ مغلوب سمجھا یا ہارا مانا جاتا ہے۔

پہلوان (مذکر) بلوان۔ سپاہیانہ کرتب جاننے اور حریف کا مقابلہ کرنے والا جنگجو بہادر۔ مردِ مقابل۔ ورزشِ جسمانی اور لڑنت کا شوقین۔

پینچ (مذکر) دیکھو داؤ اور بند۔

پھسکڑا مارنا (مصدر) پہلوانوں کی اصطلاح مراد کشتی کی شق کرنے والے کا اکھاڑے کے کنارے دونوں زانوں دائیں بائیں پھیلائے ہوئے (التی پالتی مار کر) جم کر بیٹھ جانا۔

تاؤ دینا }
تاوا دینا } (مصدر) کشتی میں حریف کے ہاتھ یا ٹانگ کو بے کار کرنے کے لیے قوت سے مروڑ دینا۔

تڑی دینا (مصدر) بڑھاوا دینا۔ اکسانا۔ جرأت دلانا۔ جوش دلانا۔ ورغلانا۔

ف۔ پہلوان نے تڑی میں آ کر کشتی بدلی مگر مقابلہ نہ کر سکا۔

تکڑا (مذکر) مضبوط، توانا۔ موٹا تازہ طاقت ور۔ دھینگ۔ ہم پلا مدِ مقابل۔ متھاڑا۔

ف۔ پہلوان دیکھنے میں تو بہت تکڑا معلوم ہوتا تھا لیکن کشتی میں بہت بودا نکلا۔

(تک) ترازو کی بھاری، وزنی

اور بڑی ڈنڈی کو کہتے ہیں)۔

توڑ (مذکر) پہلوانوں کی اصطلاح، مُراد حریف کے داؤں کا جواب دوسرے داؤں سے یا خالی دے کر (کرنا)۔

تھپیڑ (مذکر) لپیٹر۔ حریف کے مُنھ پر کھلے ہاتھ (پنجہ) کی ضرب (مارنا۔ لگانا)

ٹنٹا (مذکر) جھگڑا، فساد، زبانی توتو میں میں (کرنا)

ٹھاڑا / ٹھاڈا (مذکر) دیکھو ٹکڑا۔

جانگیا (مونث) اکھاڑے میں اُترنے یا ورزش کرنے کے وقت ستر چھپانے کا پہلوانی جامہ۔ دیکھو جلد دوم۔

جوڑ (مذکر) حریف کے داؤں سے فائدہ اٹھانے کی ترکیب یعنی اس کو اسی کے داؤں میں پھانس لینے کا گُر یا پیچ (کرنا)

ف۔ کُشتی میں حریف نے بڑے جوڑ توڑ کیے لیکن کچھ بس نہ چلا۔

۲۔ مدمقابل۔ ہم سر۔ برابری کا۔

ف۔ داؤ حریف کی جوڑ کا نہیں تھا اس لیے ہار گیا۔

جوڑی (مونث) پہلوانوں کی اصطلاح مراد مُگدر۔ دیکھو مُگدر چوں کہ ہاتھوں کی ایک ساتھ ورزش کرنے کے لیے دو عدد مگدر ہونا ضروری ہیں اس لیے اصطلاحاً جوڑی کہلانے لگے۔

ف۔ بعض پہلوان ایک سانس میں پانسو ہاتھ جوڑی کے نکال لیتے ہیں۔

۲۔ کُشتی کی مشق کرنے والے دو حلیف پہلوان۔

جوڑی کے ہاتھ (مذکر) مگدروں کی ورزش۔ (نکالنا، مگدر ہلانا)۔

چاروں خانے چت (مذکر) چاروں ہاتھ پیر سے بالکل سیدھا پڑا ہوا ہونے کی حالت کسی کے از خود گرنے سے ہو یا حریف کے گرا دینے سے۔

کُشتی میں حریف کو جب تک بالکل چت نہ کیا جائے ہار نہیں مانی جاتی۔ چاروں خانے چت ہو جانا بے لاگ ہار کہی جاتی ہے۔ (ہونا۔ کرنا)

چانٹا (مذکر) حریف کی چاند یعنی کھوپری کے اوپر ہاتھ کے پنجے کی پوری ضرب۔ (لگانا۔ کھانا۔ مارنا) (دینا) ہاتھ کے پنجے سے سر پر مارنا۔

چپت (مونث) چانٹے کا اسم مُصغّر دیکھو چانٹا۔

چپراس (مونث) کُشتی میں حریف کی پنڈلی پر پنڈلی کی ضرب جس کے دھکے سے وہ گر پڑے یا لڑکھڑا جائے۔ (مارنا)

چت کرنا (مصدر) دیکھو پچھاڑنا۔ کُشتی میں حریف کو سیدھا گرا دینا جس سے اس کی ہار مان لی جا...

(گرنا پڑنا۔ ہونا)

چرخی / چرخ (مونث) کُشتی میں حریف ... ہاتھ کو ہاتھ سے پلٹا دینے ... چکرا دینے کا داؤں جس سے ... گھوم جائے۔ (کرنا)

بعض اُستاد اس داؤں کو چک... کہتے ہیں۔

چکر ڈنڈ (مذکر) ایک ہاتھ پر گھو... ہوئے ڈنڈ پیلنے کی ورزش... دیکھو ڈنڈ (نکالنا)

چکر (مذکر) دیکھو چرخی (چرخ)

چلت (مونث) حریف سے ہاتھ ملانے کا موقع اور داؤں کرنے کی تاک میں رُخ بدل بدل کر اُتار چڑھاؤ کی بھرت (کرنا) مقابلے کے وقت حریف کے سامنے دائیں بائیں جلد... جلدی پیترے بدلنا۔

چنگل (مذکر) کسی چیز کی گرفت ... لیے ہاتھ کا پھیلا ہوا پنجہ۔ ہاتھ...

اونڈھا اٹھالیا اور سر سے اونچا کرکے پٹک دیا جاتا ہو۔ یا ہاتھ پکڑ کر اور اس کے سینے سے پیٹھ ملا کے اوپر سے زمین پر اُلٹ دیتے ہیں۔

ڈھول (مذکر) دیکھو ڈھپ۔

ڈھینگ (مذکر) مُسٹنڈا۔ تگڑا۔ (تلنگی میں نوجوان طاقت ور کو کہتے ہیں۔ اُردو میں ڈھینگا مُشتی یعنی ہاتھا پائی بولا جاتا ہو۔ اصل لفظ ڈھینگامستی ہو)

ڈھینگا مُشتی (مونث) دیکھو ڈھینگ

ڈنڑ / ڈنڈ (مذکر) ہاتھ کی کہنی اور شانے کا درمیانی حصّہ پہلوانوں کی اصطلاح میں اس حصّے کی ورزش کو کہتے ہیں جس سے ہاتھوں کا حصّہ مضبوط اور سینہ چوڑا ہوتا ہو۔ دیکھو ڈنڑ ریلنا۔ نکالنا۔ کرنا (اس ورزش میں زمین سے ذرا اونچی کسی چیز پر قریب ڈیڑھ فٹ فاصلے سے ہاتھ ٹیک کر چاروں ہاتھ پیروں پر پھیل کر کھڑے ہوتے اور آہستہ آہستہ جُھک کر زمین پر آتے اور پھر اصلی حالت پر ہو جاتے ہیں۔ یہ عمل مقررہ وقت تک متواتر کرتے ہیں۔

ڈیل (مذکر) جسم بدن۔ ڈیل کے ساتھ لفظ ڈول ملا کر عام طور سے ڈیل ڈول بولتے ہیں جس سے مُراد قد اور موٹاپا لیا جاتا ہو۔ ف۔ بیماری نے سارا ڈیل گُھلا دیا سب ہڈیاں نظر آنے لگیں۔

رگیدنا (مصدر) کُشتی میں حریف کو دبوچ کر اُس کے جسم کو تھکیانا اور رگھیتے دینا جس سے اُس کا دَم (سانس) ٹوٹے اور کم زور ہو۔

روک (مونث) حریف کے حربے کو ٹلنے یا اُلٹ دینے کا پیچ (کرنا)

رولا / رولا مچانا (مذکر مصدر) کُشتی کے وقت حریف کے خیال کو منتشر اور نگاہ کو پلٹنے کے لیے شور و غُل کرنا۔

رومالی (مونث) ورزش اور لڑنت کے وقت پہلوانوں کے ستر چھپانے کا چھوٹا کپڑا جو جانگ سے باندھ لیا جاتا ہو۔ دیکھو جلد دوم ص ۱۳۸ (باندھنا کسنا) (میں ہاتھ ڈالنا) پہلوانوں کی اصطلاح مُراد حریف کو کمر کے پاس سے پکڑنا جس سے اُس کی رومالی میں ہاتھ پڑ جائے۔ (کے ہاتھ) مگدروں کی ایک خاص طریقے کی ورزش کا اصطلاحی نام جس میں مگدروں کو سر کے گرد گھمانے کے بعد سیدھا کرکے ہاتھ ناف تک، جو رومالی باندھنے کی حد ہوتی ہو، اُتار لاتے ہیں (نکالنا) مگدر کی اس طرح کی کثرت کو لنگر کے ہاتھ بھی کہتے ہیں۔

ریپٹا (مذکر) ڈھیلے ہاتھ کا تھپڑ جو ہاتھ لمبا کرکے حریف کے چہرے پر مارا جائے۔ (دینا۔ لگانا۔ مارنا)

ریلا (مذکر) دھکیلا۔ بہاؤ۔ بہاؤ کی طرف پانی کا زور۔

ریلنا (مصدر) کُشتی میں حریف کو گھیرا دے کر دباتے ہوئے پیچھے ہٹانا یعنی حریف کے میدان کو اس طرح گھیرنا کہ وہ وار کی زد میں آنے سے بچنے کے لیے ہاتھ ہلاتا ہوا موقع کی تلاش میں آہستہ آہستہ پیچھے ہٹے۔

زمین پکڑنا (مصدر) دشمن کے وار یا داؤ سے بچنے کے لیے کسی چیز کی آڑ یا سہارا لے کر جم جانا اور اس پر حملہ کرنے کے لیے موقع کی تاک میں رہنا ـــ لڑنت کی اصطلاح میں پہلوان کا کُشتی میں گر جانے کے بعد ہاتھ پیر سمیٹ کر زمین پر اس طرح اونڈھا پڑ جانا مُراد لیا جاتا ہو

کہ اس پر کوئی داؤ نہ ہو سکے اور دُوسرا زور لگا کر تھکتا ہے۔

سنتولا (مذکر) مل۔ سنگ تولا کا اصطلاحی تلفظ۔ چکی کے پاٹ کی شکل کا پتھر، پچیس، تیس سیر یا حسب ضرورت وزنی پاٹ یا چکلا جو کلائی اور ہاتھ کی قوت کے معیار کی آزمائش کے لیے پہلوان سے اٹھوایا جاتا ہے۔ اگر وہ ایک ہاتھ سے اس کو سیدھا اوپر اٹھا لے تو اس کی طاقت معیاری سمجھی جاتی ہے۔ بعض پہلوان سنگ تولے کو نال کہتے ہیں۔ دیکھو نال۔

سنتولا

سنڈا (مذکر) سانڈ کا اصطلاحی تلفظ مُراد طاقت ور، نوجوان، لڑاکو۔ اُردو میں اس لفظ کا استعمال بتنزل سمجھا جاتا ہے۔

سیلے کے ہاتھ (مذکر) دیکھو سلاحی ہاتھ۔

سیٖن / سیٖنا (مذکر) پھکیتوں کی اصطلاح مُراد اڑنگا۔ دیکھو اڑنگا۔

شورہ پشت (مذکر) مخالف، لڑاکو۔ جھگڑالو۔

شیر ڈنٹر (مذکر) معمول سے زائد ہاتھ چوڑے رکھ کر ڈنٹر پیلنے کے ایک طریقے کا نام۔ دیکھو ڈنٹر۔

صُراحی کش (مذکر) لڑنت میں حریف کی گردن کو ٹانگوں کے اندر لے کر دبانے اور بل دے کر کھینچنے کا داؤ۔ (کرنا)

فتح پیچ (مذکر) حریف کی کمر سے لپٹ کر اس کے ہاتھوں کو قینچی کی صورت پکڑ لینے اور گرا کر وار کرنے کا داؤ۔

کاٹھا (مذکر) حریف کو گرا کر اس کے ہاتھ کو زانوں کے اندر دبا بیٹھنے اور پھر پلٹا کھا کر اس کو چت کرنے کا داؤ۔ (کرنا)

کاٹھی (مونث) دیکھو ہاٹ۔

کٹیلا (مذکر) مضبوط پٹھوں اور گٹھے ہوئے بدن کا پہلوان۔

کثرت (مونث) ورزش۔ ریاضت بدنی۔ بدن اور اُس کے حصّوں کو زیادہ مضبوط اور توانا بنانے اور ان کی صحت کو قائم رکھنے کے لیے باقاعدہ اور مُرتب مختلف عملی طریقے۔ (کرنا)

کرتب (مذکر) ورزش جسمانی کے مختلف عملی طریقے۔ (کرنا)
ف۔ اکھاڑے کے ایک پہلوان نے مگدر کے ایسے ایسے کرتب دکھائے کہ دیکھنے والے دنگ رہ گئے۔

کرنانک کی کیلی (مونث) دیکھو کیلی پابند۔

گرژدُم انداز / کژدُم انداز (مذکر) زمین پر اوندھے لیٹ کر اعضا سے بچھو کی شکل بنانے کی کثرت اس طرح کہ صرف پیٹ کا حصّہ زمین پر ٹکا رہے اور باقی جسم کو اُدھر کر کے بچھو کی شکل بنا دے اور بار بار اس عمل کو کرتا رہے تاکہ ٹانگوں اور اوپر کے جسم کے پٹھوں پر زور پڑے۔ (کرنا)

کُشتی (مونث) لڑنت۔ دو حریفوں کا دست بدست مقابلہ جو بغیر کسی ہتھیار کے ہاتھ پیروں کے داؤ سے ایک دوسرے کو مغلوب کرنے کے لیے ہو۔ (کرنا۔ لڑنا)

کلائی چڑھانا (مصدر) پنجہ کرنے کا ایک دوسرا طریقہ جس میں پنجہ ملانے (انگلیوں میں انگلیاں ڈالنے) کے بجائے ایک حریف دوسرے کی کلائی مضبوط پکڑ لیتا ہے جس کا رد (توڑ) حریف مقابل کا اپنے پنجے اور کلائی کی قوت سے کر لینا اصطلاحاً

کلائی پر چڑھانا کہلاتا ہے۔
دیکھو پنجہ کرنا۔

کنی مارنا (مصدر) حریف کے پہلو کے قریب ہو کر پسلیوں پر کہنی سے ضرب لگانا۔

(دبانا) حریف کے پہلو کی طرف اس طرح دباؤ ڈالنا کہ وہ آگے بڑھنے سے رُک جائے۔

(کھانا۔ کنیانا)۔ مقابلے میں آنے سے بچنا۔ پہلو تہی کرنا۔ کترا کر نکلنا۔

کولی (مونث) ناف سے اوپر کا حصۂ بدن۔ پسلیوں کے نیچے ناف تک بدن کا حصہ۔

(بھرنا۔ پکڑنا) حریف کی کولی کو ہاتھ کے البیٹ سے پکڑ لینا اور پھر دو انگلیاں کرنا یا اُچھال کر گرا دینا۔

کیلی پابند (مونث) حریف کے بدن میں ہاتھ یا ٹانگ کا اڑنگا ڈالنے کا داؤ اس طرح کہ وہ گھری کی شکل بن جائے۔ چوں کہ یہ داؤ دکھنی پہلوان کرتے ہیں اس لیے اکھاڑوں میں کرناٹک کی کیلی کے نام سے معروف ہو گیا ہے۔

۲۔ شمالی ہند کے پہلوان اس داؤ کو پابند۔ گھری یا کیلی پابند کہتے ہیں۔

گھری (مونث) دیکھو کیلی پابند فقرہ ۲۔

گرداباد کرنا (مصدر) بار بار پٹخنے دے کر مٹی میں لُٹا دینا۔ خاک آلود کر دینا۔

گردنا (مذکر) حریف کی گُدّی پر کلائی کی ضرب (دینا۔ لگانا۔ مارنا)

ف:۔ پہلوان نے حریف کو گرا کر اتنے گردنے مارے کہ اس کا سارا منھ سوج گیا۔

گُل جندر (مذکر) حریف کی دائیں ٹانگ میں ہاتھ ڈال کر اُٹھا لینے اور اس کی گردن تک ہاتھ کو

پہنچا کر گرفت کر لینے کا داؤ جس سے وہ بے قابو ہو کر گر پڑے۔

گھونسا (مذکر) دیکھو مُکّا۔

لپاڈگی (مونث) حریف پر ایک ہاتھ سے تھپڑ اور دوسرے سے گھونسے کی مار۔ (کرنا۔ ہونا)

لپڑ (مذکر) دیکھو تھپڑ۔ لفظ لپ کا اسم مکبر۔ یعنی کھلی ہتیلی جس کی انگلیاں ملی ہوئی اوپر کو اٹھی یا سامنے کو پھیلی رہیں اور اس صورت میں دونوں ہاتھ ملا لیے جائیں۔

پہلوانوں کی اصطلاح میں ڈھیلے ہاتھ کے زور سے تھپڑ مارنے کو کہتے ہیں۔

لڑنت (مونث) دیکھو کشتی۔

لنگ بند بھائی (مذکر) پہلوانی بھائی چارہ۔ کسی اکھاڑے کا شریک

لنگر (مذکر) لنگوٹی کا اسم مکبر۔ کشتی کے وقت کا پہلوانوں کا ستر پوش کپڑا جس سے صرف ستر ڈھکا

رہتا ہے۔ دیکھو جلد دوم ص ۱۳۰
(باندھنا۔ کسنا)

لنگر کے ہاتھ (مذکر) مگدروں کی ورزش کرنے کا ایک طریقہ تفصیل کے لیے دیکھو رومالی کے ہاتھ تحت لفظ رومالی۔

لنگوٹ (مذکر) دیکھو رومالی اور لنگر اور تفصیل کے لیے جلد دوم صفحہ ۱۲۸۔

ف:۔ اکھاڑے کے دو تین شاگرد لنگر لنگوٹ کس کر باہر نکل آئے۔

مُٹ بھیڑ (مونث) دنگل میں پہلوانوں کا آمنے سامنے کھڑا ہونا۔ مقابلے کے لیے رو در رو آ جانا۔

مری بولنا (مصدر) دیکھو چیں بولنا

مُسٹنڈا (مذکر) دیکھو تگڑا اور دھینگ۔
مُسنڈا } جوانی میں بھرا ہوا نوجوان مرد

جلد سازی کی اصطلاح میں لفظ شا یعنی ورق تراشنے کا بڑا چھرا۔

مُٹھ بند (مذکر) حریف کا ہاتھ پکڑ کر بے قابو کر دینے کا داؤ (کرنا)

مُکا (مذکر) گھونسا۔ ٹُک۔ تمنگی
میں مُکا گونگے کو کہتے ہیں اور
پہلوانی اصطلاح میں حریف
کو ہاتھ سے مارنے کے لیے
انگلیاں بند ہاتھ کی شکل کو
کہتے ہیں (مارنا)

مُکاباز / مُکے باز (مذکر) مُکوں کی لڑائی لڑنے
والا پہلوان۔ یعنی مُکوں
سے حریف کا مقابلہ کرنے والا۔

مُگدر / مُگدر (مذکر) جوڑی۔ سینے اور بازوؤں
کی ورزش کرنے کے گاجر کی
شکل (مخروطی) کے چوبی ڈنڈے
جو پورے قد کے آدمی کے لیے
۲۹ انچ لمبے اور عام طور سے
سات سیر سے دس سیر تک وزنی
ہوتے ہیں۔ جن کو اصطلاحاً
جوڑی کہا جاتا ہے۔ ان کا نچلا
سرا ٹاپ (ٹھیپی) اور اوپر کا موٹھ

کہلاتا ہے۔ ٹاپ کا قطر قریب
سات یا آٹھ انچ کا ہوتا ہے۔
(ہلانا۔ پھرانا)۔ دیکھو جوڑی

مُل (مونث) دیکھو سنتولا۔

ملاحی ہاتھ (مذکر) سیلے کے ہاتھ۔ مگدروں
کی ایک خاص طریقے کی ورزش
کا اصطلاحی نام جس میں ورزش
کرنے والا مگدروں کو اپنے سامنے
اور پیچھے پورے ہاتھ کھول کر
اس طرح گھماتا ہے جیسے کوئی
ملاح اکیلا دائیں بائیں باری
باری چپو چلائے اور یہی اس
کی وجہ تسمیہ ہے۔ اسی طرح سیل
بھی ڈورے یا اسی قسم کی کسی
چیز کے لمبے پھیلاؤ یا تان کو کہتے
ہیں۔ چوں کہ مگدروں کی اس
طریقے کی ورزش میں ہاتھ تان
کر پھیلائے جاتے ہیں اس لیے
اس طریقے کا نام سیلے کے ہاتھ
ہوگیا۔ اس طریقے میں پہلے
طریقے کی نسبت ہاتھ کم کھولے
جاتے ہیں۔

مورچال (مونث) ورزش کا ایک طریقہ
جس میں پہلوان ہاتھوں کے پنجوں
پر اُلٹا کھڑا ہوتا اور کبھی ٹانگوں
کو گھٹنوں کے پاس سے سر کی
جانب جُھکا کر مور کی دُم کی نقل
کرتا اور آہستہ آہستہ آگے پیچھے
حرکت کرتا ہے۔ یہی اس کثرت کی
وجہ تسمیہ ہے۔ اس عمل سے دل
قوی اور دماغ کی طرف دورانِ
خون زیادہ ہوتا ہے۔ (چلنا)
مورچال انداز بھی کہتے ہیں۔

مہابلی (مذکر) شہ زور پہلوان۔ بڑا
طاقت ور انسان۔

میٹ (مونث) حریف کے داؤں کا
رد اس طرح کہ داؤں کی اصلیت
ہی باقی نہ رہے اور وہ کوئی
دوسرا داؤں کرنے پر مجبور ہو۔
داؤں کے توڑ اور میٹ کے فرق
کے لیے دیکھو توڑ۔

ناگ ڈنڈ (مذکر) ڈنڈ پیلنے کے ایک

طریقے کا اصطلاحی نام جس میں نیچے سے اُبھرتے وقت سر تان کر سینہ سپر ہوتے اور پھر سینے کو اُبھارتے ہوئے اُلٹے جاتے ہیں جس طرح ناگ پھن ڈال کر پیچھے کو ہٹتا ہے۔ اس طریقے سے شانے مضبوط ہوتے ہیں۔

نال (مونث) لفظ نعل کا اصطلاحی تلفظ تصویر اور تفصیل کے لیے دیکھو سنتولا رنگ تولا چوں کہ اس وزنی پتھر کی شکل گھوڑے کے نعل سے ملتی جلتی ہوتی ہے جس کے بیچ میں گرفت کی جگہ بنی ہوتی ہے۔ یہی صورت اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

نالی (مونث) دیکھو بل ڈنٹر۔

نالی کے ڈنٹر (مذکر) ڈنٹر کی معمولی ورزش جو بل ڈنٹر پر کی جاتی ہے۔ دیکھو ڈنٹر اور بل ڈنٹر۔

نہتہ (مذکر) وہ شخص یا پہلوان جس کے پاس کوئی ہتھیار نہ ہو۔

نیچے ڈالنا (مصدر) حریف کو اوندھا گرا کر اس کے اوپر چڑھ بیٹھنا یا اوندھے پڑ جانے والے حریف پر دباؤ ڈالے بیٹھے رہنا۔

ہاتھ پھیلانا (مصدر) حریف کے سامنے آ کر کشتی کے لیے ہاتھ بڑھانا اور کبھی کبھی ایک دوسرے کے ہاتھوں کو چھو کر مقابلے کے لیے آمادگی کا اظہار کرنا۔ مقابلہ شروع کر دینا۔

ہاتھ ہونا (مصدر) کشتی ہو جانا۔ مقابلہ ہو جانا۔ مٹ بھیڑ ہو جانا۔

ف:۔ سب دیکھنے والوں کے سامنے دو دو ہاتھ ہو جائیں تو اچھا ہے۔

(دکھانا) ورزشی کرتبوں کا مظاہرہ کرنا۔ تلوار کے ہاتھ چلانا۔

(ڈالنا) حملہ کر دینا۔ وار کرنا۔ ضرب لگانا۔

(چلانا) مارنا، مارنا، حملہ کرنا۔

ف:۔ کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان۔

ہاڑ (مذکر) جسم کا ڈھانچہ۔ قد و قامت کاٹھی۔

ہتکوڑا / ہتھکوڑا (مذکر) کشتی میں بائیں ہاتھ سے حریف کی کلائی پکڑ کر دایاں ہاتھ اس کی کہنی کے اندر پھرتی سے ڈال کر گردن میں اس کا اس طرح اڑنگا لگانا کہ حریف کے شانے کا جوڑ اُکھڑ جائے یا وہ بے قابو ہو کر گر پڑے۔ (ڈالنا۔ کرنا)

ہتے / ہتھے (مذکر) دیکھو بل ڈنٹر۔

۲۔ (جڑنا) کشتی میں حریف کے پیچھے لپٹ کر اور اس کی بغلوں میں سے ہاتھ نکال کر گدی کے اوپر جڑ لینا جس سے اس کے دونوں ہاتھ بے کار ہو جائیں۔

ہٹا کٹا (مذکر) تندرست۔ موٹا تازہ۔ تن درست و توانا کسرتی بدن کا نوجوان۔

[illegible]ا (مذکر) فن بنکیتی کے ایک داؤ کا نام جس میں حریف کو گرا کر اس کی چھاتی پر گھٹنا رکھ دیا جاتا ہے اور اس طرح زور کیا جاتا ہے کہ وہ ہار مان جائے۔

ہفتے جڑنا (مصدر) ہتے جڑنے کا غلط تلفظ دیکھو ہتے جڑنا۔

ہنومان ڈنٹر (مذکر) ڈنٹر پیلنے کے ایک طریقے کا نام جو چارپائی کے چاروں پانو پر چاروں ہاتھ پیر پھیلا کر دائیں اور بائیں پہلوؤں پر باری باری زور دیتے ہوئے سانپ کے لہرانے کی وضع پر پیلے جاتے ہیں اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔ دیکھو ڈنٹر۔

۲۔ پیشہ فن پٹا، بانک، بنوٹ، اور سیف بازی

آڑ (مونث) آڑ کا حریف کی ضرب یا گرفت سے بچنے کے لیے پینترا بدل کر ہتھیار کو اس کے سامنے کر دینے کا عمل تاکہ اس کا وار خالی جائے یا رک جائے۔

آڑ توڑ (مونث) آڑ کے ساتھ جوابی حملہ کرنے کا طریقہ۔ دیکھو آڑ۔ جارحانہ و مدافعانہ عمل۔

جس کے لیے اس کو خزانے سے یومیہ یا ماہوار ایصال ہوتی ہے۔ ان کو ٹکی سپاہی بھی کہتے ہیں۔

بال سانگڑا / بال سنگڑا (مذکر) فن بانک کے ایک داؤ کا نام جس میں جھپٹ کر دشمن کی پُشت پر سوار ہو کر اس کے ہاتھ گانٹھ لیے جاتے ہیں۔

بان / بانا (مذکر) سنسکرت بمعنی تیر۔ اور فارسی میں ایک قسم کے گُرز کو کہتے ہیں جس کے ایک سرے پر تبر اور دوسرے پر پان کی وضع کا ہتھیار ہوتا ہے۔

بانا (مذکر) فن بنوٹ کی اصطلاح مُراد لوہے کی قریب پانچ فٹ لمبی سلاخ (چھڑ) جس کو دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر جسم کے اطراف چوگھما گھماتے ہیں تاکہ دشمن قریب آ کر وار نہ کرنے پائے اور موقع کے ساتھ اس سے دُشمن پر حملہ بھی کرتے رہتے ہیں (پھیرنا۔ ہلانا)

بانائت (مذکر) دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر لمبی تلوار چلانے والا سیف باز۔ دیکھو بانا۔

بانچھ / بانچھن (مونث) تلوار کی میان (نیلم) کے مُنھ کے جوڑ یا بغلی سرے جن میں قبضہ بھر پلو رجم جائے۔ دیکھو تلوار۔

بانڈی (مونث) بانڈے کا اسم مصغر لاٹھی ہاتھ میں رکھنے کی اوسط درجے کی موٹی قریب سوا گز لمبی لکڑی۔

بانک (مونث) ہلالی شکل کی چھوٹی چُھری۔ خنجر۔ ہندی میں بانک ٹیڑھے یا خمیدہ پن کو کہتے ہیں۔ اور شاید یہی قوس نما چُھری کی وجہ تسمیہ ہے۔

بانک بازی (مونث) بکیتی۔ فن بنوٹ میں تلواروں کے ٹوٹنے یا گر جانے کے بعد حریف پر چُھری سے حملہ کرنے کا فعل۔ دیکھو بانک۔

باہرہ (مذکر) سیف بازی کی اصطلاح مُراد حریف کے سیدھے ہاتھ کی طرف کے اعضا مثلاً کنپٹی شانہ، کوُلے اور پنڈلی پر سلسلے وار ضربیں جو ہاتھ پلٹا کر اور تلوار کو کھینچ کر لگائی جائیں۔ (مارنا)

بت (مونث) تلوار کے قبضے کے بیچ کا چوڑا حصّہ۔ ہندی میں مُٹھی کہلاتا ہے۔ اُردو میں مُتا دینا اور مُتا بتانا بطور محاورہ بولا جاتا ہے اور اکھاڑوں کی اصطلاح میں بتا تخنے کی پھانٹ کو کہتے ہیں۔ دیکھو جلد اوّل۔

بجر (مونث) دو تلواروں کا جوڑا یا جوڑوار تلوار جس کے بیچ میں قبضہ اور دونوں طرف پھل ہوتے ہیں ہندو اس کو اندر دیوتا سے منسوب کرتے ہیں۔ بعض مقامات پر سانپ کی زبان کی شکل کی دو مونہی تلوار کو کہتے ہیں۔ دیکھو تلوار۔

بجلی / بجلی چرخ (مونث) سیف بازی میں حریف کی تلوار کے ہاتھ پر پھرتی سے تلوار کا سِرا رکھ کر زور سے پلٹا دینے کا عمل جس سے اس کا ہاتھ چکر کھا جائے اور تلوار چھوٹ کر دُور جا پڑے (کرنا)

بچت کا پینترا (مذکر) سیف بازی میں حریف کے سامنے سینہ چھپائے ہوئے پہلوؤں کو باری باری مقابل میں لا کر آگے بڑھنے اور پیچھے ہٹنے کی چال جس میں سیدھے پیر کو اُلٹے پیر کے سامنے قینچی کی شکل بنائے ہوئے حسب ضرورت چڑھتے اُترتے ہیں جس کو اصطلاحاً چڑھاؤ اُتار کہتے ہیں۔ (چلنا) دیکھو پینترا۔

بچھوا (مذکر) بچھو کے ڈنک کی شکل کا چھوٹا سا خنجر۔

بخشی (مذکر) سپاہیوں کی تنخواہ

باٹنے والا عہدے دار۔ سپاہیوں
کا تنخواہ دار۔

برچھا (مذکر) بھالا۔ دو دھاری دار
سنٹا یا نیزہ یعنی جس کا پھل
دو دھارا ہو۔

برنیٹی / بنیٹی (مونث) بان (بانا) کا اسم مصغر
دیکھو بانا۔ بنوٹ کی اصطلاح
میں لٹو دار سیروں کے گز کو
کہتے ہیں جس کو بیچ میں سے
پکڑ کر جسم کے گرد پھرتی سے
گھمایا جاتا ہے تاکہ دشمن قریب نہ آسکے۔
کبھی ضرورتاً کے موقع پر
یا تماشے کے لیے ان لٹوؤں
کی جگہ کپڑے کے گولے تیل
میں تر کرکے باندھ دیتے ہیں
اور ان کو جلا کر جسم کے گرد
گھماتے ہیں جس سے جسم کے
گرد شعلے کا چکر بندھ جاتا ہے
اور دشمن پاس نہیں آتا۔
(پھرانا)

بسولا (مذکر) دو دھارا بھاری۔ سیدھا
اور چوڑی، دم کا چھرا جس کی
باڑیں کسی قدر کج دار ہوتی ہیں۔
اور گرز کی طرح چلایا جاتا ہے۔

بکتر (مونث) موٹی اور مضبوط قسم
کی نیم آستین زرہ جو دشمن سے
مقابلے کے وقت زرہ یا ریشم
کے لبادے کے اوپر پہن لی
جاتی ہے۔

بکرایت / بکیری (مذکر) بنکولی۔ شمشیر بند
پیادہ سپاہی۔
۱۔ فوجی جاسوس یا خبر رساں۔
۲۔ خزانے کا پہرے دار۔

بکنیت / بنکیت (مذکر) پھکیت۔ بنوٹی۔
تلوار اور چھری سے دشمن
کا مقابلہ کرنے والا ماہر فن۔

بکیتی (مونث) بانک بازی۔ تلوار
کے بعد چھریوں سے مقابلہ یعنی
جنگ کرنے کا فن۔
۲۔ چھری سے حریف کا مقابلہ
کرنے کا ماہر۔ دیکھو بانک۔

بکیری (مذکر) دیکھو بکرایت۔

بکھاتا (مذکر) لٹھ بند سپاہی

بند ظفر پیکر (مذکر) دیکھو ظفر پیکر
اور علی بند دیکھو فقرہ ۲

بنکولی (مذکر) دیکھو بکرایت۔

بنوٹ (مونث) دیکھو اکنگ۔
سیف بازی کی اصطلاح مراد
بغیر سپر کے صرف تلوار سے
مقابلہ کرنے کا طریقہ جس میں
حریف کے وار پینترہ بدل کر
یا داؤ سے رد کرتے ہیں اور
یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔
اس فن کے جاننے والے کہتے
ہیں کہ عربوں کے ہاں سپر نہیں
تھی۔ ایرانیوں اور ہندوستانیوں
کے ہاں اس کا رواج تھا۔
بنوٹ کو تلوار کی بجائے بانس
کے ڈانڈوں سے مشق کرائی جاتی
ہے۔ فن سیف بازی کے زوال
کے بعد سے ڈانڈوں کی کثرت
کو ہی اصطلاحاً بنوٹ کہا جانے
لگا ہے۔ اب وہ بھی برائے نام
رہ گئی ہے۔

بے پناہ قبضہ (مذکر) تلوار کا بغیر آڑ کا دستہ۔

بیل (مونث) سیف بازوں کی اصطلاح
مراد پوری گردن یعنی کھوپری
کے جوڑ سے شانے کی ہڈیوں تک
کل لمبان جس میں کئی جوڑ ہوتے
ہیں۔ (کاٹنا)

بیل بانک (مونث) چھریوں کے
مقابلے میں داؤ پیچ کا سلسلہ جو
حریف کی شکست پر ختم ہو یا دونوں
برابر رہیں۔

بھالا (مذکر) سنسکرت بھال بہ معنی
زخم مراد وہ ہتھیار جس کی نوک
کی ضرب سے جسم پر گہرا زخم
پڑ جائے۔ دیکھو برچھا۔

بُجھ (مذکر) ڈنڈ۔ شانے اور کوہنی کے
درمیان ہاتھ کا حصہ جس پر تلوار
کی ضرب لگائی جاتی ہے (مارنا)

بھرپور وار / بھرپور ہاتھ (مذکر) حریف پر کاری
ضرب جو اس کو بے کار
کر دے۔ (پڑنا۔ مارنا)

بھرچیہ (مذکر) سیف بازی کی اصطلاح
مُراد سینے کا درمیانی حصّہ۔
چھاتی کا پُورا دَور۔ (مارنا)

بھرکٹی (مونث) پیشانی کی کاٹ جو
تلوار سے کی جائے (مارنا)

بھری چوٹ (مونث) حریف کے
اعضا پر اندازے کے مطابق
پوری اور کاری ضرب۔
(لگانا۔ مارنا)

بھنڈارا (مذکر) لٹھ بازوں کی اصطلاح
مراد کھوپری یا سر کا حصّہ۔
(پھوڑنا۔ کھولنا)

پالت (مونث) پک پالت۔ پیر کے
گٹے کے اوپر کا حصّہ۔ پنڈلی۔
(لگانا۔ مارنا)

پاکھری (مونث) بکنیتی کی اصطلاح
مُراد حریف کے مقابل بیٹھنے
کا ٹھاٹ جس میں چھری کی
نوک زمین کی طرف کر کے
اور بائیں ہاتھ سے قبضے کو سہارا
دیے دشمن کے تیور پر نظر جمائے
رہتے ہیں (کرنا)

پُتلی (مونث) تلوار کے قبضے کا
درمیانی حصّہ جو کسی قدر اُبھرا ہوا
ہوتا ہے۔ دیکھو بت۔

پٹا (مونث) دیکھو بنیٹی (لاٹھی
کی سونٹا کی حرکت پر تلوار چلانے
کا ایک طریقہ اُستادوں نے
ایجاد کر کے اس کا نام پٹا بازی
رکھ لیا ہے اس کو بنیٹی بھی کہتے
ہیں) سیف بازی کے زوال
کے بعد لٹھ سے مشق کی جانے
لگی ہے۔

پٹا باز (مذکر) پٹا کے کرتب جاننے والا
دیکھو پٹا۔

پٹا (مذکر) دیکھو پرتلا۔

پٹکا (مذکر) جنیو، حمائل۔ سیف بازی
کی اصطلاح مُراد شانے سے ناف
تک تلوار کی ضرب، سے ترچھی
کاٹ۔ (لگانا۔ مارنا)

پرتلا (مذکر) پٹا۔ دیوال شمشیر، ڈاب
دیکھو تلوار۔ تلوار باندھنے یا
لٹکانے کا تسمہ۔

پک کڑک (مونث) پیر کا تختہ یا تختے
کے نیچے کا حصّہ جس پر ضرب
سے ٹانگ بے کار ہو جائے۔
(مارنا۔ لگانا) دیکھو کڑک

پک پالت (مونث) دیکھو پالت

پلٹا (مذکر) فن بانک کی اصطلاح
مُراد حریف کے وار کو خالی
دے کر اُسی قسم کا وار کرنا۔
۲۔ تلوار یا چھری کے وار کو
اُلٹ دینا (مارنا۔ کرنا)

پناہ (مونث) تلوار کے قبضے پر
انگلیوں کے بچاؤ کی آڑ دیکھو
تلوار۔

پولا (مذکر) دیکھو چلت۔

پیازی (مونث) چھوٹی سیدھی چھری۔

پیپلا (مذکر) ٹھلا۔ تلوار کی باڑ کی
طرف قبضے کی آڑ جس سے
ہاتھ کی گرفت کی حفاظت ہوتی
ہے۔ دیکھو تلوار۔

پینترا (مذکر) چلت، پولا، قدم بازی
حریف پر وار کرنے یا اُس کے
وار کو روکنے کے لیے خاص
چال سے جسم کو چراتے اور
بچاتے ہوئے آگے بڑھنا یا
پیچھے ہٹنا۔ (بدلنا۔ چلنا۔ دکھانا
لگانا) چالشکری۔

پیش قبض (مذکر) خنجر۔
۲۔ پہلوانی اصطلاح مراد کیلی
(ایک داؤں کا نام)

پیکان (مونث) دیکھو پھل۔

پیکان کش (مونث) ایک قسم کی
نشتر نما چھوٹی چھری۔

پھانسی (مونث) فن کشتی کے ایک
داؤں کا نام جس میں حریف
کی گردن کو ہاتھ (کہنی) کے خم
میں لے کر دبوچ دیا جاتا ہے۔
(لگانا۔ ڈالنا)

پھری (مونث) لفظ پھرے کا اسم
مصغر آرا کشوں کی اصطلاح
میں درخت کے تنے کے
شروع کے تختے کو کہتے ہیں۔

جس کا ایک رُخ گولائی دار (ڈھالواں) ہوتا ہے اور دوسرا ہموار۔ سیف بازوں کی اصطلاح میں پھری سے مُراد سپر یا ڈھال ہوتی ہے۔

پھل (مذکر) ڈال کاشت کاری اصطلاح میں پھار، ہل کی آہنی نوک کو کہتے ہیں اور سیف بازی میں پھل سے نیزے یا بھالے کی انی مراد ہوتی ہے۔ تلوار، چھری یا چاقو کے اوپری حصے کو بھی کہا جاتا ہے۔ پھار اور پھل ایک ہی لفظ کے دو مختلف تلفظ ہیں۔

پھندا (مذکر) دیکھو پھانسی۔

تاؤ (مذکر) تلوار یا چھری کی ضرب لگاتے وقت ہاتھ کا جھولا (دینا)

تبرزاغنول | **تبرزاغ نول** (مذکر) زنگالا۔ دو رُخے کلہاڑے کی وضع کا جنگی ہتھیار جس کا ایک رُخ چپٹا دھار دار اور دوسرا کوّے کی چونچ کی شکل انی دار ہوتا ہے۔

تبرزاغنول

تِسما (مذکر) سیف بازوں کی اصطلاح مراد کمر یعنی بیچ دھڑ پر تلوار کی ضرب جو حریف کی ضرب کا جواب ہو۔

تلوار (مونث) قدیم اور مشہور جنگی ہتھیار جس کی بہت سی قسمیں ہیں جن کے نام اور اصطلاحات حسب موقع لکھے گئے ہیں۔

سپولیا (تیغا)

آفتاب گیری

کھانڈا (اسکتی)

ناگ دون

تیغا

میان

باچھن

کھتّی (کتھی)

انی

لمگھاش

شمشیر (اکتار)

کھتّی

(الف) پھل + (ب) قبضہ

۱- مُٹھی (بت) ۲- پناہ ۳- پیلا (ٹھلا) ۴- کٹوری ۵- نتھنی

تہ نال (مونث) تلوار کی میان کے نچلے سرے کی آہنی شام۔

تیغ (مونث) اسوتسن، پیٹی پھن دار سیدھی تلوار یعنی چوانی کے قریب کسی قدر چوڑی ہو۔ چوڑے پھل کی سیدھی تلوار دیکھو تلوار۔

تیغا (مذکر) تیغ کا اسم مصغر۔

تھانہ (مذکر) قدیم اصطلاح مراد نگہبان فوج کے قیام کا چھوٹا قلعہ۔

تھپکی (مونث) ہلکا۔ فن بکیتی میں حریف کی کلائی کو جھٹکا دینے یا اس پر اس طرح ضرب لگانے کا عمل جس کی وجہ سے اس کے ہاتھ سے چھری گر جائے۔ (دینا۔ لگانا)

ٹال (مونث) ٹھیلنا۔ حریف کے وار کو جوابی ضرب کا اشارہ بتا کر بچاؤ کرنے کا طریقہ جس سے اس کا وار خالی جائے۔ (کرنا)

ٹپکا (مذکر) حریف کی کھوپڑی پر تلوار کی نوک کی ضرب جو ہاتھ پلٹا کر لگائی جائے (لگانا۔ مارنا)

ٹھوکا (مذکر) حریف کی پیشانی پر تلوار یا چھری کی نوک کی ضرب جو برچھے کی طرح لگائی جائے۔ (دینا۔ لگانا۔ مارنا)

ٹھاٹ (مذکر) دھج (دھج) انداز شان۔ مقابلے کے وقت حریف کے سامنے کھڑے ہونے کو استادانِ فن کا مقرر کردہ ڈھنگ جو وار کرنے اور روکتے وقت چلت پھرت میں بل یا روک نہ پیدا ہونے دے۔ ٹھاٹ کا عام طریقہ یہ ہے کہ بایاں پیر آگے بڑھا کر تھوڑا خم دیتے ہیں اور اسی پر جسم کا وزن تول کر سینہ سپر تلوار کندھے پر تانے ہوئے حریف پر وار کرنے کی گھات میں کھڑے ہوتے ہیں مختلف اکھاڑوں کے استادوں نے اصل ٹھاٹ میں کچھ تھوڑی کمی بیشی کر کے اپنے اپنے اصطلاحی نام رکھ لیے ہیں لیکن اصل سب کی ایک ہی ہے۔

ٹھاٹ داویتی (مذکر) دیکھو ٹھاٹ اور داویتی۔

ٹھاٹ زنجیرہ (مذکر) دیکھو ٹھاٹ اس طریقے میں وار کرنے اور روکتے وقت بایاں پیر ہمیشہ آگے رکھتے ہیں اور چلت پھرت میں قدم اٹھائے نہیں جاتے اصلی حالت پر قائم رکھتے ہوئے آگے پیچھے کھسکا (کھس کا ئے) یا پھسلا (پھس لائے) جاتے ہیں۔ جیسے زنجیر کھینچی جاتی ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

ٹھلا (مذکر) دیکھو پیپلا۔

ٹھیکا (مذکر) لفظ ٹھوکے کا دوسرا تلفظ۔ دیکھو ٹھوکا اور ٹپکا۔

ٹھیلنا (مصدر) دیکھو ٹال۔ حریف کے وار سے بچنے کے لیے تلوار جھکاتے رہنا جس سے جوابی ضرب کا اشارہ معلوم ہو۔

جلادی پیترا (مذکر) حریف پر کاری (بھرپور) ضرب لگانے کے لیے تیزی سے ڈیوڑھا قدم چلنا اس طرح کہ دائیں پیر کی ایک ہی پھرت حریف کے بالکل قریب کر دے اس کا عام طریقہ یہ ہے کہ دائیں پیر کو بائیں پیر کے سامنے معمول سے زیادہ بڑھا کر اس طرح رکھتے ہیں کہ بایاں قدم اکھڑ کر جھپٹ کر آگے آ جاتا ہے۔ (اٹھانا۔ بھرنا۔ چلنا۔ ڈالنا) دیکھو پیترا۔

جمبیہ } (مذکر) جمدھر کا اسم مصغر۔
جھمبیہ } شیر کے ناخن کی شکل کا دو دھارا خنجر۔

جمدھر (مذکر) دو دھارا سیدھا خنجر۔

جم کھاک (مذکر) ہلالی شکل کا چھوٹا خنجر یا چھری جس کی باڑ (دھار

تصویر متعلقہ صفحہ ۴۹

اندر کے رُخ ہو۔

جم گھٹ (مونث) حریف کے وار کو خالی دے کر اس کی پشت کی طرف جھپٹ کر آنے اور گردن پر جمدھر مارنے کا طریقہ (کرنا)

جنبوُد (مذکر) جمبے کا اسم مصغر دیکھو جنبیہ ۔

جوشن (مذکر) دستوآنہ ۔ سیف بازی کی اصطلاح مُراد بازو (ڈنٹر) کی حفاظت کی زرہ ۔
۲۔ تلوار کی ضرب سے حفاظت کو کہنی تک کی آہنی پوشش (مارنا، بازو پر تلوار مارنا۔

جھانجھ (مذکر) الیزم۔ چھوٹی چھوٹی پتلی تھالیوں کی لڑیوں سے بنی ہوئی کمان جس کو مقابلے کے وقت پہلوانوں کو جوش دلانے کے لیے ہلا کر جھنکار پیدا کرتے ہیں۔

جھمکانا (مصدر) مقابلے کے وقت حریف کے سامنے تلوار چمکانا یعنی حریف کو تلوار کی آب داری دکھانا۔ تلوار کا مظاہرہ کرنا۔

جھولا (مذکر) حریف پر ضرب لگانے سے قبل تلوار یا خنجر کو سادھنے یعنی توازن قائم کرنے کے لیے ڈھیلے ہاتھ کی ایک آزاد حرکت۔ (دینا)

چاکی / چاک (مونث) گھائی۔ کنپٹی اور کان کے جوڑ کے درمیان کی جگہ جو حریف کی چھری کے وار میں آجائے۔

چاشنگری (مذکر) دیکھو پیترا۔ نو آموز۔

چتا (مونث) بکیتی اصطلاح مُراد بغل کے نیچے پسلی پر چھری کی نوک کی ضرب (لگانا۔ مارنا)

چکّر (مذکر) دیکھو داس

چلت کا پیترا (مذکر) دیکھو چلت پیشہ پہلوانی۔

چمکانا (مصدر) دیکھو جھمکانا۔

چوردھج (مذکر) حریف کے سامنے تلوار اور سپر کی آڑ لے کر کھڑے ہونے کا ڈھنگ جس میں ٹانگیں خمیدہ اور اوپر کا پورا دھڑ سپر کی حفاظت میں رکھ کر اپنی جگہ سے اُچک کر حریف پر وار کرتے اور اپنا ٹھاٹ قائم رکھتے ہیں۔

چورلنگا (مذکر) بکیتی کی اصطلاح مُراد حریف کے ہاتھ میں ٹانگ کا اڑنگا لگا کر بے قابو کرنے اور گردن پر چھری مارنے کا ڈھنگ۔ (کرنا)

چوکا چلنا (مصدر) حریف پر ایک ہی وار میں چار ضربیں لگانے کا طریقہ۔ یہ ضربیں دائیں بائیں کنپٹی اور دونوں پنڈلیوں پر لگائی جاتی ہیں اس طرح کہ پہلے دائیں جانب سے اور پھر ہاتھ پلٹا کھا کر بائیں جانب سے تلوار کے دو دو وار ہو جائیں جس کو اصطلاحاً چار ضربی گھائی کہتے ہیں۔ دیکھو گھائی۔

چوکی (مونث) فوجی پہرے دار کی قیام گاہ۔

چوگلا پیترا (مذکر) چوکھا پیترا حریفوں میں گھر جانے کے موقع کی چلت جس میں ایک جگہ کو مرکز ٹھیرا کر چار قدم سے چاروں طرف گھومتے اور دشمن کے گھیرے کو توڑ کر نکلنے کی کوشش میں ہر قدم اُٹھاتے وقت تلوار کا وار کرتے جاتے۔ اور نظر دشمنوں پر جائے رکھتے ہیں۔

نقشہ چوگلا پیترا

چونکھا پیترا (مذکر) دیکھو چوگُلا پیترا۔

چھکا (مذکر) بکیتی کی اصطلاح مُراد حریف کے جبڑے پر چھُری کی نوک کی ایسی ضرب جو گال میں سوراخ کر دے (لگانا)

چِپیر (مونث) اسونٹ۔ حریف کی رانوں کے درمیان پیشاب گاہ کے مقام پر تلوار کی کاٹ جو کھینچ کر ناف تک پہنچا دی جائے۔ (مارنا۔ لگانا)

چھپکا (مذکر) فن بانک کی اصطلاح مراد حریف کے سینے یا پیٹ پر چھُری کی نوک کی ضرب جو پار ہو جائے۔ (کرنا۔ مارنا)

چھلاوا (مذکر) سیف بازی کی اصطلاح مراد حریف پر وار کرنے سے قبل پھرتی کے ساتھ تلوار جھمکانے اور اس کی نظر ہٹانے کا ڈھنگ۔ (کرنا)

چھوٹ (مونث) اُچھا۔ حریفوں کا اپنے مقابل پر بے تحاشا وار پر وار کرنا اور ضرب پر ضرب لگانے کا فیصلہ کن طریقہ۔ (لڑنا۔ کرنا) ۲۔ مقابلے میں دشمن پر اس قسم کی متواتر ضربوں اور جوابی ضربوں کو اصطلاحاً چھوٹ یا چھوٹ کا لچھا بھی کہتے ہیں۔

چھوٹ کا لچھا (مونث) دیکھو چھوٹ فقرہ ۲۔

چھین باندھ (مونث) فن بنوٹ کی اصطلاح مُراد حریف کو داؤں سے گانٹھنے اور ہتھیار چھیننے کا عمل۔ یعنی داؤں کر کے پکڑ لینے اور اس کے ہتھیار پر قبضہ کر لینے کا طریقہ۔

حمائل (مونث) سیف بازی کی اصطلاح مُراد تلوار کی ضرب جو جسم کو گردن سے ناف تک ترچھا کاٹ دے۔ (لگانا۔ مارنا)

خارپُشت (مذکر) مچھلی کی ریڑھ کی ہڈی یا کھجور کے پتے کی شکل کا جنگی ہتھیار جو گُرز کی طرح چلایا جاتا ہے۔

خالی دینا (مصدر) پیترہ بدل کر حریف کی ضرب کو رد کرنا یعنی خالی جانے دینا۔

خنجر (مذکر) چھُری کی قسم کا ہلالی شکل کا ہتھیار۔ (مارنا)

خود (مذکر) اوآنہ۔ دبلا۔ سر پیشانی اور کنپٹی کی حفاظت کی آہنی کُلاہ۔ آہنی کنٹوپ۔

دامن گرداں ڈھال (مونث) پلٹے ہوئے کناروں کی ڈھال۔ دیکھو ڈھال۔

داؤ / دو (مونث) سیدھی اور بھاری تلوار جو سرے پر پھن کی شکل پھیلواں ہوتی ہے۔ چٹاگانگ میں بنائی جاتی ہے۔ اہلِ برما کا قومی ہتھیار۔

داؤں (مذکر) دیکھو بند اور پیچ۔ حریف پر ضرب لگانے کا قاعدہ۔ حریف پر وار کرنے یا اس کے وار سے بچنے کا کرتب (کرنا) ۔ ۲۔ داؤں کی روک کو توڑ (بگاڑ) اور اس کی رد کو جوڑ (میٹ) اسی طرح بند۔ پر بند اور سب سے آخر کو اچل کہتے ہیں۔

داؤیتی (مونث) سیف بازی کے ایک اکھاڑے کا نام جس میں صرف تین ضربیں ہیں جو ایک پیترے پر اُتار چڑھاؤ سے لگائی اور روکی جاتی ہیں۔ (ہندوؤں میں ہنوتتی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے)

دبلا (مذکر) دیکھو خود

دستوآنہ (مذکر) دیکھو جوشن۔ آہنی دستانہ جو کہنی تک لمبا اور اکثر تلوار کے قبضے کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے۔

دنت کیلی (مونث) جبڑے پر ماری جانے والی دانت توڑ ضرب اصطلاحاً کیلی کہلاتی ہے۔

دو (مذکر) دیکھو داؤ۔

دِوال شمشیر (مونث) دیکھو پرتلا۔

دوانگ (مونث) ہندی میں

گھوڑے سوار سپاہی کو کہتے ہیں
اور بنوٹ (سیف بازی) کی
اصطلاح میں ایسے حریف
کو کہتے ہیں جو تلوار کے ساتھ
سپر بھی رکھتا اور مقابلے کے
وقت اس کا استعمال کرتا ہو۔
بعض کا قول ہے کہ اَنگ سے مُراد
پیادہ اور دو اَنگ سے گھوڑے
پر سوار ہو کر جنگ کرنا ہے۔

دو پیچا (مذکر) بکنیتی کے ایک داؤ کا
نام جس میں حریف کے پیچھے
آکر ٹانگ کا اڑنگا دیتے اور
گھٹنے کے جوڑ پر گھٹنا مار گراتے
اور گردن پر چھری کا وار کرتے
ہیں۔ (کرنا)

دودھارا (مذکر) ٹانگ میں لپٹ کر
حریف کی گرفت سے نکلنے اور
پھر اُس کی کمر پر وار کرنے کا
داؤ۔ (کرنا)

دھج (مذکر) دیکھو ٹھاٹ۔

دھج بنوتی (مذکر) بنوتیوں کا ٹھاٹ۔

ڈال (ڈابہ) (مونث) بغیر قبضے کی تلوار۔
تلوار کا پھل۔ دیکھو پھل۔

ڈانڈ (مونث) ڈنڈے کا اسم مُصغّر۔
سیف بازی کی اصطلاح میں
بانس کی قریب ایک گز لمبی
لکڑی کو کہتے ہیں جس سے مبتدیوں
کو تلوار چلانے کی مشق کرائی
جاتی ہے۔ (پکڑنا، اٹھانا، مارنا)

ڈیوڑھا پیترا (مذکر) پیترا کاٹنے کا ایک
طریقہ جس میں ایک قدم اٹھا کر
اور دوسرا کھسکا کر چلت کی جائے۔
تفصیل کے لیے دیکھو پیترا۔
(بھرنا، کاٹنا)

ڈھال (مونث) پھری۔ سپر۔ گھیرا۔
حریف کی تلوار کے وار سے
بچنے کی روک یا آڑ جو گِردے
کی شکل اور عام طور سے بیچ
میں سے اُبھری ہوئی سرپوش نما
ہوتی ہے۔ بعض میں اوپر کے
رُخ وسط میں چار گٹیاں سی
ہی ہوتی ہیں اس کو اہلِ فارس

شصت آویز کہتے ہیں۔

ڈھلیت (مذکر) ڈھال رکھنے یا لگانے والا
پہلوان۔

ڈھوب (مونث) لفظ ڈال کا دوسرا
گنوارو تلفظ۔ دیکھو ڈال۔

رجیٹا } رجھیٹا } (مذکر) سیف بازی کی اصطلاح
مُراد حریف کی ضرب کو بچا
کر جوابی ضرب لگانے کو بڑھنا
یا پلٹ کر جوابی ضرب لگانے
کا عمل۔
(اس اصطلاح کے متعلق ایک
بتلانے والے نے یہ بتلایا کہ
یہ لفظ عربی لفظ رجعت کا
بگاڑا ہوا تلفظ ہے)

راگ (مذکر) آہنی موزہ جو پوری پنڈلی
اور گھٹنے کو ڈھکے رہے۔

راوت } راوشت } (مذکر) مرد شمشیر زن۔
سیف بازی کا ماہر اُستاد۔

راونتی (مونث) سیف بازی شمشیر زنی۔
اہلِ ہنود کی اصطلاح دیکھو بنوتی۔

رن سِنگھار (مونث) حریف کے جسم کے
مختلف حصوں پر پے در پے لگائی
جانے والی تلوار کی بارہ ضربوں
ایک گھائی کا اصطلاحی نام جس
میں ہر ضرب پر جوابی ضرب
لگائی جاتی ہے۔

روک (مونث) حریف کی ضرب کا
بچاؤ پیترے یا داؤ سے جس کا
توڑ ہٹ کر کیا جاتا ہے۔

رُومالی کثرت (مونث) صِرف رُومال
کی مدد سے حریف کی ضرب سے
بچنے کا فن۔ اصطلاحاً رُومالی کثرت
کہلاتی ہے۔
(کہتے ہیں کہ بعض اُستادانِ فن
پیترے چلنے اور داؤ کرنے میں
ایسے باکمال ہو گزرے ہیں کہ
صِرف رُومال کی آڑ سے حریف
کی ضرب کا توڑ کر دیتے تھے)

زانوا (مذکر) مقابلے کے وقت حریف
سے قریب ہو جانے یا بھڑ جانے
کی حالت میں دایاں گھٹنا ٹیک کر
کھڑے ہوتے اور وار کرنے کا

ڈھنگ (کرنا)

زِرہ (مونث) سیف بازی کے مقابلے کے وقت پہلوانوں کے پہننے کا آہنی کڑیوں کا بنا ہوا نیم آستین کُرتا۔

زنجیرہ (مذکر) گھائی۔ سیف بازی کی اصطلاح مُراد حریف سے مقابلے کے وقت تلوار کی ضربوں کا مقررہ قاعدے کے مطابق سلسلے وار دَور۔

حریف پر کاری اور بھرپور ضرب لگانے کے طریقوں کے اعتبار سے استادانِ فن نے زنجیرے کے مختلف اصطلاحی نام رکھ لیے ہیں۔

زنجیرہ ضربِ الجدال (مذکر) دیکھو زنجیرہ۔ مقابلے کے اس طریقے میں حریف کو ایک طرف ضرب دکھائی دوسری طرف جھکائی اور تیسری طرف لگائی جاتی ہے۔ اس صورت سے وار کی روک بہت مشکل ہوتی ہے بلکہ نہیں ہوتی۔

زنجیرہ ضربُ الشدید (مذکر) اس طریقے کے مقابلے میں ایک ضرب کھا کر دوسری لگائی جاتی ہے یعنی حریف کو دھوکا دیا جاتا ہے۔ دیکھو زنجیرہ۔

زنجیرہ ضربِ القتال (مذکر) بارہ ضربوں کی گھائی جس میں حریف کی ہر ضرب کو خالی دے کر جوابی ضرب لگائی جاتی ہے۔ دونوں حریف مسلسل یہی عمل جاری رکھتے ہیں یہاں تک کہ ان میں سے کوئی ایک مغلوب ہو جائے۔ یا دونوں تھک جائیں۔

زنجیرہ ظفر پیکر (مذکر) دیکھو زنجیرہ فتح نصیب۔

زنجیرہ فتح نصیب (مذکر) زنجیرہ ظفر پیکر۔ سیف بازی میں حریف سے مقابلے کا ایک طریقہ جس میں ایک وار میں تین ضربیں لگائی جاتی ہیں۔ جن کے جواب میں مخالف دو جوابی ضربیں لگاتا ہے۔

زنگالا (مذکر) جنگی دور کا تبر جس کا ایک رُخ چپٹا اور دوسرا نکیلا ہوتا ہے۔ دیکھو تبرزاغنول۔

سام برن (مونث) سیف بازی کی ایک گھائی کا نام۔ دیکھو گھائی۔

سانگ (مذکر) سنٹا۔ سیلڑہ مُراد نیزے یا برچھے کی چھڑ۔

سپتی (مونث) لفظ سکتی کا غلط تلفظ دیکھو سکتی اور تیغ

سپر (مونث) دیکھو ڈھال۔

۲- اصطلاحاً کلائی اور کہنی کی ضرب کو بھی کہتے ہیں۔

سروہی (مونث) اصیل تلوار سیف۔ سیدھی تلوار۔ دیکھو تلوار۔

سکتی (مونث) سپتی سنسکرت شکتی یعنی دو دھاری سیدھی تلوار۔ ہندوؤں میں مہادیو کے نام سے منسوب کی جاتی ہے۔

(دیکھو لفظ چھپتی جلد سوم)

سلطانی (مونث) فن بانک کی اصطلاح مراد خنجر نما چھوٹی چھری۔

۲- ایک داؤ کا نام۔

سلنگ (مونث) سانپ کی چال کی وضع کا پیترہ جس میں قدم اٹھانے کی بجائے کھسکائے جاتے ہیں اور جسم کو ایک حالت میں رکھ کر پیر رگڑتے ہوئے پھرت کی جاتی ہے۔ (چلنا)

سُلہٹ ڈھال (مونث) گینڈے کی کھال یا کچھوے کی پُشت کی ڈھال۔

سنان (مونث) دیکھو انی۔

سنٹہ (مذکر) سیلڑہ۔ بغیر پھل کا تیر۔ تُکا۔

۲- نیزے یا برچھے کی چھڑ۔ تفصیل کے لیے دیکھو جلد پنجم لفظ سانٹا۔

سنگین (مونث) تہ دھاری سیدھی اور نوک دار لمبی چھری۔

سوسن (مونث) دیکھو تیغ اور سپتی۔

سونت (مونث) دیکھو چیر۔

۲۔ تلوار کی کھینچ جو گہری کاٹ کے لیے کی جائے۔

سیف (مونث) دیکھو مرد ہی۔

سیف بازی (مونث) پھکیتی۔ تلوار چلانے کا کرتب یا تلوار کی جنگ۔

سیلاره (مذکر) دیکھو سنٹھ۔

شش بر (مذکر) گلاب کی کلی کی شکل کا گرز جس کے منھ پر پتیوں کی وضع کے چھ خار یا پھل ہوتے ہیں۔

شصت آویز (مونث) دیکھو ڈھال

شفتین (مونث) فن بانک کی اصطلاح مراد حریف کے ہونٹوں کی ضرب (مارنا)

شلق (مونث) قمچی، پتلی چھڑ۔ بنوٹ کی اصطلاح میں بانس کی پتلی چھڑی گز سوا گز لمبی لکڑی کو کہتے ہیں جس سے بتدیوں کو سیف بازی کی مشق کرائی جاتی ہے۔ دیکھو ڈنڈ۔

(اڑانا، لگانا، مارنا)

شمشیر (مونث) کٹار۔ شیر کے ناخن کی شکل کی تلوار۔

شیر پیکر (مذکر) شیر کے جست کرنے کی وضع کا ٹھاٹ۔ دیکھو دج۔

شیرزد (مونث) فن بانک کی ایک ضرب کا نام جس میں حریف کو اڑنگا مار کر گرایا اور جھپٹ کر سینے پر وار کیا جاتا ہے۔ (کرنا)

صادقی (مونث) سیف بازی کی اصطلاح مراد بغیر سینوں کی کمر تک لمبی زرہ۔

ضرب حیدری (مونث) تلوار کو سر کے گرد گھما کر پوری طاقت سے حریف پر ضرب لگانے کا طریقہ۔ یہ ضرب دوہری ہوتی ہے۔ پہلی گردش میں اوپر کے دھڑ پر اور دوسری گردش میں نیچے کے دھڑ پر کس کر لگائی جاتی ہے۔ خصوصاً دشمنوں کے گھیرے میں آجانے کے وقت پر پھرت کے ساتھ مسلسل ضربوں کا دور قائم کرلیا جاتا ہے۔ (مارنا)

طمانچہ (مذکر) دیکھو گھائی۔

ظفر پیکر (مذکر) بن اوٹ (سیف بازی) کے ایک ٹھاٹ کا نام۔ دیکھو ٹھاٹ اور علی مددجع فقرہ ۲

علم (مذکر) سیف بازی کے اکھاڑے کا نشان کا جھنڈا

علی مددجع (مذکر) سیف بازی کے ایک ٹھاٹ کا نام جس میں حریف کے سامنے ایسے پیترے سے کھڑے ہوتے ہیں کہ سیف باز کا جسم لفظ علی کی شکل بنا معلوم ہوتا ہے۔ اور یہی اس دجع کی وجہ تسمیہ ہے۔ اس ٹھاٹ پر مقابلہ کرنے والے اصطلاحاً علی مدیے (علیمدیے) کہلاتے ہیں۔

۲۔ بعض استاد اس ٹھاٹ کو ظفر پیکر کہتے ہیں۔ اور اس کے مختلف نام اور طریقے مقرر کیے ہیں۔

غبغب (مونث) ٹھوڑی اور حلق کے درمیان کی ضرب کا اصطلاحی نام۔

فراخ دامن ڈھال (مونث) سیدھی کور یا کنارے کی ڈھال۔ دیکھو ڈھال۔

فرہنگ (مونث) بنوٹ بازی کی خاص اصطلاح مراد ٹھاٹ (درجع) جس میں سیف باز دونوں ہاتھوں میں تلواریں لے کر پیترے سے جو کھی ضربیں لگاتا ہوا چکر کاٹتا ہے۔ (چلنا)

فندق (مونث) ہاتھ کی انگلیوں کی ضرب کا اصطلاحی نام (مارنا)

قبضہ (مذکر) تلوار وغیرہ کا دستہ۔ دیکھو تلوار۔

قرولی (مونث) بڑی قسم کی چھری یا چاقو۔

قشقہ (مذکر) خود کا حصہ جو ماتھے کو چھپائے رہتا ہے۔ سیف بازی کی اصطلاح میں قشقہ کہلاتا ہے۔

قمچی کارد (مذکر) دیکھو گپتی اور گتکا۔

قورخانہ (مذکر) قور (ترکی) بمعنی اسلحہ۔ دیکھو اسلحہ خانہ۔

کاٹ (مونث) سیف بازی کی اصطلاح

مُراد تلوار کی دھار یا باڑھ۔
ف:۔ اِصفہانی تلوار کی کاٹ بہت عمدہ ہوتی ہے۔

کاری ضرب (مونث) تلوار وغیرہ کی ایسی موثر ضرب جس سے حریف جاں بر نہ ہو سکے۔
ف:۔ شیر کی گردن پر تلوار کی ایسی کاری ضرب لگی کہ اُٹھ نہ سکا۔

کانٹا (مذکر) حریف کو پکڑ کر رانوں کے بیچ میں گانٹھ لینے کا داؤ (کرنا)

کٹ (مونث) سیف بازی کی اصطلاح مراد کمر کی ضرب جو حریف کے دائیں جانب بغل کے نیچے لگائی جائے۔ (مارنا)

کٹار (مونث) دیکھو شمشیر۔

کٹوری (مونث) تلوار کے قبضے کے نچلے سرے کی کٹوری کی شکل بنی ہوئی آڑ۔ دیکھو تلوار۔

کِرچ (مونث) دیکھو سنگین۔
۲۔ دودھاری سیدھی تلوار۔

کرک (مونث) پنڈلی کے نیچے جوڑ یعنی ٹخنے کے اوپر کی ضرب (مارنا)
۲۔ نچلے دھڑ کی ضرب

کڑکیت (مذکر) مقابلے کے وقت پہلوانوں کو جوش دلانے والا شخص۔

گُکری (مونث) داؤ (دو) کی شکل کا گورکھیوں اور نیپالیوں کا قومی ہتھیار۔ جس کا دستہ چھوٹا اور پھل درمیان سے چوڑا اور سرے پر نوک دار ہوتا ہے۔ دیکھو داؤ۔

کمری پیچ (مذکر) فن بکیتی کا ایک داؤ جس میں حریف کی گرفت سے نکلنے کے لیے اس کی کمر کے گرد گھوم کر اس کے ہاتھ میں پیچ ڈال کر اپنا ہاتھ چھڑاتے اور بھروا کرتے ہیں۔ (کرنا)

کُمکی (مذکر) حملے کے دوران میں مدد دینے والا گروہ یا پہلوان۔

کمند (مونث) حریف پر پھینکنے کا پھندا جس سے اس کو پھانسنا مقصود ہوتا ہے۔ (ڈالنا)

کنٹھ مالا (مونث) جبڑے کے نیچے گردن کے سرے پر ماری جانے والی ضرب۔

کنٹر سوا (مذکر) برچھے کی قسم کا ہتھیار جس میں اوپر کی طرف ایک لمبا پھل اور نیچے دستے کے قریب دونوں بغلیوں میں خار پنکھ ہوتے ہیں جو ضرب کے گھاؤ کو چوڑا دیتے ہیں۔

کوٹھی (مونث) سر سے گھٹنوں تک کی زرہ کا اصطلاحی نام جس میں خود شریک رہتا ہے۔

کُہنی توڑ (مونث) حریف کی کہنی پر جوابی ضرب کا اصطلاحی نام۔

کھانڈا، کھانڑا (مذکر) کھورا۔ کرچ۔ سیف۔ سیدھی دودمہ تلوار یا تیغ
کہاوت:۔
تلسی رن میں جھوجنا گھڑی ایک کا نام
نت اُٹھ من سے جھوجنا بن کھانڈے کا کام
۲۔ بھینٹ کے جانور کی گردن اُڑانے کی تلوار۔

کھتی (مونث) تلوار کے گھاٹ کا قبضے کے قریب کا حصہ جس پر دھار نہیں ہوتی۔ دیکھو تلوار۔

کھڑی پالت (مونث) گھٹنے سے ٹخنے تک تلوار کی سیدھی ضرب کا اصطلاحی نام۔ دیکھو پالت۔

کھورا (بنگالی)۔ (مذکر) دیکھو کھانڈا فقرہ ۲۔

کھلا ظفر پیکر (مذکر) دیکھو ظفر پیکر۔ اس درج میں چلت پھرتی اور تیز ہوتی ہے

کھوکھ (مونث) شانوں سے کولوں تک پوری کمر کو ڈھال کی طرح ڈھک لینے والی آہنی پوشش۔

گانچہ (مذکر) لفظ گنج کا اصطلاحی تلفظ مراد تلوار یا لکڑی کے دستے کا سرا جو مٹھی کی گرفت سے باہر نکلا رہے۔
(دیکھو گنج جلد اول)

گاؤ مکھ درج (مذکر) سیف بازی کے

ایک ٹھاٹ کا نام جس میں حریف کے سامنے خمیدہ کمر ہو کر سر اور سینے کو سپر کی آڑ میں کسی قدر آگے کی طرف بڑھا کر کھڑے ہوتے اور حریف پر ضرب لگاتے وقت گھٹنہ ٹیک دیتے ہیں اور اسی طرح حریف کی ضرب کو خالی دیتے ہیں۔

گپتی (مونث) قجی کارد۔ گدکا۔ ہاتھ کی لکڑی میں پوشیدہ تلوار۔

گپتکا (مذکر) سنسکرت گپتی۔ سنسکرت گدکا بمعنی ڈانڈ۔

گجم / گجیم (مونث) ترکی لفظ گجین بمعنی پاکھر (ہندی) مراد گھوڑے کے چہرے اور گردن پر ڈالنے کی ایک قسم کی زرہ۔ اُرتک گجم۔

گرمد (مذکر) لوہ بند۔ حریف پر ضرب لگانے کا مگدر اور اسی قسم کی بعض دوسری صورتوں کا بنا ہوا آہنی ہتھیار یا موسل۔

گوگرو (مذکر) تہ سوئے آہنی کانٹے جو حریف کی روک کے لیے میدان میں بچھا دیے جائیں۔

گوہار (مذکر) فن بنوٹ کا ایک مخلوط پیترا جس میں سلنگ، چوکھ اور ضرب حیدری کی چالت شریک ہوتی ہے۔ دیکھو سلنگ چوکھ اور ضرب حیدری۔

گھات (مونث) حریف پر ضرب لگانے کے لیے اپنی حفاظت کے ساتھ موقع اور رُخ کی تلاش۔ (کرنا۔ لگانا)

گھاٹ (مذکر) تلوار یا خنجر کی باڑ والا رُخ۔ دھار کی لاپ۔ سلاحی دیکھو تلوار۔

گھائی (مونث) حریف پر تلوار یا لکڑی سے سلسلے وار مقررہ ضربیں لگانے کے مجموعے کا اصطلاحی نام۔ ضربوں کی تعداد اور وار کرنے اور بچنے کی نوعیت کے اعتبار سے استادانِ فن نے گھائیوں کے مختلف نام رکھ لیے ہیں۔ (تین ضربوں سے بارہ ضربوں تک کی ایک گھائی ہوتی ہے)

گھیرا (مذکر) دیکھو ڈھال۔ چھوٹی قسم کی سپر۔

لاٹھی (مونث) لٹھ کا اسم مصغر۔ دیکھو بانڈی۔

کہاوت:-

لاٹھی میں گن بہت ہیں سدا رکھیے سنگ
گہری ندی۔ نارا جہاں تہاں بچاوے انگ
تہاں بچاوت انگ جھپٹے کتے کو مارے
دشمن دوا گیر ہوتے ہوں کو جھاڑے
کہے گردھر کبیر آئے بات باندھو یہ گانٹھی
سب ہتھیار کو چھوڑو ہاتھ میں رکھو لاٹھی

لٹھ (مذکر) لاٹھی کا اسم مکبر۔ دیکھو لاٹھی اور بانڈی۔

لٹھیت / لٹھیتی (مذکر) لٹھ سے دشمن کا مقابلہ کرنے والا فن دان۔ ۲- لٹھ بازی کا فن۔

لپھا (مذکر) چھوٹ۔ دیکھو چھوٹ فقرہ ۲- فن بنوٹ کی اصطلاح مراد حریف پر ایک ہی وار میں دہری اور تہری مسلسل اور متواتر ضربیں لگانے کا طریقہ جس میں حریف صرف بچاؤ کرتا یا داؤ کرتا ہے۔

لپھا چھوٹ اکنگ (مذکر) بغیر سپر کے صرف تلوار سے مقابلہ کرنے کا طریقہ۔ دیکھو لپھا اور چھوٹ۔

لکٹی (مونث) تیل پلا کر اور مسالے لگا کر تیار کی ہوئی لاٹھی۔

لوہ بند لٹھ (مذکر) ایسا لٹھ جس کے سروں پر لوہے کے لٹو چڑھے ہوئے اور پوروں پر تار کی بندش کی ہوئی ہو۔

لیزم (مذکر) دیکھو جھانج۔ (بعض فن دان لیزم کو بانا بھی کہتے ہیں)

مرچوا (مذکر) تین ضربوں کی گھائی کا نام جس میں دائیں، بائیں کمر (کٹ) اور سر کی ضربیں ایک دوسرے کے جواب میں لگائی جاتی ہیں اور بولوں میں کمر جواب کٹ، کٹ، جواب گھر آخر کہتے

ہیں۔ دیکھو گھائی۔

مردھا (مذکر) سپاہیوں کا افسر متعلق۔ نائک۔ جمعدار۔

معرکہ آرا (مذکر) بارہ ضربوں کی گھائی کا نام جو حسبِ ذیل ناموں سے موسوم کی جاتی ہیں۔
(۱) طمانچہ (۲) کرلک (۳) کنپٹی (۴) پالت (۵) مونڈھا (۶) کمر (۷) کٹ (۸) سر (۹) اٹھاسر (۱۰) ہول (۱۱) سر (۱۲) گریبان
دیکھو گھائی۔

میان (مونث) تلوار کا خانہ جو لوہے یا لکڑی کا خول کی شکل بنایا جاتا ہے۔ دیکھو تلوار

نتھنی (مونث) تلوار لٹکانے کو قبضے میں لگی ہوئی کڑی۔ دیکھو تلوار۔

نلوار (مونث) بے لاگ اور بھرپور ضرب جس کا جواب اور توڑ نہ ہو سکے (مارنا)

نمازبند (مذکر) بانک کے ایک داؤ کا نام جس میں گھٹنے کی ضرب سے حریف کو گرا کر ضرب لگائی جاتی ہے۔

نیزہ (مذکر) سنٹا۔ سیلرہ۔ دیکھو برچھا اور بھالا۔

نیچی پالت (مونث) پیر کے ٹخنے کے اوپر کا حصہ جس پر ضرب لگائی جاتی ہے (مارنا۔ لگانا)

ہاتھ دکھانا (مصدر) سیف بازی کے کرتب کا اظہار کرنا۔ تلوار سے ضرب لگانے کا ڈھنگ بتانا۔

ہاتھ مارنا (مصدر) تلوار کی ضرب لگانا۔

ہت کٹی / ہتھ کٹی (مونث) حریف کی کلائی پر تلوار کا وار جو اس کی ضرب کو خالی دے کر کیا جاتا ہے۔ (مارنا)

ہکا (مذکر) مقابلے کے وقت حریف کے کسی عضو یا ہتھیار کو ٹھوکا مارنے کا عمل جس سے اس کی گرفت کو صدمہ پہنچے۔ (دینا۔ لگانا۔ مارنا)

ہنوتی (مونث) دیکھو داوتی۔

اہلِ ہنود سیف بازی کے فن کو رام کے نام سے راوتی اور ہنومان کے نام سے ہنوتی موسوم کرتے ہیں۔

ہول (مونث) سنسکرت ہولا بمعنی چبھونا، ٹھوکا دینا۔ سیف بازی کی اصطلاح میں حریف کے جسم میں تلوار کی نوک سے گھاؤ ڈالنے کا عمل۔ تلوار کو برچھے کی طرح مارنے کا طریقہ (مارنا)

ہول گانجے کا پیترا (مذکر) دیکھو گانجہ و ہول۔ مقابلے کے وقت قوس کی شکل میں پھرت جس میں دائیں بائیں ضرب لگاتے ہوئے حسب موقع وار یا بچاؤ کرنے کے لیے چڑھاؤ اور اُتار ہوتا رہتا ہے۔

یکنگ (مذکر) دیکھو اکنگ۔

۳۔ پیشۂ تیراندازی و غلیل بازی

برچھیلا تیر (مذکر) برچھے کی شکل کی انی کا تیر۔ دیکھو برچھا۔

بہرام مشت پکڑ (مونث) کمان کی گرفت کا ایک طریقہ جس میں کلائی کسی قدر خمیدہ رکھی جاتی ہے اور تین انگلیوں سے قبضے کو پکڑا جاتا ہے۔ انگلیاں قبضے کے اندر کے رُخ اور ہتھیلی باہر کے رُخ رہتی ہے۔

پٹ خنا / پٹ خانا (مذکر) دیکھو ترکنا۔

پرا (مذکر) تیر کے پھل کا بغلی خار جو انی کے پہلوؤں میں پروں کی مانند کھلے ہوئے بنے ہوتے ہیں۔ دیکھو پھل۔

پریلا تیر (مذکر) خاردار انی کا تیر جو جسم میں گھس کر اٹک جائے اور بغیر گوشت کاٹے نہ نکالا جا سکے۔ دیکھو پرا اور پھل۔

پیکان (مذکر) تیر کا پھل۔

پھل (مذکر) پیکان۔ تیر کی آہنی انی۔ نوک دار کو نکیلا (زاغ نول) خار دار کو پریلا اور برچھے کی شکل والے کو برچھیلا پھل کہا جاتا ہے۔

ترکش (مذکر) تیر رکھنے کا خانہ۔

ترکنا (مذکر) پٹ خنا رپٹ غانا) فارسی میں شست اور چلہ کہلاتا ہے۔ (دیکھو چلا)

تڑپ (مونث) چھوٹ۔ لپک۔ کمان کی قوت دفع یعنی کشش سے چھٹ کر سروں کی اصلی حالت پر لوٹنے کی قوت۔

ف:۔ یہ کمان تڑپ کی اچھی ہے۔

تکا (مذکر) تیر لیس۔ مشق کرنے کا تیر۔ بغیر پھل کا تیر۔

کہاوت:۔ لگ گیا تو تیر نہیں تو تکا۔

تیر (مذکر) نیزہ جو کمان کی قوت دفع کے ذریعے پھینک کر حریف پر مارا جائے۔ یا حریف کی طرف پھینکا جائے۔ نیزے کا آہنی پھل پیکان اور پچھلا سرا سوفار کہلاتا ہے۔ دیکھو کمان۔

تیر لیس (مذکر) دیکھو تکا۔

ٹانک / ٹنک (مذکر) تیر اندازی کی اصطلاح مراد کمان کی قوت تڑپ جو اس کی مار کی دوری اور قوت کے اندازے کے لیے بولی جاتی ہے۔

۲۔ کمان کی قوت کی جانچ کرنے کا عام طریقہ یہ ہے کہ اس کے چلے میں ایک معین وزن لٹکا دیا جاتا ہے۔ اگر وزن سے کمان کے سرے مرکز کی طرف جھک آئیں تو کمان کم زور تڑپ کی سمجھی جاتی ہے۔

۳۔ معمولی کمان کے لیے پانچ سیر کا وزن اور مخصوص کمان کے لیے پچیس سیر تک وزن اس کی جانچ کا معیار سمجھا جاتا ہے۔ اور یک ٹانک کمان وغیرہ کہا جاتا ہے۔

ف:۔ یہ کمان کم زور ٹنک کی ہے۔

ٹپا (مذکر) تیر یا گولی کی مار کی حد جہاں وہ جا کر گرے۔

چکس (مذکر) قبضہ۔ کمان کے بیچ میں تیر انداز کی گرفت کو بنی ہوئی جگہ۔ دیکھو غلیل۔

چلا (مذکر) زہ۔ ترکنا۔ پٹ خنا۔ کمان کے سروں کی تان جو عام طور سے تانت کی ہوتی ہے جس کے ذریعے کمان کے سروں کو تڑپایا اور تیر یا غلہ چلایا جاتا ہے (چڑھانا۔ اتارنا)

چنگل باز (مذکر) کمان کا استعمال کرتے وقت تیر اندازی کی ایک خاص گرفت کا اصطلاحی نام جو صرف تین انگلیوں سے ہوتی ہے۔

چونگ (مذکر) ہدف۔ خاک تودہ۔ تیر یا بندوق کی گولی کا نشانہ گاہ۔

چھاپ (مذکر) غلیل بنانے کا ایک قسم کا عمدہ بانس۔

چھوٹ (مونث) دیکھو تڑپ۔

خاک تودہ (مذکر) ہدف، چونگ۔ مٹی کا اونچا ڈھیر جو بطور ہدف یا چونگ استعمال کیا جائے۔

دھن (مونث) ہندوؤں کے دیوتا کی کمانوں میں سے ایک کمان کا نام۔

ڈھیکلی (مونث) منجنیق۔ بھاری پتھر کو دور پھینکنے کی کل۔

ڈھیل ماس / ڈھیلواس (مذکر) دیکھو گوپھیا۔

زاغ نول انی (مونث) تیر کا نیزے کی شکل کا نکیلا پھل۔ دیکھو تبر زاغ نول۔

زہ (مونث) دیکھو چلا۔ کمان کے سرے

سوفار (مذکر) دیکھو تیر۔ تیر کا پچھلا سرا۔

۲۔ بغیر پھل کا تیر چھڑ۔ تکا۔

شست (مونث) دیکھو ترکنا۔

شیر دہاں گرفت (مونث) دیکھو بہرام مشت پکڑ۔ بہرام مشت ٹھاٹ پر

کڑی کمان (مونث) سخت اور بھاری کمان جس کی تڑپ تیز اور ٹپّا لمبا ہو۔

ف:۔ وہ یہاں سے ایسا گیا جیسے کڑی کمان کا تیر۔

کمان (مونث) تیر مارنے یا پھینکنے کا قوس نما بنا ہوا ہتھیار۔ کسی زمانے میں ہندستان میں ملتان، گجرات، لاہور اور سرہند میں بہت اعلیٰ قسم کی کمانیں بنائی جاتی تھیں۔ اور مشرقی علاقے میں بہار، پٹنہ اور حاجی پور کی اچھی ہوتی تھیں۔

کنّد (مذکر) تیر اندازی کی اصطلاح مراد تیر چھوڑتے وقت کمان کے چلّے کو ذرا جھولا دے کر چھوڑنے کا عمل تاکہ تیر کا توڑ اور

کمان کی گرفت کے ایک طریقے کا نام جس میں کلائی کو بجائے خمیدہ رکھنے کے سیدھا رکھا جاتا ہے۔

غُلّہ (مذکر) فارسی لفظ غلولہ یعنی گولی کا اردو تلفظ غلیل بازوں کی اصطلاح میں مٹی کی بنائی ہوئی گولی جو غُلیل میں رکھ کر ماری یا پھینکی جائے۔

غُلیل (مونث) غُلّہ مارنے یا پھینکنے کی کمان۔

غُلیل

چکس

۱- غُلّہ تنگی

غُلیل انداز (مذکر) غلیل چلانے والا ماہر۔ غُلیل بازی بھی ایک پیارا مشغلہ ہے جس میں بڑی مہارت پیدا کی جاتی تھی۔ اس فن کے بعض بڑے نام ور نشانے باز ہوئے ہیں۔ میر الفت علی نکارپوری اپنے زمانے کے بڑے مشہور غُلیل انداز تھے۔

فلاخن (مذکر) گھنوتر۔ دیکھو گوپھیا جلد ششم صفحہ ۱۰۲۔

قبضہ (مذکر) دیکھو چکس۔

قلابہ (مذکر) تیر اندازی کی اصطلاح مراد کمان کی تانت کو پکڑ کر کان کی لو تک کھینچ کر لانے اور چھوڑنے کا فعل۔

کمان کو تڑپانے یا پٹ خانے کا فعل کِشش شست (کرنا)

کبادہ (مونث) نرم اور ہلکی قسم کی مشقی کمان۔

کبادہ کشی (مونث) کمان کھینچنے یا چلانے کی مشق کرنا۔

پلّا زیادہ ہو (کرنا)

گرِدِ مُشت پکڑ (مونث) کمان کی گرفت کا ایک طریقہ جس میں اُنگلیوں سے قبضے کو مضبوط پکڑتے ہیں اور اوپر انگوٹھا رکھتے ہیں۔ دیکھو کمان۔

گردہ
گردہ کمان } (مذکر) کمان کی لکڑی یا بانس۔

گرہ کُشا (مذکر) رنکاک۔ ایک خاص قسم کا پریلا تیر۔ دیکھو پریلا تیر

گرہ کُشا

گوشہ (مذکر) کمان کے سِروں کا کھانچہ جس میں تانت اٹکائی یا باندھی جاتی ہے۔

۲- کمان کا سرا۔

گھنّو تیر (مذکر) دیکھو فلاخن۔

لنگی (مونث) غُلّہ یا ڈھیلا مارنے یا پھینکنے کی چمڑے کے شکل کی پھچّی۔ (دیکھو غُلیل)

منجنیق (مونث) دیکھو ڈھیکلی۔

ناوک (مذکر) تیز اور باریک انی کا چھوٹا نیزہ۔

نخش کمان (مونث) خوش نما کمان برخلاف اس کمان کے جو دُہری شکل کی قبضے پر سے دو حصوں میں علیحدہ معلوم ہوتی ہے۔ (دیکھو کمان)

ہدف (مذکر) دیکھو چونرنگ۔

یک ٹانک کمان (مونث) دیکھو ٹانک (ٹنک) فقرہ ۲۔

۲- پیشہ آتش بازی

آتش باز (مذکر) آتش بازی بنانے والا ماہرِ فن۔ دیکھو آتش بازی۔

آتش بازی (مونث) اُردو بول چال اور اصطلاحِ عام میں بارود کے تفریحی مشاغل کو آتش بازی کہا جاتا ہے۔ اُس کے بنانے والوں نے مختلف وزن کی بارود میں پٹاس اور لوہ چون کا جُز بڑھا کر طرح طرح کے آتشیں گُل بوٹے اور بعض دوسری چیزیں تماشا دکھانے کو ایجاد کیں جو اسم بامسمّیٰ ہیں۔ اُن کا مظاہرہ شادی بیاہ اور دوسری خوشی کی تقریبوں میں کیا جانے لگا ہے۔

آتش بازی کی ایجاد درحقیقت جنگی ضروریات سے ہوئی اور وہی اس کا موقع استعمال تھا۔ مگر فنِ جنگ کی ترقی سے یہ ایجاد تفریحی مشغلہ بن کر رہ گئی۔ امریکہ جاپان، اور یورپ والوں نے اس میں عجیب عجیب جدتیں پیدا کی ہیں۔

(چھوڑنا۔ چلانا) آتش بازی کا مظاہرہ کرنا۔

آتشی انار (مذکر) انار کی شکل کے ظرف میں بارود بھر کر تیار کی ہوئی آتش بازی اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔ عام بول چال میں صرف انار کہتے ہیں۔

کاری گروں نے اس کی بارود میں مختلف قسم کے لوہ چون اور پٹاس کے اجزا ملا کر اس کے جلنے میں مختلف کیفیتیں پیدا کی ہیں اور ان کی مناسبت سے علیحدہ علیحدہ نام رکھ لیے ہیں۔

۲- جب انار کی بارود کو آگ لگائی جاتی ہے تو آگ کا ایک پودا بن جاتا ہے جو بارود کی مقدا

اور وزن کے لحاظ سے چھوٹا بڑا
اور زوردار یا کم زور ہوتا ہے۔
جنگ کے موقع پر حریف کے
ہاں آگ لگانے کے لیے استعمال
کیا جاتا تھا۔
آتشی پرکالا (مذکر) دیکھو شتابا۔
آتشی قلم (مونث) دیکھو چھکا۔
آفتابی (مونث) دیکھو چندر کھی فقرہ ۲
اُڑن انار (مذکر) ہوائی آتشی انار کی
ایک قسم جو پٹاس کے مرکب
سے بنایا اور سلگانے پر اپنی
قوت کی حد تک ہوا میں اُڑا
چلا جاتا ہے۔ دیکھو آتشی انار
فقرہ ۲۔
اُڑن پٹاخہ (مذکر) ایک قسم کا تیز
بارود کا سانس بند پٹاخہ جو
شتابا لگاتے ہی قوت سے
ہوا میں اُڑ جاتا اور اوپر جاکر
پھٹتا ہے۔
اُڑن گولا (مذکر) اگن گولا۔ اُڑن پٹاخے
کے قسم کی آتش بازی۔ دیکھو
اُڑن پٹاخہ۔
جنگی ضرورت کے لیے اس قسم
کے گولے میں لوہے کے ٹکڑے
اور بعض دیگر ضرر رساں چیزیں
بھر دی جاتی ہیں جو گولے کے
پھٹتے وقت بکھر کر جس چیز پر
لگتی ہیں اس کو نقصان پہنچاتی
ہیں۔ ۲۔ نمائش کے لیے گولے
کے اندر سُرخ اور سبز پٹاس
کی گولیاں رکھ دی جاتی ہیں جو
گولا پھٹتے وقت کھل کر سُرخ
سبز پھولوں کی شکل فضا میں
بکھر جاتی ہیں۔ اس منظر کی
وجہ اس قسم کے گولے کو آتش بازوں
کی اصطلاح میں تارا منڈل
کہا جاتا ہے۔ اور چھنتا ہوائی اور
اُڑن گولا ہفت رنگ بھی
کہتے ہیں۔
اگن بان / اگنی بان (مذکر) خدنگا۔ وہ تیر
جس میں پیکاں کی جگہ
اگنی گولا لگا کر دشمن کی طرف
چلایا جائے۔
اگن بجرا (مذکر) آتش بازی کی بنائی
ہوئی ناؤ جو کسی خوشی کی تقریب
پر پانی میں تیرا کر بحری جنگ
کا نظارہ دکھانے کو تفریح
کے لیے جلائی جاتی ہے۔
اگن برینٹی / اگن بینٹی (مونث) ایسی سلاخ
جس کے سروں پر بھرے
ہوئے آتشی گولے ہوں جس
کو گھما کر دشمن کی صفوں کو توڑا
اور اس کی بھیڑ کو تتر بتر
کیا جا سکے۔
اگن پنکھ (مذکر) دیکھو اگن چرخ۔
اگن تانتوا (مذکر) دیکھو اگن چرخ
اگن چادر (مونث) فاسفورس کے مسالے
بنائی ہوئی ایک قسم کی چادر
کی شکل کی آتش بازی جو اندھیرے
میں سنہری چادر کی طرح چمکتی
ہے۔ اس میں بعض کا مسالا سفیدی
مائل رنگ کا بنایا جاتا ہے۔
اس کی چمک نقرئی ہوتی ہے
اور دھوئیں سے آتشیں چادر معلوم ہوتی ہے جس سے
دشمن کو دھوکا ہوتا ہے۔
اگن چرخ (مذکر) اگن پنکھ۔ اگن تانتوا۔
چاک یا چکر کے شکل کی بنائی
ہوئی آتش بازی جس کے دور
پر بانس کی پوریاں (نلوے)
تیز قسم کی بارود بھر کر باندھی
اور شتابہ کے ذریعے باہم ملا دی
جاتی ہیں۔ جب ان میں آگ
لگائی جاتی ہے تو بارود کی اُڑان
سے چکر کو کیلے پر گھومنے لگتا ہے۔
بارود کے نلووں کی تعداد کے
لحاظ سے آتش بازوں نے
چرخ کے اصطلاحی نام رکھ
لیے ہیں۔ جیسے چوگلا۔ چھ مانس
موج دریا۔ جگنو۔ نوچندہ وغیرہ۔
چھوٹی قسم کے چرخ کو چرخی یا
پنکھ کہتے ہیں۔
اگن چکر (مذکر) حلقے کی شکل کی تیز بارود
کی بنی ہوئی آتش بازی جو آگ
لگانے پر پھرکی کی طرح زمین

پر چکر کھاتی ہے۔ عام بول چال
میں صرف چکر کہتے ہیں۔

اگن چھڑی (مونث) بارود کی بنائی
ہوئی چھڑ۔

اگن گولا (مذکر) تیز بارود کا بنایا ہوا
گولا جو آگ لگانے پر شعلہ نکالتا
ہوا اوپر اڑ جاتا ہے اور اپنی
مقدار کے موافق بلندی پر
پہنچ کر پھٹتا اور بکھر جاتا ہے۔
دیکھو اُڑن گولا فقرہ ۲ عام
بول چال میں گولا یا تارا منڈل
کہلاتا ہے۔

اگن ہنڈولا (مذکر) اگن چرخ کی
قسم کی آتش بازی جو ہنڈولے
کی شکل بنائی جاتی ہے۔ اور
یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔
دیکھو ہنڈولا اور اگن چرخ۔

بارود (مونث) دارو۔ آتش بازی
کا مسالا۔ شورہ، گندک اور
کوئلے کا مرکب ان کا تناسب
حسب ضرورت ہوتا ہے اور
دوسرے اجزا ملا کر مختلف قسم
کی بنائی جاتی ہے۔
پٹاس اور سنکھ کے مرکب سے
بھی تیار کی جاتی ہے۔

پٹاخہ (مذکر) پھٹاکا۔ پھٹ جانے
یا پھٹ کر بکھر جانے والی
آتش بازی یعنی جس کے پھٹنے
میں زور کی آواز ہو۔ مختلف
قسم کے چھوٹے بڑے پٹاخے
بنائے جاتے ہیں جو بارود کی
مقدار اور تیزی کے لحاظ سے
پھٹتے اور آواز دیتے ہیں۔
استادانِ فن نے کئی کئی آوازوں
اور مختلف قسموں کے پٹاخے
ایجاد کیے ہیں۔ اگن گولا یا اُڑن
گولا بھی انھی کی ایک قسم کا نام
ہے۔ اس قسم کے تمام پٹاخے
آگ لگانے سے چھوٹتے ہیں۔
ان کے علاوہ پٹاس اور سنکھ
کے مرکب سے بھی پٹاخے اور
گولے بنائے جاتے ہیں جو رگڑ
یا کسی چیز سے ٹکرا کر بھڑک
اٹھتے اور پھٹ جاتے ہیں
اس لیے بہت خطرناک ہوتے
ہیں۔

پپک (مونث) کیٹ۔ بارود کا گُل
شورے یا گندک کا جلا ہوا
کوئلا یا مادہ۔ آتش بازوں کی
اصطلاح میں پھلجھڑی یا
مہتابی کی بارود کے جلے ہوئے
مادے کو کہتے ہیں۔

پھٹاکا (مذکر) دیکھو پٹاخہ۔ پٹاس کا
گولا رگڑ یا ٹکر سے پھٹنے والا گولا۔

پھلجھڑی (مونث) آتش بازوں کی
اصطلاح مُراد لوہ چون کی
بنی ہوئی قلم کی شکل کی آتش بازی
جس کو چلانے سے لوہے
کے ذرات جل کر کھلتے اور
تاروں کی شکل چاروں طرف
بکھرتے ہیں۔ (چھوٹنا، چھوٹنا)
۲۔ **لوہ چون** کی مقدار اور اس
کی قسم کے لحاظ سے پھلجھڑی
کے چلنے میں جو کیفیت پیدا ہوتی
ہے اس سے کاری گروں نے
اس کے مختلف نام رکھ لیے
ہیں جیسے موتیا، گُٹیا، توڑے دار
یا کرن دار پھلجھڑی وغیرہ۔

تارا منڈل (مذکر) دیکھو اُڑن گولا۔
فقرہ ۲۔

ٹھیک / ٹھیکی (مذکر) آتش بازی کے ظرف
یا نلوے کے پیندے کے
سوراخ کو بند کرنے کی ڈاٹ
(لگانا۔ نکلنا)

چٹاپٹی (مونث) پٹاخے کی ایک قسم
جو بارود کی مقدار کے لحاظ سے
چنگاری کی طرح اُڑتا اور چٹختا
رہے۔ جنگ کے موقع پر ہاتھیوں
کو ڈرا کر بھگانے کے لیے استعمال
کی جاتی تھی۔

چکر (مذکر) چھلے کی قسم کی آتش بازی
جو حلقے نما بنائی جاتی ہے۔
(دیکھو ختنگا)

چندر مکھی (مونث) مہتابی۔ آتش بازی

کی ایک قسم جو کسی چیز پر روشنی
ڈالنے یا روشنی کرنے کے لیے
استعمال کی جائے۔

۲۔ اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں
زیادہ چمکیلی اور سفید روشنی
والی کو سورج مکھی آفتابی اور
دھیمی روشنی والی چندر مکھی
ماہتابی کہتے ہیں۔

چہکا (مذکر) چھچھوندر۔ آتشی قلم۔ ایک
قسم کی آتش بازی جو بہت
تیز بارود سے قلم کی شکل کی
بنائی جاتی ہے۔ آگ لگانے پر
تڑپتی اور لوٹتی ہوئی نہایت
تیزی سے زمین پر ادھر اُدھر
دوڑتی اور ہر طرف آگ لگاتی
پھرتی ہے۔

۲۔ اسی صفت کی وجہ سے آتش بازوں
کی اصطلاح میں چھچھوندر (چھے
کی قسم کا چلبلا جانور) کہلاتی ہے۔
تماشے کے لیے چھوٹی اور جنگی
ضرورت کے لیے حسب ضرورت
بڑی بنائی جاتی تھی۔
(دیکھو خدنگا)

چھتہ ہوائی (مذکر) اُڑن گولا ہفت
رنگ۔ دیکھو اُڑن گولا فقرہ ۲

چھچھوندر (مونث) آتش بازوں کی
اصطلاح مراد چہکا۔ دیکھو چہکا
فقرہ ۲۔ دیکھو خدنگا۔

خدنگا } (مذکر) اگنی بان۔ ہوائی۔ فارسی
خدنگا } لفظ خدنگ بمعنی چھوٹا تیر
کا اصطلاحی تلفظ۔
ایک خاص قسم کی آتش بازی
جو تیر کی شکل ہوتی اور شتابہ
لگانے سے تیر کی طرح اُڑتی
چلی جاتی ہے۔ اس کی رفتار اور
دوری بارود کی تیزی اور مقدار
کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ جنگ کے
موقع پر دشمن کے علاقے میں
آگ لگانے کے لیے استعمال
کی جاتی تھی۔ (دیکھو اگنی بان)

خول (مذکر) پھلجھڑی۔ چھچھوندر۔
(چہکا) مہتابی اور خدنگے کے

نلوے کا اصطلاحی نام۔

دارو (مونث) دیکھو بارود۔

دفتی (مونث) ملٹ۔ پٹھا۔ مقوی۔
موٹی قسم کا بنایا ہوا کاغذ جو
بعض خاص قسم کی آتش بازی
کا خول بنانے کے لیے تیار
کیا گیا ہو۔

۲۔ خوش نویسوں کی مشق کا
پٹھا۔ وصل بند۔ جلد باندھنے
کا پٹھا۔

دم (مذکر) سانس۔ آتش بازوں
کی اصطلاح مراد آتش بازی
کا زور یا عملی قوت۔
ف:۔ کم زور دم کا پہکا آگ

نہیں پھیلتا۔
۲۔ کم زور دم کا انار اُوپر نہیں اُڑتا۔

دمک چوں (مونث) آتش بازوں کی اصطلاح مُراد بارُود یا پھلجھڑی میں لوہ چوُن کے ذرّات کے پھٹنے کی تڑپ اور چمک یا تڑپتی ہوئی چمک۔

دو کھنڈا پٹاخہ (مذکر) دو آوازہ پٹاخہ جو ایک آواز زمین پر اور دوسری اُوپر اُڑ کر دے۔

دیک چوُن (مذکر) عمدہ قسم کے پُرانے لوہے کا لوہ چوُن۔ دیکھو لوہ چوُن۔

سانس (مذکر) دیکھو دم

سورج مکھی (مونث) آفتابی۔ دیکھو چندر مکھی فقرہ ۲۔

سنگھاڑہ پٹاخا (مذکر) مثلث نما بنا ہوا پٹاخہ۔ تصویر کے لیے دیکھو خدنگا۔

شتابہ (مذکر) آتشی پرکالا۔ بارود چڑھا ہوا ڈورا جو آتش بازی تک یا آتش بازی میں آگ دوڑانے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ تیز قسم کی بارُود کی بنی ہوئی آتش بازی کو اس کے ذریعے آگ لگاتے ہیں۔ دیکھو خدنگا۔

غُبارہ (مذکر) دیکھو ہوائی بُرج۔

کُیٹ (مونث) دیکھو پیک۔

گُنج آتشی (مذکر) دیکھو چھتہ ہوائی اور اُڑن گولا فقرہ ۲۔

لوہ چوُن / لُہچون (مذکر) لوہے کا باریک بُرادہ۔ پُھلجھڑی اور بعض دیگر نمائشی آتش بازی میں پھول پیدا کرنے کے لیے بارُود کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے۔ لوہے کے باریک ذرّات بارُود میں جل کر ستارے کی شکل کھل جاتے ہیں۔

مہتابی (مونث) دیکھو چندر مکھی فقرہ ۲۔

ناپال (مذکر) آتش بازوں کی اصطلاح مُراد بہت بڑی قسم کے انار کے وضع کی آتش بازی۔

وزن (مذکر) آتش بازوں کی اصطلاح مُراد آتش بازی کی بارُود کے اجزا کا حسب ضرورت مناسب مرکب۔ ۲۔ آتش بازی کا نمونہ (دکھانا) نمونے کی آتش بازی چھوڑنا۔

ہتھ پھول (مذکر) ہلکی بارُود کی نمائشی پھول دار آتش بازی جو ہاتھ پر رکھ کر چھوڑی جا سکے۔

ہوائی (مونث) دیکھو اگنی بان اور خدنگا (خدنگا)

؎ کون کہتا ہے کہ ہم تم میں جُدائی ہوگی
یہ ہوائی کسی دشمن نے اُڑائی ہوگی

ہوائی بُرج (مذکر) غُبارہ۔ نمائشی آتش بازی جو غبارے کے نمونے پر بُرج کی شکل بہت باریک کاغذ کی بنائی جاتی ہے اور ایک خاص قسم کی بارُود کا دھُواں بھر کر شادی وغیرہ کی تقریبوں پر اُڑاتے ہیں۔

۵۔ پیشہ تفنگ بازی

اسلحہ آتشیں (مذکر) بارُود کی قوت سے چلائے جانے والے جنگی ہتھیار۔

ماہرانِ جنگ نے اسلحہ کی چار قسمیں کی ہیں۔

اوّل ہاتھ کی قوت سے چلائے جانے والے اسلحہ۔ مثلاً نیزہ، تلوار، گُرز، کُلہاڑا وغیرہ۔

دوم۔ جذب و دفع کے زور سے چلنے والے جیسے تیر، غُلّہ وغیرہ

سوم۔ کل کی طاقت سے چلنے والے ہتھیار جیسے منجنیق، گوپھیا وغیرہ۔

چہارم۔ بارُود کی قوت سے چلنے والے ہتھیار جیسے توپ بندوق وغیرہ وغیرہ۔

ایڑا (مذکر) بندوق کے کُندے کا پیندا یا ٹھاپ۔ دیکھو بندوق۔ ایڑی کا اسم مکبّر۔
۲۔ بندوق کے گھوڑے کی

کمانی کی لیپک کی روک کا کیلا
جو کمانی کو اپنی جگہ قائم رکھے۔
آڑ کا غلط تلفظ۔

ف:۔ بندوق چلاتے وقت
کندے کے ایڑے کو شانے
کے پاس خوب اچھی طرح جما کر
اپنی طرف کھینچے رکھو۔

باڑ (مونث) شلق ۔ بندوقوں یا
توپوں کی مقررہ تعداد کا بوقت
واحد ایک ساتھ سر ہونا ۔ یا
چھوٹنا ۔ (مارنا ۔ چلانا)

بٹنی (مونث) تمکا ۔ انگریزی نپل ۔
توڑے دار یا بھر بار بندوق
کی نال پر آگ دوڑانے یا
شتابہ لگانے کو گھنڈی نما
کوٹھی دار منھ جس میں رنجک
ڈالی جاتی ہے ۔ دیکھو رنجک
اور بندوق ۔

۲۔ بعض مقامات پر بٹنی کو کان
جانگی اور بھین تو ابھی کہتے ہیں۔

برق انداز (مذکر) پیدل بندوقچی۔
دیکھو بندوقچی۔

بلدی (مونث) فارسی لفظ بلد بمعنی
رہبر کا اصطلاحی تلفظ ۔
بندوقچیوں کی اصطلاح مراد ۔
ہدف نشانے کا چاند جس پر
بندوق کا نشانہ صحیح کیا جائے۔
بعض بندوقچی بلدی تلفظ
کرتے ہیں۔۔

ف:۔ ہر سوگز کے فاصلے پر چھو
انچ بلدی کو بڑھایا جائے ۔

بندوق (مونث) تفنگ ۔ آتشی اسلحہ
جس سے گولی اور چھرہ چلایا
جائے ۔ (چلانا چھوڑنا ۔ مارنا)

بندوقچی (مذکر) برق انداز ۔ تفنگی ۔
بندوق رکھنے والا سپاہی ۔
بندوق چلانے کی مشق رکھنے والا۔

بے دھرمی (مونث) بندوقچیوں کی
اصطلاح مراد ایک نالی گولی
کی بندوق ۔

۲۔ اس نام کی حقیقت یوں بیان
کی گئی ہے کہ جب ہندی سپاہیوں

کو ولایتی رائفل دی گئی تو وہ
آپس کی گفتگو میں اس کو بے دھرجی
کے نام سے موسوم کرتے تھے۔
رفتہ رفتہ اسلحہ سازوں میں
وہ گولی کی ایک نالی بندوق کے
لیے مخصوص ہو گیا تھا۔ لیکن
پرانے کاری گروں کے ساتھ
یہ نام بھی قریب قریب مردہ
ہو گیا ہے۔

بھرمار بندوق (مونث) پرانی قسم
کی نال میں بارود اور گولی بھر کر
چلائی جانے والی بندوق۔

بھید (مذکر) بندوق کی نال کا سوراخ۔
(ہندی بمعنی سوراخ)۔

بھیدنا (مصدر) سوراخ کرنا یا بنانا۔

بھین توا (مذکر) دیکھو ٹِنی فقرہ ۲۔

پالکی (مونث) کارتوس والی بندوق
کی نال کو کندے سے جوڑے
رکھنے والی ہتی جو بلبلی کے
نیچے لگی رہتی ہے۔ کارتوس لگانے
اور نکالنے کے لیے اس کو ایک طرف
کو ہٹانے سے نال کا پچھلا سرا
اوپر اٹھ آتا ہے۔ دیکھو بندوق۔

پتھر کلہ (مونث) چقماقی بندوق۔
قدیم ساخت کی سنگ چقماق
سے چلائی جانے والی بندوق۔
اس کے گھوڑے کے منھ میں
چقماق کا پتھر لگا ہوتا ہے جب
گھوڑا ٹِنی پر گرتا ہے تو پتھر ٹِنی
سے رگڑ کھا کر آگ دیتا ہے جس
سے ٹِنی کی بارود بھڑکتی اور
بندوق چل جاتی ہے۔ یہی پتھر
اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

پستول (مذکر) دیکھو تفنگچہ۔

پن چا / پینچا (مذکر) بندوق کی نال میں
سے ڈاٹ یا گولی نکالنے کا
پینچ دار منھ کا گز۔
مڑوڑی یا مروڑی کا گز۔

پہن / پہناو (مذکر) نال سے نکل کر نشانے
پر پہنچنے تک گولی کا اوپر
کی طرف چڑھاؤ۔
(دیکھو گولی پینا)

پیالا (مذکر) دیکھو کوٹھی۔

پھٹاکا (مذکر) بندوق کی گولی کا ٹپا۔
دیکھو ٹپا۔
۲- پھٹنے والی گولی یا گولا۔
شیل (انگریزی)
۳- بندوق کے چلنے کی آواز۔

پھٹکار (مونث) دیکھو توڑ۔

پھریرا (مذکر) برغو۔ بندوق یا توپ
کی نال صاف کرنے کا برش دار گز۔

پھول کیل (مونث) پھلی۔ بھرمار بندوق
کے گھوڑے کو کسا رکھنے والا
پھلی دار پینچ یا پینچ دار کیلا۔
دیکھو بندوق۔

تخت (مذکر) بندوق کی نال کی بیٹھک
جو کندے کے منھ پر کسی ہوتی
ہے۔ اور جس میں گھوڑا اور اس کے
متعلقہ پرزے بلبلی اور اس کی
کمانی اور پالکی وغیرہ جڑی رہتی
ہے۔ دیکھو بندوق۔

تفنگ (مونث) دیکھو بندوق۔

تفنگچہ (مذکر) تفنگ کا اسم مصغر۔ پستول۔
اردو میں طمنچہ (تمنچہ) کہتے ہیں
جو طمانچہ (تماچہ) کا اسم مصغر ہے۔
فارسی داں طفنچہ اور طپنچہ بولتے
ہیں جو طپانچہ کا اسم مصغر ہے۔

تکنی (مونث) دیکھو دیدبان

تمکا / تمکانا (مذکر) دیکھو ٹِبنی (نپل)

تنگ دہن نال (مونث) وہ نال جس
کا منھ پچھلے حصے سے کسی قدر
تنگ یعنی سلامی دار بنا ہوا ہو۔
سلامی دار، گاؤدُم نال

توپ (مونث) ترکی بمعنی فوج۔
لشکر۔ اردو میں بندوق کی قسم
کی بڑے اور وزنی گولے مارنے
یا پھینکنے کی جسیم نال کو کہتے ہیں۔
جو گولے کے قطر کے موافق مختلف
جسامت کی بنائی اور کسی چیز
پر قائم کرکے چھوڑی یا چلائی
جاتی ہے۔ جس طرح بندوق کی
صنعت میں نئی نئی ایجادیں
ہوئی ہیں، اسی طرح توپ میں

بھی بڑی بڑی جدتیں پیدا کی گئی ہیں۔ لیکن دونوں کی قدیم اور ابتدائی اصل باقی ہے۔ (چلانا، چھوڑنا، مارنا)

توپچی (مذکر) توپ چھوڑنے یا چلانے والا مشاق ماہر

توڑ (مذکر) بندوق کی گولی کا زور۔ مار، پھنکار، دھماکا اور قوت شکست، دباؤ۔

ف۔ خاردار نال کی بندوق کی گولی کا توڑ زوردار ہوتا ہے

ف۔ رائفل بڑے توڑ، زیادہ ٹپّے اور صحیح نشانے کا ہوتا ہے۔

توڑا (مذکر) فلیتا، شتابہ، آتشی پرکالا جو پرانی وضع کی بندوق چلانے کے لیے گھوڑے کے ذریعے استعمال کیا جائے۔ جیسے پتھر کلا بندوق میں سنگ چقماق۔ دیکھو پتھر کلا۔

توڑے دار بندوق (مذکر) فلیتے دار بندوق جو فلیتے یا شتابے سے چلائی جائے۔ دیکھو توڑا۔

توسدان (مذکر) توشہ دان کا اصطلاحی تلفظ مراد بھرمار بندوق کے کندے میں پٹاخے اور رنجک رکھنے کو بنی ہوئی ڈبیا۔

۲- جدید قسم کی بندوق یا رائفل میں نال کے نیچے زائد کارتوس جمع رکھنے کی جگہ۔ (میگزین) بعض لوگ خزانہ اور کوٹھی بھی کہتے ہیں۔

تیر (مذکر) بندوقچیوں کی اصطلاح مراد بندوق کی نال۔ عام طور سے ایک نالی بندوق کی نال کو جو کندے سے علیحدہ ہو تیر کہا جاتا ہے۔

ف۔ چھوٹے تیر کی بندوق دھکا کم دیتی ہے۔

ٹپّا (مذکر) بندوق کی گولی کی مار کا فاصلہ یعنی وہ مقام جہاں قوتِ رفتار ختم ہو کر گولی گر جائے۔

ف۔ رائفل کی گولی لمبا ٹپّا لیتی یا مارتی ہے۔

۲- گیند بلّے کے کھیل کی ایک اصطلاح جو گیند کو کھلاڑی کے قریب زمین پر ٹکر دینے کے لیے بولی جاتی ہے۔ دیکھو گیند بلّا۔

ٹکٹکی (مونث) دیکھو دیدبان۔

ٹوپی (مونث) بھرمار بندوق کا پٹاخہ جو بندوق کے نپل (بتی) کے سر پر آتا ہوا چھوٹی سی ٹوپی کی شکل بنا ہوا ہوتا ہے۔ اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔ اس کی تہ میں ٹکر سے آگ بھڑک جانے والا مسالا جما دیا جاتا ہے جو بندوق کے گھوڑے کی ضرب سے بھڑک کر بارود میں آگ لگا دیتا ہے۔ یہی ٹوپی کارتوس کے پیندے میں بھی اسی غرض سے لگائی جاتی ہے۔

ٹوٹا (مذکر) بندوقچیوں کی اصطلاح مراد کارتوس (دیکھو کارتوس)

جانگی (مونث) دیکھو بٹنی فقرہ ۲

جنزیل (مونث) دیکھو توڑے دار

بندوق اور قرابین۔

چھری پتی (مونث) بندوق کی لبلبی کا گھر یا سوراخ بنی ہوئی فولادی تختی جس میں لبلبی کا سرا باہر نکلا رہتا ہے۔ دیکھو بندوق۔

چاپ (مونث) کھٹکا۔ آواز۔ اصطلاحاً بندوق کے گھوڑے کی کمانی پر چڑھنے کی آواز یا کھٹکا۔ ع

چاپ چلنے والوں کے پاؤں کی سنتا ہے مگر
کوئی چہرا اس بچارے کو نہیں آتا نظر

ف۔ کمانی کی خرابی سے گھوڑے کی چاپ نہیں ہوتی۔

چرخی (مونث) کارتوس کا منہ بند کرنے کی دستی کل۔

چکر (مذکر) لنگر۔ بندوق کے گھوڑے کی کمانی کی حلقہ نما داب جس کے ہٹنے سے کمانی کی پھنکار (اٹھان) گھوڑے کی مار کا سبب ہوتی ہے۔ کمانی کی روک۔

چھتیانا (مصدر) بندوق چلانے کے لیے کندے کے ایڑے کو چھاتی

کے مقابل لاکر شانے کے قریب
ٹکانا اور نال کو نگاہ کی سیدھ
میں کرنا۔

ف۔ اچھے بندوقچی کے بندوق
چھتیاتے ہی مکھی صحیح نشانے
پر ہوتی ہے۔

چھرّہ (مذکر) بٹانا۔ شکار کے لیے
بندوق میں چلانے کو سیسے
کا بنا ہوا دانہ۔ جو حسب ضرورت
باریک اور موٹے بنائے اور
اسی لحاظ سے خاص مقدار
میں بھرے جاتے ہیں۔

خار (مذکر) بندوق کی نال کے اندر
بنی ہوئی مڑوڑی یا بل دار
لکیریں جن میں چکرا کر نکلنے
سے گولی کی رفتار زیادہ تیز اور
لمبی ہو جاتی ہے۔ انگریزی میں
گروؤ کہلاتے ہیں اور اعلیٰ قسم
کی قیمتی بندوقوں میں بنائے
جاتے ہیں۔

ف۔ نال کے خار گھس جانے
سے بندوق کا توڑ کم ہوگیا اور
گولی نشانے پر نہیں لگتی۔

خزانہ (مذکر) دیکھو توسدان فقرہ ۲
دمانک (مونث) دھماک کا دوسرا تلفظ
دیکھو دھماکا۔

دَمدَمہ (مذکر) دُھس۔ بندوقچیوں
کی پناہ گاہ جو میدان میں زمین
کے اوپر مٹی کا تودہ لگا کر حسب ضرورت
لمبی چوڑی اور اونچی بنالی جائے۔
برخلاف مورچے کے جو زمین
دوز خندق کے طور پر بنایا جاتا ہے۔

دوضربی بندوق (مونث) عام طور
سے دونالی بندوق کو کہا جاتا ہے۔
لیکن جدید ایجاد کی بندوق میں
مختلف تعداد کی ضربوں (فیروں)
کے لیے کوٹھی بنائی جاتی ہے جس
میں اس کے مطابق کارتوس
رکھ دیے جاتے ہیں جو بلبلی
کی حرکت کے ساتھ نال میں
آتے اور چھٹتے رہتے ہیں۔
مشین گن کی ایجاد نے توان
ضربوں کو لاتعداد بنادیا ہے جس
کی ضرب میں گولیوں کی بوچھار
کرتی ہیں۔

ڈنبالا (مذکر) بندوق کی نال کا پچھلا
حصہ جس میں کارتوس رکھا
جاتا ہے۔ اور اس کی مار کے
لیے سرے پر کیل دار ٹپنی بنی
ہوتی ہے جس پر گھوڑا گرتا ہے۔

دیدبان (مذکر) کھانچی۔ مکھی۔ بندوق
کی نال کے پچھلے سرے کے
قریب اوپر کے رخ زاویے
کی شکل کا لگا ہوا پرزہ جس میں
سے نظر مکھی پر جاکر نشانے سے
ملائی جاتی ہے۔

دھکا (مذکر) بندوق چلنے کا جھٹکا جو
بندوقچی کو چھاتی پر محسوس ہوتا
ہے۔ (دینا)

دھماکا (مذکر) چھوٹی قسم کی بندوق
(ٹامی گن)

ڈاٹا (مذکر) ٹھنبہ۔ بندوق کی نال
میں سوراخ کرنے کا خاص قسم کا
مڑوڑی دار کٹاؤ کا فولادی برما
جس میں سے لوہے کا برادہ باہر
نکلتا رہے۔

رائے (مذکر) بندوقچیوں کے سردار کا خطاب۔

رائفل (مونث) انگریزی لفظ مراد گولی
چلانے کی خاص بندوق۔

رنجک (مونث) فارسی لفظ رند کا
اردو تلفظ بندوقچیوں کی اصطلاح
مراد باریک بارود جو بندوق
کی ٹپنی میں ڈالی جائے جس کو
شتابہ لگانے سے نال کی بارود
میں آگ پہنچ جاتی ہے۔
(اڑنا) مراد رنجک کی آگ کا
نال کی بارود پر اثر نہ کرنا خود
جل کر اڑ جانا۔
(چاٹنا) شتابے کا رنجک کو
جلا دینا اور نال کی بارود میں
اثر نہ کرنا۔

رندک (مونث) رند کا اسم مصغر
اور رنجک۔ (دیکھو رنجک)

ریوالور (مذکر) انگریزی لفظ۔ اہل یورپ

کی ایجاد مُراد چند فیری طمنچہ جو
لبلبی کی حرکت سے چلتا رہے۔
(دیکھو طمنچہ)

روانگ (مونث) رواں کا غلط تلفظ
بندوقچیوں کی اصطلاح مُراد
ایسی گولی جو بندوق کی نال
میں پھنس کر نہ جائے۔ بلکہ
لُڑکتی ہوئی اندر پہنچ جائے۔

رہکلا } (مونث) سنسکرت رتھا کلا
رتھ کل } بمعنی توپ کھینچنے کی گاڑی
مجازاً چھوٹی اور ہلکی قسم کی
توپ کو کہتے ہیں جس کو دو بیل
آسانی سے کھینچ سکیں۔

زنبور (مونث) کڑک بجلی۔ بندوق
کی وضع کی ایک قسم کی چھوٹی
اور ہلکی توپ جو آسانی سے
اٹھا کر لے جائی اور ہر جگہ قائم
کرکے چلائی جاسکے۔ جدید
ایجاد کی اس قسم کی توپ
ٹومی گن کہلاتی ہے۔

زنبورچی (مذکر) ہلکی قسم کی توپ رکھنے
اور چلانے والا سپاہی۔
(دیکھو زنبور)

زنبور خانہ (مذکر) ہلکی قسم کی توپیں
جمع رکھنے کا مقام جہاں سے
ان کے نقل و حمل میں آسانی ہو۔

سنگھاڑا (مذکر) بندوقچیوں کی اصطلاح
مُراد بندوق کا مثلثی شکل کا
لمبوترا کُندہ (دیکھو کُندہ)

سینگھڑی (مونث) بارود رکھنے کی
کُپی جو قدیم زمانے میں سینگ
کی بنائی جانے کی وجہ سینگھڑی
کہلاتی تھی۔

شلق (مونث) ترکی لفظ شِلک کا
اُردو تلفظ مُراد توپوں یا بندوقوں
کے چھُٹنے کی باڑ۔ دیکھو باڑ۔

شیردہن نال (مونث) بندوق کی
ایسی نال جس کا مُنھ نفیری کے
مُنھ کی طرح پھیلا ہوا ہو۔

طفنچہ } (مذکر) دیکھو تفنگچہ۔
طپنچہ }

طمنچہ (مذکر) تفنگچہ یا طفنچہ کا اُردو تلفظ۔

فرشی (مونث) دونالی بندوق کی نالوں
کے جوڑ پر لگی ہوئی پٹی جس کے
ساتھ نالیں پیوست ہوتی ہیں
اور جس پر سے مکھی پر نگاہ ملاتے
اور نشانہ باندھتے ہیں۔
(دیکھو بندوق)

فلیتے دار بندوق (مونث) دیکھو توڑا
اور توڑے دار بندوق

قرابین (مونث) شیردہاں نال بندوق
دیکھو شیردہاں نال

کارتوس (مذکر) ٹوٹا۔ انگریزی لفظ
کارٹرج کا اُردو تلفظ بعض مقامات
پر کارتوس کو ٹوٹا کہتے ہیں جو
بندوق بھرنے اور خالی کرنے کا
اہلِ یورپ کا ایجاد شدہ ایک
آسان طریقہ ہے۔ بندوقوں کی
ایجادوں کے ساتھ اس کی
ساخت میں بھی بڑی جدتیں
کی گئی ہیں۔

کان (مذکر) نپل۔ دیکھو بٹنی۔
ف بِشست باندھنے !
نشانے پر نگاہ جمانے کی مشق
کے لیے توڑے دار بندوق کے
کان میں رنجک ڈال کر چھوڑی
جاتی ہے۔

کُتا (مذکر) گھوڑے کی کمانی کی
داب یا آڑ جو اس کو کھُلنے
سے روکے رکھے۔ تفصیل کے
لیے دیکھو جلد اول پیشہ گھڑی سازی۔

کڑک بجلی (مونث) دیکھو زنبور۔

کمانی (مونث) پیشہ وروں کی مشترک
اصطلاح مُراد ایسی شے یا پُرزہ
جو دبا کر یا گنڈلی بنا کر چھوڑنے
پر قوت سے کھُلے یا پھیلے ـــــ
ایسے پُرزے کو کھُلنے سے روکے رکھنے
والا پُرزہ اصطلاحاً کُتا کہلاتا ہے۔
جس کو ہٹانے سے کمانی فوراً
کھُل جاتی ہے۔
بندوق کے گھوڑے کی کمانی
چھٹے کی شکل کا ایک پُرزہ ہوتا ہے
جس کی قوت دفع پر گھوڑے
کی ضرب ... کا دارومدار ہوتا ہے۔

کُندہ (مذکر) بندوق کی موٹھ یا ہتی
جو عام طور سے مضبوط لکڑی
کی مثلث نما بنی ہوئی ہوتی
ہے۔ اور یہی اس کی وجہ تسمیہ
ہے۔ دیکھو بندوق۔

کوٹھی (مونث) پیالا۔ بندوق کی
نال میں گولی اور بارود بھرنے
کی جگہ۔ (پیشہ وروں کی مشترک
اصطلاح)

۲۔ نپل کا نچلا حصہ جس میں
رنجک ڈالی جاتی ہے۔

۳۔ توسدان (میگزین) چند
ضربی بندوق میں کارتوس
جمع رکھنے کی جگہ۔ دیکھو توسدان
فقرہ ۲

کھانچی (مونث) دیکھو دیدبان۔

گراپ (مذکر) انگریزی لفظ گریپ
کا غلط تلفظ شکاریوں کی اصطلاح
مراد خاص وزن کے چھروں
کی مقررہ تعداد جو گولی کے
بجائے کارتوس یا نال میں
بھری جائے (مارنا)

گولی پتیانا (مصدر) بندوق کی نال
سے چھٹ کر گولی کا ہوا میں
چپٹا ہو جانا جس کی وجہ سے
نشانہ نہ لگے۔ گولی میں یہ نقص
سیسے کے میل کی وجہ سے ہوتا ہے۔
یہی حالت چھروں کی ہوتی ہے۔
اس لیے اصطلاحاً اس کو چھرہ
کہا جاتا ہے۔

گولی پینا (مصدر) گولی کا بندوق کی
نال سے نکل کر حسب طاقت
اوپر چڑھ کر نشانے پر پہنچنا۔
مراد سیدھا نشانے کی طرف نہ
جانا بلکہ قوس نما شکل میں جاکر
نشانے پر لگنا۔ گولی کا چڑھاؤ کرنا۔

گھوڑا (مذکر) بندوق کے پٹاخے پر
مارنے والا گھوڑے کے چہرے
کی وضع کا پرزہ جس کی ضرب
سے پٹاخے کا مسالا بھڑک اٹھتا
اور بارود میں آگ لگا دیتا ہے۔
یہ پٹاخہ بھرا بندوق کے
نپل پر اور کارتوس کے پیندے
کے بیچ میں لگایا جاتا ہے۔
بعض جدید ایجاد بندوقوں میں
گھوڑا نہیں ہوتا بلکہ نال کے
تحت کے اندر کارتوس کے
پیندے کی زد میں لوک دار
کمانی لگی ہوتی ہے۔ جو لبلبی دبا
پر گھوڑے کا عمل کرتی ہے۔
(دیکھو بندوق)

لبلبی (مونث) بندوق کے گھوڑے
کی کمانی کے کتے کو اس کی
بیٹھک سے کھسکا دینے والا پرزہ
کتے کے اپنی جگہ سے ہٹنے پر کمانی
کھلتی اور گھوڑے کو گراتی ہے۔
دیکھو بندوق۔

(دبانا) لبلبی کو انگلی کی حرکت
سے اندر کے رخ کھینچنا۔ دیکھو
کتا، گھوڑا اور کمانی۔

لنگر (مذکر) دیکھو چکر۔

مشین گن (مونث) جدید ایجاد بندوق
جو کل کے ذریعے چلتی اور مسلسل
گولیوں کی بوچھار کرتی رہتی ہے۔

مغز کیل (مونث) بندوق کی پالکی کا کیلا
جو جدید قسم کی بعض بندوقوں کی
نال کو کندے سے جوڑے رکھتا ہے۔
اور حسب ضرورت کارتوس نکالتے
اور ڈالتے وقت نال کو کندے
سے کھولنے اور بند کرنے کے لیے
کنجی کا کام دیتا ہے۔ دیکھو پالکی اور
بندوق۔

مکڑی (مونث) بندوق کے گھوڑے کی
کمانی کے چکر کو دبائے رکھنے کا پرزہ
دیکھو چکر اور کتا۔

مکھی (مونث) نظرگاہ۔ بندوق کی نال
کے اگلے سرے کے منہ پر چھوٹی سی
گھنڈی کی شکل کا لگا ہوا پرزہ
جس سے نظر ملا کر نشانہ باندھا جاتا
ہے یعنی نشانے کی سیدھ دیکھتے
ہیں (دیکھو بندوق)

(ملانا) مکھی کے مقابلے میں نشانے کو لانا۔

مکھی پوش (مذکر) مکھی کی حفاظت کا
ڈھکن۔ محافظ مکھی۔

ٹُنڈرا (مذکر) دیکھو ٹنی۔

مورچہ (مذکر) فارسی مورچال یا مورچل کا اُردو تلفظ۔ میدانِ جنگ میں بندوقچیوں کے پناہ لینے کو خندق کی شکل کا بنا ہوا گڑھا جو حسبِ ضرورت چھوٹا بڑا اور گہرا بنایا جاتا ہے۔ مورچہ اور دمدمے کے فرق کے لیے دیکھو دمدمہ۔

۲۔ بندوق کی نال میں زنگ لگی ہوئی جگہ یا زنگ کھایا ہوا نشان مجازاً زنگ جو نال میں لگ جائے۔ (لگنا)

مُہرہ (مذکر) دیکھو اڑا۔

میگزین (مذکر) دیکھو توسدان۔

۲۔ بارود اور اُس کی بنی ہوئی چیزوں کا گودام یا بارود خانہ۔

نال (مونث) بندوق کا تیر یعنی نلی۔

۲۔ آتش بازوں کی کھلونا توپ جو لکڑی کے کندے میں نال کا دس یا بارہ انچ لمبا ٹکڑا اُجڑ کر بنائی اور تفریح یا کسی تقریب کے موقع پر آواز کرنے کو چھوڑی جاتی ہے۔ اصطلاحاً نال کہلاتی ہے۔

نِشانہ (مذکر) ہدف۔ وہ پیشِ نظر جگہ جس پر ضرب لگانی مقصود ہو۔ (لگانا۔ تاکنا۔ جمانا)

(پر بیٹھنا) پیشِ نظر جگہ پر صحیح ضرب لگنا۔ ٹھیک مقام مقصود پر مار پڑنا۔

(جمانا) نشانہ صحیح کرنا۔ نگاہ کو نشانے سے ملانا۔

نظرگاہ (مونث) دیکھو لکھی۔ دیدبان۔

یرغو (مذکر) دیکھو پھریرا۔

یک ضربی بندوق (مونث) ایک نالی بندوق۔

ضمیمۂ فصل دوم

ورزشی کھیل

آڑ گوڑ (مذکر) گیڑیوں کے کھیل کی اصطلاح مُراد وہ بڑی اور وزنی گیڑی جو نشانہ لگانے کے لیے کھیل کے میدان میں کھلاڑیوں کی ٹولیوں کے بیچ میں رکھ دی جائے۔ گوڑ گیڑے کا اصطلاحی تلفظ ہے۔ دیکھو گیڑی (مارنا)

آڑی (مذکر) کھلاڑیوں کی ٹولی کا ہم جولی۔ ساتھی۔ مددگار حمایتی (ورزشی کھیلوں کی مشترک اصطلاح) (بنانا)

۲۔ فن بانک کے ایک داؤ کا نام۔

آنکھ مچولی (مونث) ٹرمری۔ حریف سے چھپ کر بچ نکلنے کی مشق کا کھیل جو اس طرح ہوتا ہے کہ کھلاڑیوں کی ٹولی قرعہ اندازی کے ذریعے اپنے میں سے کسی ایک کو حریف بنا کر اس کو اصطلاحاً چور کہتے ہیں اور ایک معتبر کھلاڑی کو حمایتی بنا کر ایک محفوظ جگہ بٹھا دیتے ہیں۔ اس حمایتی کو اصطلاحاً دائی کہتے ہیں۔ دائی چور کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر پاس بٹھا لیتی ہے جب سب کھلاڑی اپنی اپنی پناہ گاہوں میں جا چھپتے ہیں تو چور کی آنکھیں کھول کر چھوڑ دیتی ہے وہ جس جگہ کھلاڑی کی آہٹ پاتا یا شبہ کرتا ہے اس جگہ چپکے چپکے دبے پیروں جاتا ہے۔

کھلاڑی بھی اس کی نقل و حرکت
سے ہوشیار رہتے ہیں اور جس
طرف اس کا رُخ دیکھتے ہیں
اس طرف سے کسی دوسری طرف
کو نکل جاتے ہیں اور جب
موقع پاتے ہیں بھاگ کر حمایتی
کی پناہ میں آجاتے ہیں جو کھلاڑی
غفلت کرتا یا سُست ہوتا ہے
اور چور کے ہاتھ آجاتا ہے تو پھر
وہ چور بنایا جاتا ہے۔ اگر تین یا
سات مرتبہ کوئی کھلاڑی نہ پکڑا
جائے تو چور کو کچھ سزا دے کر
کھیل ختم کر دیا جاتا ہے۔

اِبّی کا (مذکر) گلی ڈنڈے کے کھیل کی
اصطلاح۔ دیکھو گلی ڈنڈا۔

اُچک بِلّی (مذکر) دیکھو چیل جھپٹا۔

اگل جھپ (مذکر) دیکھو اندھا بھینسا۔

نقرہ ۵۲

اندھا بھینسا (مذکر) آنکھ مچولی کی طرح
کا کھیل۔ اس فرق کے ساتھ
کہ اس میں حریف کی جس کو
اصطلاحاً اندھا بھینسا کہتے ہیں
آنکھیں بند رکھی جاتی ہیں۔ اور
کھلاڑی اس کو چاروں طرف سے
گھیر لیتے ہیں۔ وہ اُن کی آہٹ
یا آواز پر جھپٹ کر پکڑنے کی
کوشش کرتا ہے اس عمل میں
جس کسی کو پکڑ لے یا چھولے
وہ اس کا قائم مقام بنایا جاتا ہے۔
۲ اس کھیل کا ایک دوسرا طریقہ
کسی نشانے پر آنکھیں باندھ کر
اٹکل سے ضرب لگانا ہوتا ہے۔
اس میں کامیاب کھلاڑی انعام
پاتا ہے۔ اس طریقے کو بعض مقام
پر اگل جھپ اور اندھا بادشاہ
کہا جاتا ہے۔

بِتّا (مذکر) گلی ڈنڈے کے کھیل کی
اصطلاح مُراد ڈنڈے سے
گلی کو مار کر دور پھینکنے کا عمل۔
(لگانا۔ مارنا)

بِتّی (مونث) دیکھو جڈی چڈول

بلیرڈ (مذکر۔ مونث) بدیسی گھریلو کھیل
جو ہندستان میں انگریزوں کا
پھیلایا ہوا ہے۔ اس کھیل کا کوئی
ہندستانی نام نہیں رکھا گیا۔
ہندستان کی ہر زبان میں اس
کا اصلی نام زبان زدِ عام ہو گیا ہے
میز پر گیند اور چھڑیوں سے
کھیلا جاتا ہے۔
۲۔ اسی قسم کے کھیل کی ایک مختصر
صورت فنگر بلیرڈ کہلاتی ہے
یہ بھی اپنے اصلی نام سے مشہور
ہے۔ اور تعلیم یافتہ گھرانوں میں
بہت چل گیا ہے۔

بیڈ منٹن (مونث۔ مذکر) بدیسی میدانی
کھیل۔ اس کھیل کے لیے بھی
کوئی ہندستانی نام نہیں ہے
اس کا کھیل ٹینس کے کھیل کی
ایک مختصر اور سہل صورت ہے۔
دیکھو ٹینس۔

پھرٹو تارا (مذکر) دیکھو چادر چھپوّاں

پالا (مذکر) کھلاڑیوں اور بازی گروں
کی اصطلاح مُراد حریف سے
مقابلے کے میدان کا مخصوص مقام
(حدِ فاصل) جہاں سے حریف
کو بھگا دینے یا جس کے جیت
لینے کو کامیابی مان لیا جائے۔
(جیتنا۔ ہارنا۔ مارنا)

پٹھو (مذکر) کھلاڑیوں کی اصطلاح
مُراد پُشت و پناہ۔ حمایتی۔ مددگار
ساتھی۔ تفصیل کے لیے دیکھو
پیشہ پہلوانی (بنانا)

پنگ پونگ (مذکر) بدیسی گھریلو
کھیل۔ مثل دوسرے بدیسی
کھیلوں کے اس کا بھی کوئی
ہندستانی نام نہیں ٹینس کی
قسم سے ہے اور کمرے میں ایک
مختصر سی میز پر بہت چھوٹے
بلّے اور گیند سے کھیلا جاتا ہے۔

پن کورچہ (مذکر) نشانے بازی کی
مشق کا کھیل جس کا طریقہ چند
چھوٹی چھوٹی چیزوں کو زمین
پر اوپر تلے رکھ کر گیند کا نشانہ
بنایا جاتا ہے اور ایک مقررہ

فاصلے پر گیند مار کر نشانہ صحیح کرنے
کی مشق کی جاتی ہے۔

پینگ (مذکر) جھولے کے لیے جھونٹے
جو جھولے میں کھڑے ہو کر بیٹھکیاں
لگا کر بڑھائے جاتے ہیں۔
اس مشق سے سانس بڑھتا اور
ٹانگیں مضبوط ہوتی ہیں اور
دونوں کی ورزش ہو جاتی ہے۔
(لگانا)

پھل پھول (مونث) دیکھو جھائیں مائیں۔
اینڈے بینڈے گھومنے دوڑنے
کا کھیل۔ اس کو تال بم بھی
کہتے ہیں۔

تال بم (مونث) دیکھو جھائیں مائیں۔

ٹٹی گدائی (مونث) ایک بلندی کی
ٹٹی پھلانگنے کا ورزشی کھیل
جس کی مشق گھوڑے سوار ہو کر
اور پیادہ دونوں طرح سے کی
جاتی ہے۔ پہلی صورت میں گھوڑے
کی سواری کی مشق اور دوسری
میں دوڑنے اور پھاندنے کی
مہارت بڑھتی ہے۔

ٹولی (مونث) کھلاڑیوں کی جماعت
(پارٹی)

ٹینس (مذکر، مونث) بدیسی میدانی کھیل
ہندستانی زبان میں اس کا کوئی
نام نہیں۔ مقررہ جگہ پر گیند اور
بلے سے کھیلا جاتا ہے۔ ہار اور جیت
معلوم کرنے کو میدان کے بیچ
میں تقریب تین فٹ اونچائی
پر لمبا جال تان دیا جاتا ہے۔

جیت (مونث) حریف پر کامیابی یا فتح۔

جھاڑ بندر (مذکر) چیل جھپٹے کے کھیل
کا مقامی نام۔ دیکھو چیل جھپٹا۔

جھاڑیل (مونث) مُستثنےٰ۔ حریف سے
ہاتھ یا پیر کے چھو جانے کو ہار کی
سند نہ ماننا۔
(بولنا) ہاتھ یا پیر کو حریف سے
چھو جانے کو مستثنےٰ کرنا۔
ف۔ ہاتھ پیر کی جھاڑیل ہے۔

جھائیں مائیں (مونث) تال بم۔ چکر بھنی۔
چکر پھیری۔ ایک کھیل کا نام
جس میں کھلاڑی حلقہ باندھ کر
کھڑے ہوتے اور ایک دوسرے
کا ہاتھ پکڑ کر دائرہ بنا لیتے ہیں
پھر باہم ایک دوسرے کو کھینچتے
ہوئے زور سے گھومتے ہیں
اس حلقے کے مرکز پر ایک کھلاڑی
کھڑا کیا جاتا ہے۔ اگر وہ حلقہ توڑ
کر نکل جائے تو تمام کھلاڑی
چکر کھاتے ہوئے اس کو پکڑنے
کو دوڑتے ہیں اور چکرا کر گر
جاتے ہیں۔

جُھجّو (مذکر) جھونٹے کا اسم مصغر۔
دیکھو جھونٹا۔

جھولی جھلیاں (مونث) ادھوڑا جھولا۔
جو دو یا ایک لٹکی ہوئی رسی
کی شکل ہوتا ہے جس کو ہاتھوں
سے پکڑ کر لٹک جاتے اور جھونٹے
لیتے یا پینگ بڑھاتے ہیں۔
۲۔ کسی لمبی بلی کے سرے سے
بندھی لٹکتی ہوئی ایک یا کئی
رسیوں کا جھولا جس کو پکڑ کر
لٹکتے اور بلی کے گرد چکر لگاتے ہیں۔

جھولا (مذکر) زمین سے اوپر لٹکی ہوئی
رسی یا اسی قسم کی کوئی اور چیز
جھولے کی ورزش کے لیے مضبوط
رسا یا زنجیر استعمال کی جاتی ہے۔
(جھولنا)

جھونٹا (مذکر) جھولے کی آگے پیچھے
حرکت جو ہوا کے اثر سے ہو یا
جھولنے والے کے عمل سے۔
(لینا) جھولے میں بیٹھ کر کھڑے
ہو کر یا لٹک کر آگے پیچھے
حرکت کرنا۔
(بڑھانا) جھونٹے کی حرکت کو
لمبا کرنا۔

چادر چُھپواں / چدر چُھپواں (مونث) بھڑ تارا دگن
ایک کھیل جس میں
کھلاڑیوں میں سے کسی ایک
کھلاڑی کو چادر کے اندر چھپا دیا
جاتا ہے۔ باقی سب کھلاڑی چھپ
جاتے ہیں پھر چور کھلاڑی کی
آنکھیں کھول کر چادر کے اندر

کے کھلاڑی کی شناخت کرائی جاتی ہے اور اگر وہ صحیح بتا دے تو پھر چھپنے والا چور بنایا جاتا ہے تا آخر۔

چپا (مذکر) گلی ڈنڈے کے کھیل کی اصطلاح مُراد ڈنڈا مارنا۔

چڈی چڈول (مونث) چڈی ٹپا۔ ایک کھیل کا نام جس میں دو، دو کھلاڑیوں کی جوڑی بنا کر ایک حلقے میں کھڑے ہوتے ہیں۔ ہر جوڑی کا ایک کھلاڑی سوار اور دوسرا گھوڑا بنتا ہے۔ ان میں جو افسر ہوتا ہے وہ گھوڑے سے اُتر کر کھیل کا مقررہ کلمہ مُنھ سے کہتا ہوا حلقے کے گرد دوڑتا ہوا چکر لگاتا ہے۔ اس دوڑ میں اگر اس کا دم ٹوٹ جائے یعنی سانس لے لے تو تمام سوار کھلاڑی گھوڑے بن جاتے ہیں۔ اس کھیل کو بعض مقام پر سُرنگ لال گھوڑی اور بعض جگہ چڈی ٹپا کہتے ہیں یعنی سوار گھوڑے بن جاتے ہیں تا آخر۔

چرخ (مذکر) جھولوں کا چکر جس کو عام طور پر چکر کہتے ہیں چھتری کی شکل کا بنا ہوتا ہے جس کے چاروں طرف مختلف قسم کی نشستوں کے جھولے لٹکے ہوتے ہیں جن پر شوقینوں کو بٹھا کر چکر دیتے ہیں دیسی چرخ کو ایک دو آدمی گھما لیتے ہیں۔ سرکسوں کے ولایتی بنے ہوئے چرخ جو بہت بڑے اور پھیلاؤ دار ہوتے ہیں انجن یا بجلی کی قوت سے چلائے جاتے ہیں۔

چرخچی (مذکر) چرخ کا مالک یا گھمانے والا شخص۔

چرخی بلا (مذکر) دیکھو چمورانی۔

چک پھیری (مونث) دیکھو چھائیں مائیں۔

چکئی (مونث) لٹو کی قسم کا کھیل جس میں ڈوری باندھ کر پھینکتے ہیں جو پلٹ کر واپس ہاتھ میں آجاتی ہے (پھرانا)

چمورانی (مونث) چرخی بلا۔ دیسی میدانی کھیل جو ایک محدود جگہ میں چار یا آٹھ خانے بنا کر کھیلا جاتا ہے۔ کھلاڑی اس کے پہلے خانے میں پتھر یا ٹھیکرے کا گیتا ڈالتا ہے اور پھر اُچک کر اس خانے میں جا کر ایک ایک ٹانگ سے کھڑا ہو کر گیتے کو پیر مار کر خانے کے باہر لاتا ہے۔ اگر گیتا خانے کی لکیر پر ٹک جائے تو کھلاڑی کی ہار مانی جاتی ہے۔ اس گیتے کو دکن میں بلا اور شمالی ہند میں رائی کہتے ہیں۔ اور یہی اس کھیل کی وجہ تسمیہ ہے۔

چور (مذکر) بعض ورزشی کھیلوں کے کھلاڑیوں کی مشترک اصطلاح مُراد کھیلنے والی ٹولی میں کا وہ کھلاڑی جو حریف بنایا جائے۔

چوگان (مونث) پولو (انگریزی) گیند بلے کا کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلا جائے جس کا مقصد دراصل گھوڑے کی سواری کی ورزش اور مشق ہوتا ہے۔

چیپ چنڈول (مذکر) گلی ڈنڈے کے کھیل کا مقامی نام۔ دیکھو گلی ڈنڈا۔

چیل چھپٹا (مذکر) جھاڑ بندر۔ دوڑ اور جھپٹ کا کھیل جس میں قرعہ اندازی کے ذریعے ایک کھلاڑی کو میدان میں بٹھا دیا جاتا ہے اور اس کے گرد ایک مقررہ فاصلے پر دوسرے کھلاڑی گھیرا باندھ لیتے ہیں اور اس کی نگاہ بچا کر جھپٹ کر اس کو چھونے آتے ہیں۔ ان میں سے جو کوئی پکڑا جاتا ہے وہ شکست خوردہ سمجھا جاتا اور علیحدہ بٹھا دیا جاتا ہے۔ اسی طرح کھیل ختم ہوتا ہے۔

دوڑ (مونث) تیز بھاگنے کی ورزش گیند بلے کے کھیل کی ایک اصطلاح۔ دیکھو گیند بلا۔

سٹرول (مذکر) کھلاڑیوں کی ٹولی کا سرگروہ۔

سرپٹ دوڑ (مونث) سر سامنے کر کے یا اوپر کا دھڑ سامنے کو جھکا کر تیز دوڑنے کی مشق۔

سُرنگ لال گھوڑی (مونث) دیکھو چڈی چڈول۔

سٹی سجا (مونث) پانی کے اندر آنکھ مچولی کا کھیل۔ آنکھ مچولی۔

فٹ بال (مونث) بدیسی میدانی کھیل جو ہندستان میں انگریزی راج کا پھیلا ہوا ہر۔ اس کا کوئی ہندستانی نام نہیں۔ ہر ہندستانی بولی میں اپنے اصلی نام سے مشہور ہر اور بہت عام ہر۔

فنگر بلیرڈ (مونث) دیکھو بلیرڈ فقرہ ۲

کابڑی (مونث) گلی ڈنڈے کے کھیل کی اصطلاح مراد ہارے ہوئے کھلاڑی کا دور پھینکی ہوئی گلی کو اٹھا کر بھاگتے ہوئے پچھی پر آنا۔ (بھاگنا) دیکھو گلی ڈنڈا فقرہ ۲

کبڈی (مونث) دیسی میدانی کھیل جس میں کھلاڑیوں کی دو ٹولیاں آمنے سامنے کھڑی ہوتی ہیں اور بیچ میں ایک حد فاصل بنا لیتے ہیں جس کو اصطلاحاً پالا کہتے ہیں پھر کسی ایک ٹولی کا ایک کھلاڑی مقابلے کے لیے دوسری ٹولی والوں کی طرف جاتا ہر اور ایک سانس بھرے تک ان سے مقابلہ کرتا ہر اور اس عرصے میں دوڑ پھر کر ان کو مارنے کی اور وہ سب اس کو پکڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایک سانس میں یہ ان میں سے جتنوں کو چھو دے اور واپس پالے (حدِ فاصل) پر آجائے تو وہ سب ہارے ہوئے سمجھے جاتے اور کھیل سے علیحدہ کر دیے جاتے ہیں۔ اور اگر وہ اپنے اس حریف کو پکڑ لیں اور پالے تک آنے دیں یہاں تک کہ اس کا سانس ٹوٹ جائے تو اس کو ہارا مانا اور کھیل سے علیحدہ کر دیا جاتا ہر۔

کرکٹ (مذکر) بدیسی میدانی کھیل اردو میں گیند بلا کہلاتا ہر۔ دیکھو گیند بلا۔

کروکی (مونث) بدیسی میدانی کھیل جو بظاہر پولو (چوگان) کے کھیل سے مختصر اور معمولی شکل میں عام کھلاڑیوں یا طالب علموں کے لیے ایجاد کیا معلوم ہوتا ہر۔ اردو میں اس کا کوئی نام نہیں۔

کوڑی ذقن (مونث) دیسی میدانی کھیل جس میں کوڑی یا اسی قسم کی کسی چیز کو زمین میں گڑھا کر کے دبا دیا جاتا ہر اور جگہ جگہ اس جیسے نشان بنا دیے جاتے ہیں۔ تمام کھلاڑی اس کی تلاش کے لیے میدان میں جاتے ہیں جو اس کوڑی کو ڈھونڈ نکالتا ہر وہ کام یاب سمجھا جاتا اور دوسرے کھلاڑیوں پر حاکم بنایا جاتا ہر۔

اس کھیل کا ایک طریقہ یہ ہر کہ میدان میں مٹی کی چھوٹی چھوٹی ڈھیریاں لگا دی جاتی ہیں اور ایک کھلاڑی ان میں سے ہر ایک کے قریب جا کر بیٹھتا ہر اور اسی عمل میں کسی ایک ڈھیری میں کوڑی یا مقررہ نشانی چھپا دیتا ہر جس کے ڈھونڈنے کو دوسرے کھلاڑی بھیجے جاتے ہیں۔

کھائی پھلانگ (مونث) میدانی کھیل جو گڑھے، نالے، خندق یا کھائی کو پھلانگنے کی مشق کے لیے کھیلا جاتا ہر۔ کام یاب کھلاڑی انعام کے مستحق ہوتے ہیں۔ گھوڑے سوار ہو کر بھی یہ مشق کی جاتی ہر۔

گاف (مذکر۔ مونث) بدیسی میدانی کھیل جس کو ہندستانی کھیل میں گلی ڈنڈے کی ایک جدید ایجاد

صورت سمجھنا چاہیے۔ کیوں کہ یہ گلی ڈنڈے کے طریقے پر معمولی تبدیلی کے ساتھ کھیلا جاتا ہے ڈنڈے کے بجائے اس میں لمبی ڈنڈی کا چوپنچ دار بلا ہوتا ہے اور گلی کی بجائے ربر کی ایک چھوٹی ٹھوس گیند۔ اس کھیل کا اُردو میں کوئی نام نہیں۔

گدا (مذکر) گیند بلے یا گیند کے کھیل کی اصطلاح مراد گیند کا بلندی سے زمین پر گر کر اوپر کو اُچک جانے کا عمل۔ (کھانا۔ لینا)

گُچھی (مونث) کوئی، گولک، گلی ڈنڈے اور گولیوں کے کھیل کی اصطلاح مُراد پانچ چھ انچ لمبی نالی جو گلی کو دور پھینکنے کے لیے ڈنڈے کا مُنھ ٹکانے کو زمین کھود کر بنالی جائے۔

۲۔ گولیوں کے کھیل کی گچھی گول شکل کی بنائی جاتی ہے۔ اور ایک مقررہ فاصلے پر کھڑے ہو کر گولیاں اس میں پھینکی جاتی ہیں۔ بعض مقام پر گولک اور گل گچھیا کہتے ہیں۔

(بھرنا، گچھی پر گلی رکھنا یا گچھی میں گولیاں ڈالنا۔

گل گچھیا (مونث) دیکھو گچھی فقرہ ۲

گلی (مونث) گلی ڈنڈے کے کھیل کی اصطلاح مُراد ڈنڈے کی جوڑی یا پانچ چھ انچ لمبی اور نکیلے مُنھ کی بنائی جاتی ہے جس کو کھیل میں ڈنڈا مار کر دور پھینکا جاتا ہے۔

گلی ڈنڈا (مذکر) دیسی میدانی کھیل جس میں کھلاڑی گلی کو ڈنڈے سے مار کر دور پھینکتا ہے اور کھیل کے قاعدے کے تحت یہ عمل کئی بار کیا جاتا ہے۔ دوسرا کھلاڑی گلی کو اس کی جگہ یعنی گچھی پر لوٹانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس میں کام یابی ان کی جیت سمجھی جاتی ہے۔

(گلی کا ڈنڈا قریب دو فٹ لمبا ہوتا ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک انچ قطر کا)

گولک (مذکر) دیکھو گچھی فقرہ ۲
بعض کھلاڑی گل گچھیا کہتے ہیں۔

گیڑی (مونث) لفظ گیڑے کا اسم مصغر (دیکھو جلد اول صفحہ ۷)
ایک خاص قسم کے درخت کا لمبا اور اوسط درجے کا موٹا تنا جو چھپر اور کھپریل چھانے کے کام آتا اور اصطلاحاً بلّی کہا جاتا ہے۔

گیڑی کھلاڑیوں کی اصطلاح میں کہنی دار مُنھ کی تقریب ڈیڑھ، دو فٹ لمبی اور اوسط درجے کی موٹی لکڑی کو کہتے ہیں جس سے ایک دیسی میدانی کھیل کھیلا جاتا ہے جو اصطلاحاً گیڑیاں کھیلنا کہلاتا ہے۔ اس کھیل میں ایک گیڑی کو پالے پر یعنی کھیل کے میدان کے بیچ میں رکھتے ہیں۔ اور ایک کھلاڑی اُس پر اپنے ہاتھ کی گیڑی تان کر زور سے مارتا ہے۔ اس ضرب سے پالے پر رکھی ہوئی گیڑی اگر مقررہ حد کے باہر جا پڑے تو اس پر قبضہ کر لیا جاتا ہے۔ اور دوسری گیڑی نشانہ لگانے کو رکھی جاتی ہے۔ ناکام کھلاڑی علیحدہ کر دیا جاتا ہے۔

گیند بلا (مذکر) کرکٹ۔ گیند اور بلے کا مشہور و معروف کھیل۔ عام طور سے انگریزی اصطلاحات مروج ہیں۔

لال (مذکر) گلی ڈنڈے کے کھیل کی اصطلاح دس ڈنڈوں کی ناپ کے برابر گلی پھینکنے کو ایک لال کہتے ہیں۔

۲۔ دس لال کی ایک کا بڑی اور بیس لال کا ایک مُنڈا کہلاتا ہے۔ (بنانا)

لون پاٹ (مذکر) میدانی کھیل جو دکن میں لون پاٹ کہلاتا اور ہر جگہ کھیلا جاتا ہے اس طرح کہ زمین پر ایک مقررہ پیمائش کا تین خانوں کا میدان بنایا جاتا ہے جس پر دو دو کھلاڑی بالمقابل کھڑے ہو کر کبڈی کی طرح کا کھیل کھیلتے ہیں اور ایک خانے سے دوسرے خانے میں چلتے ہوئے پالے تک جاتے ہیں خانوں کے نام اگل چھانپ، چوا، اڑکالی اور انگ پاٹ ہیں۔ اور ان کے بیچ کا خط جو حدِ فاصل ہوتا ہے سرناٹ کہلاتا ہے۔

نٹ (مذکر) سرکس کے کھلاڑیوں کی طرح بانس اور رسی وغیرہ کے اوپر مختلف قسم کے ورزشی کرتب کرنے والے ایک قبیلے کا نام اصطلاحاً بانس پر قلابازیاں کھانے اور رسی پر چلنے والے کو کہتے ہیں۔

نٹ بازی (مونث) مختلف قسم کے ورزشی کرتب اور ان کا تماشا دکھانے کا فن۔

نیرہ بازی (مونث) نیرہ مارنے کی مشق جو زمین پر گاڑی ہوئی میخ کو گھوڑے پر دوڑتے ہوئے نشانہ بنا کر کی جاتی ہے۔

والی بال (مونث) بدیسی کھیل جو فٹ بال کی طرح تنگ میدان میں ہاتھ سے کھیلا جاتا ہے۔ اس کھیل کا کوئی ہندستانی نام نہیں۔

ہاکی (مونث) بدیسی میدانی کھیل جو کہنی دار ڈنڈوں سے گیند کو مار کر کھیلا جاتا ہے۔ فٹ بال کے کھیل کی طرح اس کا بھی میدان اور ہار جیت ہوتی ہے۔ دیسی کھیلوں میں گلی ڈنڈے اور گیڑیوں کا کھیل اس کی ایک ادنیٰ صورت سمجھی جا سکتی ہے۔

ہنڈولا (مذکر) ایک قسم کا جھولا جس میں جھولے نما کھٹولے متوازی لٹکے ہوتے ہیں۔ دیسی ہنڈولے میں چاروں سمت صرف چار کھٹولے ہوتے ہیں جن کے ڈھانچے کے بیچ میں دُھرا ہوتا ہے جس پر ان کو پہیے کی طرح گھمایا جاتا ہے۔ ولایتی ہنڈولا بہت بڑا ہوتا ہے اس میں بہت سے کھٹولے ہوتے ہیں اور بجلی کی قوت سے گھمایا جاتا ہے ہنڈولے کے حصے بانگ، تھلا، دُھری، کنّی اور کھٹولا کہلاتے ہیں۔

ہنڈولچی (مذکر) ہنڈولا گھمانے والا شخص۔

تیسری فصل

بازی گری

۱۔ مُرغ بازی معہ تیتر، بٹیر اور بُلبُل بازی

اٹکنا (مصدر) اَیل کرنا۔ مرغی کے پٹھوں کا چلتے چلتے بطور عادت آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ ایک ایک دو دو چونچیں لڑنا۔ مڈبھیڑ کرنا، چھیڑ دینا۔

اٹھ پلکا کرنا (مصدر) دیکھو دو پلکا کرنا۔

اصیل مُرغ (مذکر) مرغِ چیل یا گِدھ کے ساتھ مُرغی کا جوڑا لگنے سے پیدا ہوئی دی نسل کا مُرغ پُرگوشت وزنی اور گٹھے ہوئے جسم۔ اونچے ہاڑ، سُتواں پروں کا بہت جیوٹ لڑاکو ہوتا ہو۔ اس کی آنکھیں مثل دانہ مروارید طوطے کی آنکھوں کے مشابہ کلّا لمبا چوڑا بے گوشت لولکیاں کم، کلغی چھوٹی اور موٹی ہوتی ہو۔ مادہ انڈے کم دیتی ہیں۔ بعض مُرغ باز اصیل مُرغ کو کُلنگ کہتے ہیں۔

کہاوت:۔ ماں ٹینی باپ کُلنگ بچے رنگ برنگ۔

اَیل پٹھا (مذکر) اصیل مُرغ کا نوعمر پٹھا جو لڑانے کے قابل نہ ہوا ہو۔ آزاد پھرتا اور دوسرے پٹھوں سے اَیل کرتا رہے۔

اُردوئے روزمرہ میں لفظ الل بچھیر اور الل ٹپ بولا جاتا ہو جس کا مفہوم بے سُدھ بچھڑا اور بغیر بچھا کام یا بے تُکا عمل ہوتا ہو۔

اَیل کرنا (مصدر) دیکھو اٹکنا۔

انارا (مذکر) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد یک رنگ سُرخ پر یا آنکھوں کا مُرغ۔

انڈوسی (مونث) بار آور۔ انڈے دیتی ہوئی یا انڈے دینے والی مُرغی وغیرہ۔

وہ مُرغی جو انڈے دینے کی عمر پر آگئی ہو۔

انّی (مونث) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مُرغ کے پیر کا کانٹا جو نوجوانی پر نکلنا شروع ہوتا ہو اور بڑھ کر نیزے کے انّی کی شکل ہوجاتا ہو۔ یہی اس کی وجہ تسمیہ ہو۔

(مارنا) مُرغ کا انّی سے حریف پر حملہ کرنا۔

اولانگ / اولنگ (مذکر) بدنسلا یا بے میل نسل کا مُرغ۔

اُردوئے روزمرہ میں ایک لفظ اوُلُو بولا جاتا ہو جس کا مفہوم اوپری بے میل یا بے جوڑ ہوتا ہو۔

ف:۔ پہلے پہل میز کُرسی پر بیٹھ کر کھانا بہت اوُلُو معلوم ہوتا تھا۔

ف۲:۔ اونچی ایڑی کا جوتا پہن کر چلنا اوُلُو معلوم ہوتا تھا۔

اونڈا (مذکر) گھوگا۔ پوٹا۔ مُرغ وغیرہ کی دانہ پانی بھر لینے کی پوٹلی جو معدے کے بجائے گردن کے نیچے سینے کے سامنے ہوتی ہو۔

ف:۔ مُرغ کو لڑانے سے پہلے اس کا اونڈا صاف کرلیا جاتا ہو۔

ایک پانی کرنا (مصدر) دیکھو پانی کرنا پانی لفظ پانی کا اصطلاحی تلفظ ہو جس سے مُراد مُرغ کو وقت مقررہ کے لیے پالے میں صرف ایک مرتبہ لڑانا یا جھڑپانا جس میں قطعی ہار جیت نہ ہو اور پھر

ہٹا لینا۔

ایک مرتبہ کے مقابلے کے لیے پالے میں چھوڑنا۔

بارآور (مذکر۔ مونث) انڈوں پر آئی ہوئی مُرغی۔ دیکھو انڈوسی۔

۲۔ مُرغی کے جسم میں انڈے بننے یا پرورش پانے کی تھیلی یا نال۔

باجری (مونث) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد بھوری رنگت کی سفید یا باریک چتی دار مُرغی وغیرہ۔ مُرغ بازوں میں یہ قسم بہت مشہور ہے۔ پروں کی رنگتوں کے لحاظ سے سُرخ باجری، سیاہ باجری وغیرہ نام مشہور ہیں۔

باج کھنڈا (مذکر) باکھلا (بارکھلا) سُرخ و سفید رنگ کے ملے جُلے پروں کا مُرغ وغیرہ۔ یا دو رنگ کے پروں کا مُرغ۔

باچھنا
باچھیانہ } (مذکر) لڑائی میں مُرغ کا اپنے حریف کے جبڑے پر چونچ یا انّی مارنا جس سے زخم پڑ جائے۔

۲۔ مُرغ کے جبڑا پکنے کی بیماری۔

باکھلا
بارکھلا } (مذکر) دیکھو باج کھنڈا۔

باڑھ (مونث) جافری قلقل مرغیوں کے بند کرنے کا جال۔

بازی (مونث) کھیل مُراد مُرغ کے لڑانے کا کھیل۔

(عہد نامہ) مُرغ لڑانے کا قول و قرار کرنا۔

بانجھ بار
بانجھ بار } (مونث) مُرغی کے جسم میں انڈے بننے کی تھیلی یا نال جو کسی خرابی کی وجہ سے سکڑ کر بے کار ہو گئی ہو اور اس میں انڈے کے نطفے کو پرورش کرنے کی قابلیت نہ رہی ہو۔ (ہونا)

بیڑی کرنا (مصدر) لڑاکو مُرغ کو انّی مارنے سے روکنے کے لیے اس کے پیروں میں ڈھیلا بند ڈالنا جس سے وہ چل پھر تو سکے لیکن حریف پر انّی نہ مار سکے یا حملہ نہ کر سکے۔

بچھل پائی (مونث) انّی سے حریف پر حملہ کرنے کے لیے مُرغ کا اُلٹے قدم پیچھے ہٹنے کا عمل۔

(کرنا) حریف پر قوت سے حملہ کرنے کو دو تین قدم پیچھے ہٹنا۔ میدان کرنا۔

بچھوا
بچھوے } (مذکر) مُرغ کی ایک نسل کا نام۔

بحشنا (مصدر) جھڑپنا۔ لڑنے کے وقت انّی مارنے سے قبل مرغوں کا آمنے سامنے ہو کر دو، دو چونچیں کرنا۔ کھید الینا۔

چونچیں ملانا جس طرح پہلوان ہاتھ ملاتے ہیں۔

بدگوشتہ (مذکر) وہ مُرغ جو گوشت پھولنے سے بھدا ہو جائے۔

بغبغانا (مصدر) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مُرغ وغیرہ کا مستی یا لڑائی کے وقت گردن کے پر پھلا کر گنگنی آواز نکالنا۔

بغبغی (مونث) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مُرغ کے جبڑے کے نیچے داڑھی کی طرح لٹکی ہوئی سُرخ کھال۔

بگبگی (مونث) بغبغی کا دوسرا تلفظ دیکھو بغبغی۔

بل کرنا (مصدر) حملہ کرنے سے پہلے مُرغ کا حریف کے سامنے ترچھا ہو کر کتراتے ہوئے آنا۔

بول پڑنا (مصدر) لڑتے میں حریف کے کانٹے کی مار سے مُرغ کا چیخ کر مُنھ پھیر دینا۔ جس طرح پہلوان چیں بول دیتا ہے۔ مُرغ باز مُرغ کے اس طرح چیخ مارنے کو اصطلاحاً بول پڑنا کہتے ہیں۔

ف ۱۔ حریف کی انّی کی مار کی تاب نہ لا کر مُرغ بول پڑا۔

بونڈا مارنا
بونڈھ مارنا } (مصدر) لڑائی میں حریف کے مُنھ یا کلغی پر مُرغ کا چونچ مارنا یا چونچ مار کر گوشت نوچنا۔

بہنگم (مذکر) وہ مُرغ جس کا تاج

معمول سے بڑا سیدھا۔ پتلا کنگورے دار مثل ٹینی مرغ کے ہو اور لولکیاں نیچے لٹکی ہوئی ہوں۔

پاکھٹ (مذکر) دو برس سے زیادہ عمر کا مرغ۔ اُتری ہوئی عمر کا بوڑھا مرغ۔

پالا (مذکر) مرغ اور بٹیر وغیرہ لڑانے کی جگہ۔ تفصیل کے لیے دیکھو ورزشی کھیل (ضمیمہ فصل دوم) (جیتنا، ہارنا، لڑانا، مارنا)

پالی (مونث) پالے کا اسم مصغر۔ پالتو پرندوں کے لڑانے کا اکھاڑا۔ (کرنا، ہونا، بدنا، لڑانا)

پالی کرنا (مصدر) مرغ بازوں کی اصطلاح مراد وقت مقررہ پر مرغوں کو ستانے اور دم لینے کے لیے لڑنے سے علیحدہ کر لینا۔ دوران لڑائی میں اگر ہار جیت نہ ہو تو دس مرتبہ مرغ لڑنے سے علیحدہ کیے جاتے ہیں۔ اس طرح علیحدہ کرنے کو اصطلاحاً ایک، دو، تین، چار تا دس پالی کرنا کہتے ہیں۔

جیسے ایک پالی ہونا۔ دو پالی ہونا وغیرہ۔

لڑنے والے مرغوں کے ستانے یا دم لینے کی مہلت۔

پتیل گردنا (مذکر) مرغ بازوں کی اصطلاح مراد ایسا مرغ جس کی گردن لمبی اور پتلی ہو۔

پٹھا (مذکر) چھ ماہ سے ایک سال تک کی عمر کا نوجوان مرغ۔

پرکھینچ (مونث) ایک بیماری کا نام جس میں بازو کے پر اینٹھ جاتے ہیں۔

پرکار نلیا (مذکر) مرغ بازوں اور بٹیر بازوں کی مشترک اصطلاح مراد چوڑے ہاڑ، مضبوط اور لمبی ٹانگوں کا پٹھا۔ یا نر جو لڑانے کے قابل ہو۔

پرگٹ (مذکر) مرغ بازوں اور بٹیر بازوں کی مشترک اصطلاح مراد نرم بدن اور ہلکے پروں کا مرغ یا بٹیر۔ عام طور سے کم عمر کو کہا جاتا ہے جو پختہ کار نہ ہو۔

پرگانٹھنا (مصدر) مرغ کے پروں کو جو لڑائی میں ضرب کھا کر زخمی ہو گئے ہوں، سہارا دینے کو دوسرے پروں کے ساتھ باندھنا۔

پریل (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح مراد گھنے پروں اور دبلے جسم کا بٹیر جو لڑنے سے جی چرائے۔ تیتر اور بٹیر پروں کی زیادتی سے دبلا اور کم زور ہو جاتا ہے۔

پنچال (مونث) مرغ یا بٹیر کے معدے کی خراب رطوبت یا گندہ مادہ جو سہل سے خارج ہو۔ اس رطوبت کے پیدا ہونے سے جانور لڑنے میں سستی کرتے ہیں۔

پنگا (مذکر) کج پا۔ پنجے ٹوٹا مرغ یعنی جس کے پنجوں کی انگلیاں پھری ہوئی ہوں اور چلنے میں اٹکتا ہو۔ ایسے مرغ کی انی کی مار کم زور ہوتی ہے۔ پنجے پھری مرغی پنگی کہلاتی ہے۔

پنگی (مونث) پنگا۔ کا اسم مونث دیکھو پنگا۔

پھڑکانا (مصدر) بازی کے مرغ کا دل بڑھانے کو کم زور مرغ سے بھڑانا یا دو، دو چونچیں لڑانا۔ بازی کے لیے تیار کرنا۔

پھڑی دینا (مصدر) دیکھو پھڑکانا۔

پھل سرا / پھول سرا (مذکر) تاج کے آگے اور پیچھے سفید پروں کی چوٹی رکھنے والی نسل کا مرغ۔

پھوئی کرنا (مصدر) پانی کی پھوارے مرغ کے پروں کو صاف کرنا یا مرغ اور تیتر، بٹیر وغیرہ کو نہلانا۔

تاج (مذکر) دیکھو کلغی۔

تاج ڈھلا مرغ (مذکر) کج کلغا مرغ وہ مرغ جس کا تاج سیدھا کھڑا رہنے کے بجائے ایک طرف کو ڈھلا ہوا یعنی کج ہے بعض مرغ باز ایسے مرغ کو کج کلغا

کہتے ہیں۔

تال مارنا (مصدر) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد حریف کے مقابلے میں آتے وقت یا مستی کے موقع پر مُرغ کا بازو جھڑپانا۔ بازوؤں کو پر پُھلا کر لٹکانا۔

تتلیا (مذکر) دیکھو تمولیا۔

تحریر (مونث) بٹیر بازوں کی اصطلاح مُراد بٹیر کے سر پر کلغی کا چھوٹا سا باریک نشان جیسا کہ مُرغی کے بچے کے سر پر ہوتا ہے۔

ترڑی (مونث) بھرا، بڑھاوا، ہمت افزائی، شاباش۔
(دینا) حریف سے مقابلے کے لیے اُبھارنا۔ اُکسانا۔ بھرا دینا بھڑکانا، بڑھاوے چڑھاوے دینا۔ ہمت بڑھانا۔

تلواسا (مذکر) تلیانا (تلی آنا) کف پائی، مُرغ کے تلوے یعنی پنجے کے نیچے کی گدی میں گٹا پیدا ہو جانا یعنی کھال میں سخت گانٹھ پیدا ہو جانا جو چلنے میں تکلیف دینے لگے۔

تلیانا / تلی آنا (مذکر) دیکھو تلواسا۔

تمولیا (مذکر) تتلیا۔ مُرغ بازوں کی اصطلاح میں رنگت کے لحاظ سے مُرغ کا نام مُراد ایسا مُرغ جس کی گردن اور پُشت کے پر سُنہرے اور باقی جسم کے پر سیاہی مائل سُرخ رنگ کے ہوں۔

تن پکڑنا (مصدر) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد دُبلے مُرغ کا اچھی غذا کھانے سے موٹا ہونا۔ جسم پر گوشت چڑھنا۔

توبڑی (مونث) (رذا)۔ مُرغ کی چونچ پر چڑھانے کا ڈوری یا کسی اور چیز کا بنایا ہوا حلقہ۔
(بنانا۔ چڑھانا) مُرغ کی چونچ پر ڈوری وغیرہ کا حلقہ چڑھا کر بند رکھنا تاکہ وہ کسی چیز پر چونچ نہ مار سکے اور نہ کچھ کھا سکے۔

تہ (مونث) مُرغ باز اور بٹیر بازوں کی مشترک اصطلاح مُراد بھورے رنگ کی بُودار رطوبت جو مُرغ یا بٹیر کے خالی معدے سے نکلنے لگے۔
ف: جب تہ آنے لگے تو فوراً چکھی (دانا) دینا چاہیے ورنہ جانور کے بیمار ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

تیز پرا (مذکر) لڑنے میں حریف کے انی مارنے کے بجائے پر مارنے کا عادی مُرغ جو اُچک اُچک کر بازو جھڑپائے اور مارے۔

تیس ڈنکا (مذکر) تیس مرتبہ پالی جیتا ہوا مُرغ۔ دیکھو ڈنکا۔

تھر کڑک (مونث) وہ مُرغی جو زیادہ دن کڑک نہ رہتی اور انڈوں پر نہ بیٹھتی ہو یعنی باقاعدہ انڈے سینے کے قابل نہ ہو۔

تھل جوڑا (مذکر) پختہ عمر کے اصیل مُرغا مُرغی کا جوڑا جو خوب بھرا ہوا ہو جن کے انڈوں سے بچے مضبوط اور اچھے ہاڑ کے نکلتے ہوں۔

تھلے (مذکر) اصیل مُرغا مُرغی کے پختہ عمر کے جوڑے۔ عمدہ تاؤ کے جوڑے۔

ٹاپا (مذکر) کھانچہ۔ مُرغ کے بند کرنے کا تنکوں کا بنا ہوا چھاپا۔ دیکھو جلد سوم ص۱۲

ٹڈا (مذکر) معمول سے زیادہ لمبی نلیوں کا اصیل مُرغ۔

ٹوٹن (مونث) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد کھوپری اور گردن کی ہڈی کا جوڑ یا کھوپری کی چول جو لڑائی میں بے کل ہو جاتی ہے۔
(ٹلنا۔ جانا) کھوپری کا جوڑ بھڑک جانا یعنی جوڑ میں بل آ جانا۔
(بٹھانا) جوڑ کو صحیح کرنا۔

ٹیک (مونث) مُرغ کا ایسا تاج یا کلغی جو گھنگرائی ہوئی ہو یعنی

بجائے سیدھے ہونے کے گھنڈی نما ہو۔

۲۔ کلغی کے اطراف سر کا حصہ۔ (مارنا۔ پکڑنا۔ کاٹنا) لڑائی میں مُرغ کا کلغی پر چونچ مارنا۔

ٹیکی (مونث) کھپچوں کا ڈھانچہ یا اڈوار جس کے سہارے پالی میں لڑتے ہوئے مر جانے والے مُرغ کو تھوڑی دیر کے لیے کھڑا رکھا جائے۔ مُرغ باز مُرغ کے احترام کے لیے یہ عمل کرتے ہیں۔ تاکہ حریف اس کو زندہ سمجھ کر مرعوب رہے اور رگیدے نہیں۔

ٹیکریا (مذکر) وہ مُرغ جس کی کلغی گھنگرائی ہوئی ہو یعنی بل کھائی ہوئی گھنڈی نما ہو۔

ٹینی (مونث) مُرغی کی معمولی عام دیسی نسل۔

ٹھکرانا (مصدر) مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مُرغ کا سستی یا حملے کے موقع پر ٹانگ پر بازو جھڑپانا۔

ٹھیک (مونث) لڑائی کی تکان دور کرنے کے لیے مُرغ کے جسم کو سینک پہنچانے کا ایک خاص قسم کا بنایا ہوا بھٹ۔

جافری (مونث) ٹھاٹر۔ دیکھو باڑھ۔

جاوا (مذکر) مُرغ بازوں میں مُرغوں کی ایک نسل جاوا کے نام سے معروف ہے جو مشرقی جزائر کے کسی مقام یا جاوا سے ہندستان میں آئی۔ اور اسی نام سے مشہور ہو گئی۔ اس نسل کے مُرغا مُرغی خوب صورت بڑے ہاڑ اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔ بعض عمدہ رنگتوں کی وجہ سے اُن کے حسب ذیل نام مشہور ہو گئے ہیں:۔
پُھل سرا، تتلیا، تمولیا، جلالا کھا، چتلا، چُنیا، چمپلیا، سبزا، طاؤسی، دودیا، عُنابیا، کھجوریا، لکھوریا، مہندیا، نوری وغیرہ۔

جبڑی باندھنا (مصدر) مُرغ کے ٹوٹے ہوئے جبڑے کی بندش کرنا، یا مرہم پٹی کرنا۔

جی چھوڑو (مذکر) کچیا۔ ہمت ہارو وہ مُرغ جو حریف کے مقابل آنے سے کچیائے اور مُنھ پھیرے۔

جھالرا (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح مُراد ایسا بٹیر جس کے جبڑوں کے نیچے پروں کے گُچھے ہوں جو لڑنے والا اور عمدہ نسل ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

جھڑپ (مونث) مُرغوں کی اُچٹتی ہوئی لڑائی جو آر پار، ہار جیت یا مار مرگی نہ ہو۔ چلتے پھرتے کی دو، دو چونچیں (ہونا۔ کرنا)

چھڑپانا } چھڑپنا (مصدر) مُرغوں کو دو دو چونچیں لڑانا۔ اوپری لڑائی کرانا۔

جھل (مونث) جھونج، جھونجل مُرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مُرغ کا غصہ تیز مزاجی (کرنا)

چابک پیرا (مذکر) حریف پر کانٹا مارنے میں پھرتیلا اور جلد باز مُرغ۔ لڑنے میں چالاک اور تیز مُرغ۔

چتّا } چتیا (مذکر) چتلا۔ کسی رنگت کا ایسا مُرغ جس کے پروں پر مختلف رنگ کی چتیاں ہوں۔
(دیکھو جاوا)

چتلا (مذکر) دیکھو چتا۔

چڑھی کشتی (مونث) پہل کی لڑائی جس میں مُرغ آگے بڑھ کر حریف پر حملے میں پہل کرے اور اس کو پیچھے ہٹاتا چلا جائے۔ (لڑنا)

چڑھی کنیل (مونث) حریف مُرغ کے سر پہ انی کی مار (مارنا)

چکس (مذکر) بُلبُل بازوں کی اصطلاح مُراد بُلبُل کے بٹھانے کا اڈا جو انگریزی حرف ٹی کی شکل کا بنا ہوتا ہے۔

چکھی (مونث) مُرغ بازوں اور بٹیر بازوں کی مشترک اصطلاح مُراد مُرغ یا بٹیر کا معدہ صاف ہونے کے

بعد دینے کی مقوی اور ہلکی غذا۔ (دینا)

چنگ پوٹیا (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح میں ایسے بٹیر کو کہتے ہیں جس کی تحریر، جھالر اور کنٹھ سب سیاہ رنگ ہوں۔ ان صفات کا بٹیر اچھی نسل کا اور خوب لڑاکو شمار ہوتا ہے۔

چنوٹیا (مذکر) ایسا مرغ جس کی لولکیاں سفید ہوں۔ سفید لولکیوں کا جاوی نسل کا مرغ۔

چنیا (مذکر) دیکھو چینا۔ اس کو چینی بھی کہتے ہیں۔

چوپڑ بازی (مونث) مرغ بازوں کی اصطلاح جو مرغ لڑانے کی ایک شرط ہوتی ہے جس میں ہار پر چار مرغ دینے قبول کیے جائیں۔

چوپلکا کرنا (مصدر) دیکھو دو پلکا کرنا۔

چوزہ (مذکر) مرغ کا تین ماہ سے پانچ ماہ کی عمر تک کا بچہ۔

چوگڈی (مونث) بلبل بازوں کی اصطلاح مراد بلبل پکڑنے کا ایک قسم کا اڈا جس پر چپکنے والا مادہ لگا دیا جاتا ہے جس سے بلبل کے پنجے چپک جاتے ہیں اور وہ اس پر بیٹھا رہ جاتا ہے۔

چوکھیا (مذکر) حریف کے چاروں طرف پھرتے ہوئے لڑنے والا مرغ۔

چھکا مارنا (مصدر) لڑائی میں حریف مرغ کے منھ پر جھپٹ کر کاٹنے کی تیز ضرب لگانا۔

چھٹی اڑانا (مصدر) نوجوان مرغ کو کسی بڑے مرغ سے تھوڑی دیر کو بھڑا کر لڑنے کی مشق کرانا۔ حسبِ ضرورت دو دو چونچیں کرا لینا۔

چھٹی مارنا۔ لڑائی میں مرغ کا الگ ہو ہو کر یا ہٹ ہٹ کر حریف کے جسم پر حسبِ موقع جگہ جگہ ضرب مارنا۔

چھڑ (مونث) پوری عمر کے مرغ کا

کانٹا یا خار جو پورا نکل چکا اور پختہ ہو گیا ہو۔

خار (مذکر) دیکھو کانٹا۔

خاکی انڈا (مذکر) نر سے جوڑا لگے بغیر دیا ہوا انڈا جو کبھی کبھی بغیر نر کی مرغی بہار پر آ کر دے دیتی ہے ایسے انڈے سے بچہ نہیں پیدا ہوتا۔

خشخشے (مذکر) بٹیر کے منھ کی بیماری جو چھالوں کی طرح کی ہوتی ہے

خورشید اڑانا (مصدر) مرغ بازوں کی اصطلاح مراد مرغ کا دو ٹوک اور بے لاگ حریف کو اتی مارنا کھلی لڑائی لڑنا جس میں مارنا صاف معلوم ہو۔

دال (مونث) گھتی۔ اتی (کانٹا) نکلنے کی علامت جو چنے کی دال کی شکل ابھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ اتی کا ابھار۔

دبوچنا (مصدر) حریف مرغ کو تلے دھر لینا۔ زیر کر لینا۔

حریف کے اوپر آ کر اس کو پر اور پنجوں میں گانٹھ لینا۔

ڈربا (مذکر) فارسی لفظ دربہ کا اردو تلفظ۔ مرغیوں کے بند کرنے کی محدود اور محفوظ جگہ۔

ڈربے کرنا (مصدر) مرغ بازوں کی اصطلاح مراد پالی میں لڑانے سے قبل ثالث (مرغ کی جوڑی مقرر کرنے والا) کا جوڑی کو اپنی حفاظت اور نگرانی میں رکھنا۔

ڈربے ڈربے کرنا (مصدر) مرغ کو ڈربے کی طرف ہانکنا یا ڈربے میں پہنچانا۔

دلبا (مذکر) حریف کے مقابل سے منھ موڑ کر پالی سے بھاگا ہوا مرغ۔ وہ مرغ جو لڑتے لڑتے بھاگ نکلے۔ (ہونا)

دلبانا (مصدر) مرغ کا دل بڑھانے کو بھاگے ہوئے مرغ سے بھڑانا۔ (مقابلہ کرنا)

دم دینا (مصدر) مرغ کو گرمانے کے لیے اس کے پھیپھڑوں میں

پھونک سے ہوا پہنچانا۔
دھڑکن روکنا۔

دوباز (مذکر) چپ رنگ کا مرغ یعنی جس کے دونوں بازوؤں کے پر سفید اور باقی جسم کے سیاہ۔ سُرخ یا زرد ہوں۔ اس رنگت کی مرغی دوبازن کہلاتی ہے۔

دو پلکا کرنا (مصدر) مرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مرغ کے پپوٹے کو اُوپر اُٹھا کر ریشم کے تار سے ٹانکا دے کر باندھ دینا تاکہ آنکھ نہ چھپ سکے۔ لڑنے میں زخمی ہو کر جب مرغ کی آنکھ بند ہونے لگتی ہے تو اس وقت یہ عمل کیا جاتا ہے اور اس کو دو پلکا اور چو پلکا کرنا کہتے ہیں۔

دہ پنیا (مذکر) وہ مرغ جو پلے میں دس مرتبہ اُٹھایا گیا ہو ایسا ہونا مرغ کی بہادری کی دلیل سمجھی جاتی ہے۔ دیکھو پالی کرنا۔

دو دو چونچیں ہونا (مصدر) مرغوں کی معمولی اور تھوڑی دیر کے لیے جھڑپ ہونا۔ (کرنا)

دھک (مونث) ہانپ یا سانس پھونکن جو مرغ کو لڑتے لڑتے شروع ہو جائے۔

(آنا) مرغ کا لڑتے لڑتے ہانپنے لگنا۔

(چھڑانا) مرغ کے ہانپنے کو روکنے کی کوشش کرنا۔

ڈنکا (مذکر) مرغ لڑانے کی بازی بدنے کا اعلان جس کے ساتھ میعاد کا بھی اظہار ہوتا ہے یعنی اعلان کے کتنے دن بعد بند گی (پالی میں) یا مرغ لڑائے جائیں گے۔

(ڈالنا) مرغ کو مقابلے کے لیے طلب کرنے کو پالی میں رومال ڈالنا یا نشانی رکھنا۔

(مارنا) مرغ کی لڑائی کی بازی بدنے کا اعلان کرنا۔

ڈول کرانا (مصدر) مرغ کو پانچ پالی تک لڑانا۔ دیکھو پالی کرنا۔

ڈیوڑھانا (مصدر) بٹیر بازوں کی اصطلاح مُراد بٹیر کو مُٹھیانا یعنی مُٹھی میں پکڑ کر ہلاتے رہنا جو معمول سے ذرا تیز ہو۔ یہ عمل نئی بٹیر کی وحشت کھونے اور اس کو آرام کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(دینا) دم بڑھانا۔ ہمت بڑھانا۔

رِج / رُج (مونث) مرغ کی جوئیں جو اُن کے پروں میں پڑ جاتی ہیں۔

ردا (مذکر) دیکھو توڑی (رچڑھانا)

رس بھرا (مذکر) وہ مرغ جس کو گٹھیا ہو گئی ہو اور اس کے بازو کے جوڑ موٹے اور سخت پڑ گئے ہوں۔

رگیدنا (مصدر) دیکھو پیشہ پہلوانی۔ لڑائی میں مرغ کا حریف کی کلغی چونچ میں پکڑ کر جھنجوڑنا۔

رومالی ڈالنا (مصدر) دیکھو ڈنکا ڈالنا۔

زرد لکھوریا (مذکر) مرغ کی ایک رنگت کا نام جو سیاہی مائل سُرخ زرد جھلک دار ہوتی ہے۔ دیکھو جاوا۔

زری (مذکر) سیاہی مائل زرد رنگت کاگلوں دار مرغ جس کی چھاتی کے پر سیاہ ہوں۔

زیر بند (مذکر) وہ مرغ جو لڑنے میں سر کی چوٹ بچانے کو حریف کے پوٹے کے نیچے سر چھپانے کی کوشش کرے یا اس کے پوٹے کے نیچے گھسے۔

زیر دُمہ (مذکر) وہ مرغ جس کی دُم کے پر معمول سے زیادہ نیچے لٹکے رہیں۔

سال پلٹ (مذکر) وہ مرغ جو ایک سال کا ہو چکا ہو اور دوسرے سال میں لگا ہو۔ یا عمر کا سال پورا ہو جانے والا مرغ۔

سبزہ (مذکر) سبزی مائل زرد رنگ کا مرغ جس کا سینہ اور رتہ (پوٹا) سیاہی مائل ہو۔ دیکھو جاوا۔

ست روزہ ڈنکا (مذکر) مرغ لڑانے کو پالی میں لانے کے لیے سات روز کی میعاد۔ (دیکھو ڈنکا)

سخت پر (مذکر) وہ مرغ جس کے

پر موٹے اور معمول سے زیادہ سخت ہوں۔

سخت خارا (مذکر) وہ مرغ جس کے کانٹے (اتیاں) معمول سے زیادہ سخت اور تیز ہوں۔

سُرغا (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح ~~مرغ~~ ایسا بٹیر جس کے پوٹے کے پروں میں سُرخ رنگت کی جھلک ہو۔ ایسا بٹیر لڑاکو سمجھا جاتا ہے۔

سُرخ باجری (مذکر) دیکھو باجری۔

سوتنا (مصدر) مُشت مال کرنا۔ مرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مرغ کی ٹانگوں اور جسم کی ملائی کرنا۔ تکان اُتارنے کو مرغ کے جسم پر بار بار ہاتھ پھیرنا۔

سِنتال / سناتال (مذکر) مرغوں کی ایک نسل کا نام جس کو بعض مرغ باز سوناتول کہتے ہیں۔

سیاہا (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح مُراد سیاہ دھاری دار بٹیر جو کٹیلا سمجھا جاتا ہے۔

سیاہ باجری (مونث) دیکھو باجری۔

سیپ (مونث) مرغ اور عام پرندوں کے سینے کی ہڈی جو سیپ کی شکل کے مشابہ ہوتی ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

سیپی نوکھیا (مذکر) وہ مرغ جس کے سینے کی ہڈی کا جوڑ معمول سے بڑا ہو اور باہر کو نکلا ہوا دکھائی دے۔ یا جس کے سینے کی ہڈی جو اصطلاحاً سیپ کہلاتی ہے معمول سے زیادہ بڑی اور باہر کو نکلی ہوئی ہو۔

شُرزا (مذکر) دیکھو کیسری۔

صافا (مذکر) جلاب کو مرغ بازوں کی اصطلاح میں صافا یعنی پیٹ صاف کرنے والی دوا کہا جاتا ہے۔ اور لڑانے سے پہلے مرغ، بٹیر اور بلبل وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

طاؤسی (مذکر) لمبی گردن اٹھی ہوئی چوڑی دُم اور سُرخ و سنہرے پروں کا مرغ۔

عُنابیا (مذکر) سیاہی مائل سُرخ رنگت کا مرغ۔

فرش دُمہ (مذکر) پھیلی اور نیچے کو جھکی ہوئی دُم کا مرغ۔

قائم کرنا (مصدر) مرغ بازوں کی اصطلاح مُراد لڑائی میں پریشان حال ہوئے مرغ کو دم لینے کے لیے پالی سے علیحدہ کرنا۔ سانس بنانا۔

قرین کرنا (مصدر) بٹیر بازوں کی اصطلاح مُراد بٹیر کو رام کرنے کے لیے مٹھیانے۔ یا بٹیر کو ہلانے اور اس کی وحشت کھونے کو مٹھی میں پکڑ کر ہلاتے رہنا۔

قشقہ (مذکر) مرغ بازوں کی اصطلاح مُراد مرغ کے ماتھے پر کلغی کے ابھار کی علامت۔

قُفل (مذکر) مرغ کی چونچ کا نچلا حصہ جو اُوپر کے نکیلے حصے میں بیٹھ جاتا ہے۔

قُفل باز (مذکر) وہ مرغ جو حریف کے چونچ کے نیچے کاٹنے کا عادی ہو اور لڑائی میں ہمیشہ اُسی جگہ کو پکڑتا ہو۔

کانٹا (مذکر) دیکھو اَتی۔

(چڑھانا) مرغ کی اَتی پر حفاظت کو لوہے کا خول چڑھانا۔

۲۔ ایک مرض کا نام جو دُم کی جگہ ریڑھ کی ہڈی کی نوک پر بہ شکل سُرخ دانے کے ہوتا ہے اور جانور کو ہلاک کر دیتا ہے۔ (نکلنا)

کاری باز (مذکر) لڑائی میں حریف کی آنکھ پر اَتی مارنے کا عادی مرغ ہمیشہ حریف کی آنکھ پر چوٹ مارتا ہو۔

کاندھا موڑھا (مذکر) وہ مرغ جو ایک بازو جھکا کر چلتا ہو یا چلنے پھرنے اور لڑنے میں ایک بازو جھکائے

رکھتا ہو۔

کتھیل (مذکر) کتھئی (سرخی مائل بھورا) رنگت کا مرغ۔

کٹیت (مذکر) جھلّے مزاج کا چونچ مارنے اور کاٹنے کا عادی مرغ جو لڑائی میں حریف کو چونچیں مارتا اور کاٹتا ہو۔

کج پا (مذکر) دیکھو ٹینگا۔

کج کانٹیا (مذکر) وہ مرغ جس کی انیاں معمول سے زیادہ خم دار یعنی ہلالی شکل کی ہوں۔

کج کلغا (مذکر) دیکھو تاج ڈھلا۔ وہ مرغ جس کی کلغی ایک طرف کو لٹکی ہوئی ہو۔

کچیانا (مصدر) دیکھو جی چھوڑنا۔ تھڑدلا ہونا۔ ہمت ہارنا۔ دل بودا ہونا۔ مقابلہ کرنے سے ہچکچانا۔ پیچھے ہٹنا۔

کُریز (مونث) بلبل اور بٹیر بازوں کی اصطلاح مراد بلبل یا بٹیر کی پرانے پر جھاڑنے کی حالت۔

گوشہ گیری کی حالت۔ (کرنا)

کُڑک (مونث) انڈوں کا جھول دے کر فارغ ہونے والی مرغی یا انڈے سینے والی مرغی (ہونا)

کڑک ناتھ / کڑک ناک (مذکر) ایک رنگ سیاہ رنگت کی نسل کا مرغ۔ جنوبی ہند کے علاقے کی ایک نسل جو رنگت میں بالکل سیاہ ہوتی ہو اور اس وجہ سے کڑک ناتھ (کڑک ناک) کہلاتی ہے۔

کف پائی (مونث) دیکھو تلوا تنا۔

کلغی (مونث) مرغ کے سر کا قدرتی تاج جو کنگورے نما ابھری ہوئی سُرخ رنگ کھال کا ہوتا ہے اور اصطلاحاً تاج اور کلغی کہلاتا ہے۔

کل کانٹیا (مذکر) اصیل مرغ کی ایک نسل جس کی انیاں (کانٹے) کالے ہوتے ہیں اور مرغیوں کے بھی کانٹے نکلتے ہیں۔

کل گردنی (مذکر) کالی گردن اور

سر والی نسل کا مرغ۔

کُلنگ (مذکر) دیکھو اصیل مرغ۔

کنٹھ (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح مراد ایسا بٹیر جس کی گردن میں سیاہی مائل پروں کا حلقہ ہو۔

کنول دُمہ (مذکر) کنول کے پھول کے مانند گھنے اور گھیر دار پھیلے ہوئے پروں کی دُم کا مرغ۔

کنپیل (مونث) کنپٹی کی چوٹ۔ (مارنا) لڑائی میں مرغ کا حریف کی کنپٹی پر انی مارنا جس کو مرغ بازوں کی اصطلاح میں چڑھی کنپیل مارنا کہا جاتا ہے۔

کوفتی (مذکر) مرغ بازوں کی اصطلاح مراد وہ مرغ جو لڑائی میں بہت زیادہ زخمی ہو گیا ہو۔ یا جس کے منھ پر اور آنکھوں پر کاری زخم آئے ہوں۔

کوک (مونث) بٹیر بازوں کی اصطلاح مراد منھ کی بھاپ جو چوٹ کھائی ہوئی بٹیر کے سر اور

گردن وغیرہ پر دی جائے (دینا)

کولھو (مذکر) مرغ بازوں کی اصطلاح مراد وہ مرغ جس کا پچھلا دھڑ معمول سے زیادہ موٹا ہو گیا ہو اور انی مارتے وقت گر پڑے یا اُلٹ جائے۔

کیسری (مذکر) زعفرانی رنگت کا مرغ دیکھو جاوا۔

کھانچہ (مذکر) دیکھو ٹاپا۔

کھجوریا (مذکر) وہ مرغ جس کے بازو سفید، سر زردی مائل سُرخ اور باقی جسم کے پر سیاہ یا کسی اور رنگ کے ہوں۔

کھڑ دُمہ (مذکر) وہ مرغ جس کی دُم کی پروں کی نوکیں سیدھی اوپر کو اٹھی ہوئی ہوں۔

کھیدا (مذکر) بلبل اور بٹیر بازوں کی اصطلاح مراد لڑاکو، لپٹو بلبل یا بٹیر جو حریف کے پیچھے پڑا رہے اور اس کو بھاگنے بھی نہ دے۔

(لینا) کسی کے درپے ہونا۔ پیچھے
پڑنا یا جھگڑنا۔

کھیرا (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح
مُراد گہرے فاختائی رنگ کا
بٹیر جو اچھی نسل میں شمار ہوتا ہے۔

کھینچ بند (مونث) کسی فطری عیب
کو چھڑانے کے لیے لڑائی کے
مُرغ کو کچھ دنوں تک بند
رکھنے کا عمل

۲۔ مُرغ کے پیروں کے جوڑوں
کے پٹھے کھنچ جانے کی بیماری۔
ایک قسم کی گٹھیا (ہونا)

گاہی ہونا (مصدر) پالی میں حریف
کے سامنے مُرغ کا دیوانہ وار بھاگتے
پھرنا۔ وحشت پر آنا۔

گلا باز
گل باز
(مذکر) وہ مُرغ جو حریف کے گلے پر لاتی مارنے کا عادی ہو۔ حریف کے گلے پر لاتی مارنے والا مُرغ۔

گلوا (مذکر) غبغبی یعنی چونچ کے
نیچے گردن یا گلے سے کانوں

تک باریک پروں کے گچھے دار
مُرغ۔

گونده (مذکر) بلبل کو کھلانے کی نرم
غذا جو عام طور سے بھنے ہوئے
چنے کے آٹے کی ہوتی ہے اور
پانی یا گھی ملا کر گوندھ لی جاتی
ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

گھاگس (مذکر) اونچے ہاڑ اور جسیم
نسل کا مُرغ، پر نرم گھنے اور
خوش رنگ ہوتے ہیں۔ مادہ
انڈے زیادہ دیتی ہے۔

گھر بھڑکانا (مصدر) مُرغ کے پٹھے
کو اپنی جگہ پر لڑنے کی مشق کرانا۔
کم زور مُرغ کے ساتھ مٹ بھیڑ
کرانا۔

گھوگا (مذکر) سنگ دانہ یا پوٹا۔
دیکھو اونڈا۔

لال ہونا (مصدر) دیکھو کوفتی اور
کوفتی ہونا۔
۲۔ کوفتی مُرغ کے زخم پکے ہونا۔

لام اُڑانا (مصدر) مُرغ بازوں کی

اصطلاح مُراد مُرغ کو سات پالی
کرا کے پالی سے اُٹھا لینا۔
دیکھو پالی کرنا۔

لکھوریا (مذکر) لاکھا، لکھیا، لاکھی
رنگت کا مُرغ۔ دیکھو جاوا۔

لنگوٹ دُمہ (مذکر) بٹیر بازوں کی
اصطلاح مُراد وہ بٹیر جس کی
دُم بہت چھوٹی اور دونوں
کولوں کے بیچ میں دبی ہوئی ہو۔
۲۔ مُرغ باز ایسے مُرغ کو کہتے
ہیں جس کی دُم کے دونوں
طرف چھوٹے اور گھنے پر ہوں
جو بڑے پروں کو گھیرے ہوئے
معلوم ہوں۔

لوٹ گھر (مذکر) مرغوں کے ریت
میں لوٹنے کو بنائی ہوئی جگہ
جہاں وہ اچھی طرح لوٹ کر
ریت سے پروں کو صاف کر سکیں۔

لو لگی (مونث) مُرغ کے کان کی جگہ
لٹکی ہوئی نرم کھال مانند انسان
کے کان کی لو کے۔

لہر جانا (مصدر) لڑائی میں مُرغ
کا حریف کی مار کھا کر چکرا جانا
تھرا اُٹھنا۔

متین (مذکر) بٹیر بازوں کی اصطلاح
مُراد یک رنگا اور بغیر کنٹھ کا بٹیر۔

مُٹ بھیڑ (مونث) مُرغ کے پٹھے
کو کم زور مُرغ کے ساتھ مقابلہ
کرانے کا عمل (کرنا۔ کرانا۔ ہونا)

مُحال
مُہال
(مذکر) تیکھا، غصّے ور اور کٹیت مُرغ۔

(مونث) مُرغ بازوں کی اصطلاح
مُراد مُرغ کی مستی کی حالت یا
مستی۔ (پر آنا)

مُرغ باز (مذکر) کھیل تفریح اور لڑانے
کو مُرغ پالنے والا۔

مُرغ بازی (مونث) مُرغ لڑانے کا کھیل۔

مُرغ لگانا (مصدر) مُرغ کو لڑانے
کے لیے جوڑا ملانا۔
مُرغ کو دوسرے مُرغ سے
لڑنے کو چھوڑنا۔

مَیل (مذکر) ٹھوس اور گٹھا

بدن کا موٹا اور پوری عمر کا بٹیر یا مُرغ جو جسم کا بھاری لیکن لڑنے میں پختہ کار ہوتا ہے۔ عام طور سے بڑی عمر کے مُرغ یا بٹیر کو کہتے ہیں جو پورے قد اور جسم کا ہوتا ہے۔

مُشت مال کرنا (مصدر) دیکھو سونتنا۔

مکھّی (مونث) مُرغ کی انّی کا اُبھار دیکھو انّی۔

مکو آنکھا (مذکر) مکو کے دانے کی مانند سُرخ آنکھوں والا مُرغ اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

مکھنا (مذکر) نوجوان مُرغ جس کے خار (انّی) نہ نکلے ہوں۔ یا کاٹ دیے گئے ہوں۔

موٹھ دینا (مصدر) بٹیر کی وحشت کھونے اور اس کو رام کرنے کے لیے مُٹھی میں پکڑ کر تھوڑی دیر ہلاتے رہنا۔ (لگانا)

مہندیا (مذکر) آگ انار کی رنگت کے ... مُرغ۔

نک پوٹیا / نک پوٹا (مذکر) وہ مُرغ جس کی چونچ کے اوپر ناک کے سوراخ نمایاں اور معمول سے بڑے ہوں۔ اس پر حریف کی چونچ لگنے سے مُرغ منھ پھیر لیتا ہے یا کچیا جاتا ہے۔

نوری (مذکر) نقرئی، روپیلا، یک رنگ سفید مُرغ۔

نوک باندھنا (مصدر) مُرغ کی زخمی چونچ کی مرہم پٹی کرنا، بندش کرنا۔

ہاتھ کھانا (مصدر) لڑنے میں مُرغ کا حریف کے بازو کے پر کی چوٹ آنکھ پر کھانا جس سے آنکھ پھوٹ جائے۔

ہاتھ مارنا (مصدر) لڑائی میں مُرغ کا اپنے حریف کی آنکھ پر بازو کا پر مارنا اور آنکھ پھوڑ دینا۔

ہاڑ (مذکر) بدن کا ڈھانچہ۔ جسم کا اُٹھان۔

ف:۔ اصیل مُرغ عام طور سے اونچے ہاڑ کے ہوتے ...

۲۔ پیشہ کبوتر بازی

آنٹا (مذکر) پھرتی۔ کبوتر بازوں کی اصطلاح مُراد کبوتر کی گھر کے اوپر گھیری اُڑان۔ جو سدھائے کو کی جائے۔

(دینا) کبوتروں کو اُڑا کر بُلانا اور لوٹانا۔ چکر دینا۔

اُڑان کبوتر / اُڑن کبوتر (مذکر) وہ کبوتر جو بازی کے لیے اُڑنے کو سدھائے جائیں۔

۲۔ وہ کبوتر جن کی پرواز بہت بلند اور دیرپا ہو۔

اصیل کبوتر (مذکر) ایک رنگ کبوتر جس میں دوسرے رنگ کے پر نہ ہوں۔ ایسے کبوتر کا اصل رنگ نیلا ہوتا ہے اور عام طور سے کابلی کہلاتے ہیں۔

الغہ (مذکر) کبوتر کے دل کی بیماری جس کے دورے سے وہ مرجاتا ہے یا بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔

اور روز بروز سوکھتا جاتا ہے۔

بٹیرا / بٹیرے (مذکر) رٹہ نسل کے کبوتر کی ایک نایاب قسم جو عام طور سے چتی دار سبز رنگ ہوتا ہے دیکھو رٹہ۔

بدی (مونث) کبوتر کے تالو یا حلق کی ایک بیماری کا نام جس سے تالو میں زخم پڑتا اور کھانا پینا چھوٹ جاتا ہے۔ (ہونا)

بغبغا / بغبغے (مذکر) پھولے ہوئے پروں کی گردن والا کبوتر یا وہ کبوتر جس کی گردن پر پروں کا گچھا ہو۔

بمنا / بمنے (مذکر) شیرازی کبوتر کے میل سے پیدا ہوئی دوغلی نسل کا کبوتر۔ دیکھو شیرازی نقرہ ۲۔

پالتو کبوتر (مذکر) وہ کبوتر جو گھریلو جانوروں کی طرح انسانوں میں رہنے سہنے لگیں۔

پاموز (مذکر) پَچھل پیرا۔ وہ کبوتر

جس کے پنجوں اور پیروں پر پر ہوں یعنی پر نکلتے ہیں۔

پتوانسا (مذکر) جال (قُلقُل) میں کبوتروں کے بیٹھنے کا اڈّا۔ (باندھنا)

پٹیت (مذکر) سفید اور کسی دوسرے رنگ کے کبوتر کے میل سے پیدا ہوا کبوتر جو عام طور سے دورنگا ہوتا ہے۔ سر اور بازو کے پر سفید ہوتے ہیں۔

۲۔ دورنگا بنایا ہوا کبوتر اس طرح کہ پٹھے کے اصل پروں کو بار بار اکھیڑا جاتا ہے۔ دو چار مرتبہ کے اس عمل سے سفید پر نکل آتے ہیں۔ (کرنا۔ بنانا)

پرقینچ (مذکر) بازوؤں کے پر کترا کبوتر۔ یہ عمل عام طور سے نئے اور بغیر سدھے کبوتر کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

پلکی (مذکر) دیکھو شیرازی

پلا (مذکر) کبوتربازوں کی اصطلاح [illegible] کبوتر کی ایک لمبی اُڑان۔ (کرنا)

پن چھنی / پنچھنی (مونث) کبوتر کے پیروں میں ڈالنے کا چھاجن۔ دیکھو چھاجن جلد ۳

پیا (مونث) کبوتر کی ریڑھ کی ہڈی کی بیماری جس سے وہ کبڑا ہو جاتا ہے اور بازی کے کام کا نہیں رہتا۔

پھڑکاوا (مذکر) مقابلے کے کبوتروں کے ساتھ اُڑان میں مٹ بھیڑ (دینا، کھانا)

پھڑی / پھڑیاں (مونث) جھپکا۔ نئے کبوتروں کو بازی کے لیے اُڑانا سکھانے کو ابتدا میں بھڑکا کر اُڑانے کا عمل جو منڈیر اور چھت تک رہے۔ (دینا، کھانا)

پُھل پیرا (مذکر) دیکھو پاموز۔

پُھل سرا (مذکر) وہ کبوتر جس کے سر پر پروں کی چوٹی یا کلغی ہو۔

تال سیل (مونث) بازی کے کبوتروں کا اُڑان میں صیادی کبوتروں میں مل جل جانا۔

(ملانا) بازی کے کبوتروں کو اُڑا کر صیدی کبوتروں کی طرف بڑھانا اور ملانا۔

تاوا (مذکر) بازی کے کبوتروں کی ایک لمبی پرواز جس میں ایک چکر لگا کر لوٹ آئے۔

(دینا، کاٹنا، کھانا) اُڑان میں چکر کاٹنا۔ گھر کے اطراف اُڑنا، یا اُڑانا۔

تکمہ (مذکر) کبوتر کی ایک بیماری کا نام جس سے اُس کے جسم پر گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

یہ بیماری باجرا کھانے والے کو گیہوں کھلانے سے ہوتی ہے۔

توغہ (مذکر) شیرازی کبوتروں کی ایک قسم کا نام۔ دیکھو شیرازی۔

تہ آشنا (مذکر) گھر یا اپنے مقام کو پہچاننے والا کبوتر جو کہیں چھوڑا جائے تو سیدھا اپنے گھر آتا ہے۔

تہ پلٹ (مذکر) وہ کبوتر جس کو ادل بدل کر کئی جگہ رکھا گیا ہو۔ ایسا کبوتر بھاگ کر دوسری جگہ نہیں جاتا یا اپنا مقام بھول جاتا ہے۔

۲۔ مادہ کے ساتھ نر کی دانہ بدلی۔

تیرنا (مصدر) کبوتر کا مستی میں کبوتری کے آگے پیچھے گھومنا۔

تیز پر (مذکر) بہت اونچا اور تیز اُڑنے والا کبوتر۔

ٹینی (مذکر) گولا۔ بازی کے کبوتر جو ہم رنگ اُڑنے میں اچھے اور تابع حکم رہتے ہیں۔ اصطلاحاً ٹینی اور گو کے کہلاتے ہیں۔

جال (مذکر) دیکھو جافری، قُلقُل (کھڑا کرنا)

جنگلی کبوتر (مذکر) ویرانہ پسند کبوتر جو کبھی گھریلو نہیں بنتا۔ اگر پکڑ کر رکھا جائے تو چند دن میں مر جاتا ہے۔ یہ عموماً نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ اور ہر جگہ پایا جاتا ہے۔

جھپکا (مذکر) دیکھو پھڑی۔

جھل (مونث) کبوتر بازوں کی اصطلاح مراد کبوتر کی بھوک کی بے قراری تلملاہٹ۔ (کرنا۔ ہونا)

چپ (مونث) دو رنگا کبوتر جس کے بازو کے سفید اور باقی جسم کے پر سرخ یا کسی اور رنگ کے ہوں۔ عام طور سے سرخ و سفید ہوتا ہی۔ سبز، لال اور زرد رنگ کا چپ بھی ہوتا ہی۔

چکھی (مونث) مقوی غذا جو بازی کے کبوتروں کو بازی سے پہلے خالی پیٹ میں دی جائے۔ (دینا)

چھپکا (مذکر) صیدی کبوتر کو پکڑنے کا مثلث نما چوکٹے کا جال (مارنا)

چھتری (مونث) پالتو کبوتروں کا اڈا جو کھپچیوں کی ایک چوکور جالی دار ٹٹی کو ایک لمبے بانس کے سر پر باندھ کر کھڑا کر دیا جائے۔

چھوٹ (مونث) بازی کے کبوتروں کو اڑانے کی ابتدائی مشق۔ (دیکھو چھکا اور کھڑی)

چھیپی (مونث) کبوتر اڑانے کی جھنڈی کی شکل بنائی ہوئی چھڑ جس کو ہلا کر کبوتر باز کبوتروں کو اشارے دیتا ہی۔ (ہلانا)

خال (مذکر) چپ کبوتر کے خلاف بازو کے سرخ اور باقی جسم کے سفید پروں کا کبوتر۔ دیکھو چپ۔

خمیری (مذکر) اصیل نسل کے کبوتروں کی ایک قسم جو ہندستان میں نایاب بلکہ ناپید ہو گیا ہی۔

خورد نوکا (مذکر) کابلی کبوتروں کی ایک قسم جو چھوٹی چونچ کے اور اڑنے میں کچے ہوتے ہیں۔ دیکھو اصیل۔

دردانہ (مذکر) بازی کے کبوتروں کی کسی حالت کو سدھارنے کے لیے جال میں بند رکھ کر دانہ کھلانے کے طریقے کا اصطلاحی نام۔

دوباز (مذکر) دیکھو دوپلکا۔

دوپلکا (مذکر) دو رنگا (چپ) کبوتر۔ رٹہ کبوتروں کی ایک قسم کا نام۔ دیکھو رٹہ۔

دوتاوا (مذکر) دیکھو تاوا۔ صیدی کبوتروں کے ساتھ دو چکر کاٹنے والا کبوتر۔

رٹہ (مذکر) کبوتر بازوں کی اصطلاح مراد نامہ بر کبوتر جو دراز قد اور لمبی چونچ کے ہوتے اور نامہ بری کے لیے سدھائے جاتے ہیں۔ رنگتوں کے لحاظ سے اُن کے نام نفتے، ببرے اور دوپلکے (دوباز) مشہور ہیں (لفظ رٹہ کی وجہ تسمیہ اور اُس کا اتا پتا کبوتر بازوں سے معلوم نہ ہو سکا۔)

رک (مونث) کبوتر کے معدے کی ایک بیماری کا نام جس سے اس کا دانا کھانا چھوٹ جاتا ہی۔ اس بیماری کا دوسرا نام رنج پوٹا ہی جو بدہضمی سے پیدا ہوتی ہی۔

رنج پوٹا (مذکر) دیکھو رک۔

سبزہ (مذکر) زمردی رنگت کے پروں کا کبوتر۔

شیرازی (مذکر) دوغلا۔ دو میلی نسل کا کبوتر جس کا رنگ عموماً عنابی یا لاکھی ہوتا ہی۔ ان دوغلوں میں مختلف رنگ کے کبوتر ہوتے ہیں جو اصطلاحاً توغہ، بلکی اور بھنے کے ناموں سے کبوتر بازوں میں مشہور ہیں۔

صلاحی (مذکر) نئے کبوتروں کو بازی کے لیے تیار کرنے کو باہمی تعاون کرنے والے دو کبوتر باز جو یہ معاہدہ کر لیتے ہیں کہ اس زمانے میں ایک دوسرے کا پکڑا ہوا کبوتر واپس دے دیا کریں گے۔

صید (مونث) کبوتر بازوں کی اصطلاح مراد کبوتروں کی بازی یعنی اڑنے میں ایک کبوتر باز کے

کبوتروں کے ساتھ تال میل
اور پھر بُلانے پر اپنے اپنے
مقام کو واپسی۔
ف:۔ آج بادشاہی کبوتروں
کی لاہوریوں کے کبوتروں سے
صید ہے۔
اس تال میل کو اصطلاحاً
کبوتر لڑانا کہا جاتا ہے۔ دیکھو
تال میل (کرنا۔ بدنا)
صیدی (مذکر) کبوتر بازوں کی اصطلاح
مُراد مخالف کبوتر باز۔
کبوتر لڑانے والا۔
۲۔ دوسری جگہ کا کبوتر جو غیر کبوتروں
کے ساتھ اُڑان میں تال میل کرے۔
قُلقُل (مونث) کُلکُل۔ جال۔ جافری
دیکھو جافری۔
قُمری (مونث) کبوتروں کی قسم کا ایک
پرند جو فاختہ کے برابر اور
عام طور سے سفید رنگ ہوتا
ہے۔ اس کی خوش الحانی مشہور ہے۔
کابرا (مونث) کابلی کا غلط تلفظ۔

دیکھو اصیل۔
کابک (مونث) کبوتر بازوں کی خاص
اصطلاح مُراد کبوتروں کے
بند کرنے کا لکڑی کا بنا ہوا گھر
جو خاص کبوتروں کے لیے
کہلاتا ہے۔
کابلی (مذکر) اصیل کبوتر کی ایک
قسم۔ دیکھو اصیل۔
کبوتر (مذکر) ہر جگہ پایا جاتا ہے ایک
خاص نسل کا کبوتر نامہ بری
کے لیے پالا اور سدھایا جاتا تھا
مغلوں کے عہد میں ہندستان
میں کبوتروں کو بازی کے لیے
اُڑانا سکھایا جانے لگا۔
قسموں اور رنگوں کے لحاظ
سے کبوتر بازوں میں اس کے
حسب ذیل نام مشہور ہیں۔
اوّل جنگلی جو کبھی اہلی نہیں بنتے
دوم۔ پالتو ان میں ایک تیز
پرواز دوسرے گھریلو ہوتے ہیں
تیز پرواز کبوتروں میں ایک

قسم کھیرے اور دوسری نشاورے
کہلاتی ہے۔ بازی کے کبوتر
گوے اور ٹینی کے نام سے مشہور ہیں۔
گھریلو کبوتروں میں لقا، لوٹن
مونڈھی اور ریا ہو قسمیں بہت
پسندیدہ ہیں۔
(اٹھنا) کبوتر بازوں کی
اصطلاح میں بازی کے لیے
کبوتروں کا اپنے مقام سے
اُڑ کر صیدی کی طرف جانا۔
کبوتر بازی (مونث) کبوتروں کا کھیل
مُراد کبوتروں کو اُڑا کر مخالف
کے کبوتروں سے تال میل کرنا
اور غیر کبوتروں کو گھیر لانا سکھانا۔
کُشتی (مونث) کبوتر بازوں کی اصطلاح
میں صید کو کُشتی بھی کہتے ہیں
دیکھو صید۔
کُلکُل (مونث) قُلقُل کا دوسرا اور
عام تلفظ دیکھو قُلقُل۔
کُندہ } (مذکر) کبوتر بازوں کی
کُندے } اصطلاح مُراد کبوتر کا بازو

(جوڑنا) کبوتر کا اونچی پرواز سے
نیچے آنے کے لیے بازو سکیڑ لیتا
یا بند کر لینا تاکہ جلد نیچے آ جائے۔
کبھی دشمن کے حملے کے وقت
ایسا کرتا ہے۔
کوکو (مونث) کبوتر باز کی آواز جو وہ
کبوتروں کو اُڑنے کے وقت
خاص اشارے کے لیے نکالتا
ہے۔ (کرنا)
کھرّا } (مذکر) کبوتر کی کھانسی کی
کھُرّا } بیماری۔ (کرنا)
کھڑی پھڑی (مونث) کبوتروں کو
سر کے اوپر (گھر کے اوپر)
تاوا دینے کا طریقہ۔ دیکھو تاوا
اور پھڑی۔ بعض کبوتر باز
کھڑا تاوا کہتے ہیں۔
کھیرا } (مذکر) بلند پرواز کبوتر جو
کھیرے } اپنی خوشی اکیلا اٹھتا ہے۔
(اُڑتا ہے) اور گھر کی سیدھ
میں اوپر اُڑتا چلا جاتا ہے سادہ کو
دیکھ کر کندے جوڑ لیتا اور

ایک دم نیچے آجاتا ہے۔

گردان (مذکر) گھر کو خوب پہچاننے اور پھر پھر کر گھر پر واپس آنے والا کبوتر۔ گھر نہ بھولنے والا۔

گولا (مذکر) ٹینی۔ بازی کے کبوتر جو ہمہ رنگ خوب اُڑنے والے اور حکم ماننے والے ہوتے ہیں۔

گونجنا (مصدر) کبوتر کا دم بھرنا ہنکارنا۔

گوندا (مذکر) بلبل بازوں کی اصطلاح مراد بلبل کو کھلانے کی چنے کے آٹے کی نرم غذا۔

گھاگرا (مذکر) ہلکی نیلی رنگت اور سرخ آنکھ والا کبوتر جو کابلی کبوتر کی قسم سے ہوتا ہے۔ دیکھو اصیل۔

گھریلو کبوتر (مذکر) دیکھو کبوتر۔

لقا (مذکر) گھریلو کبوتروں میں کی ایک قسم کا نام جو ہر وقت سینہ تانے گردن اٹھائے اور دُم کو چنور بنائے رہتی ہے اس طرح کہ سر دُم سے لگا رہتا ہے۔

لل انکھیا (مذکر) سرخ اور بڑی آنکھوں کا کبوتر۔

لوٹن (مذکر) گھریلو کبوتروں کی ایک قسم کا نام جس کو پکڑ کر اُلٹ کر چھوڑ دیں تو تڑپنے اور زمین پر لوٹنے لگتا ہے اگر اٹھا کر فوراً سر کو نہ پھونکا جائے تو مر جائے۔ یہی کیفیت اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

مارواڑی (مذکر) گھریلو کبوتروں کی ایک قسم جو دراز قد اور لمبی چونچ والے اور عام طور سے پھل پیڑے ہوتے ہیں۔ مارواڑ کی ہونے کی وجہ مارواڑی کہلانے لگے۔

اس کی دُم میں بہت پر ہوتے ہیں۔ بعض کے اسی تک ہوتے ہیں۔

مونڈھی (مذکر) بڑی آنکھوں اور موٹی پلکوں کا مارواڑی نسل کا کبوتر۔

شاورا / شاورے (مذکر) کھیرے کی قسم کا اونچی پرواز کا کبوتر اُڑنے میں قلابازیاں کھاتا ہے۔ ہر رنگ کا ہوتا ہے۔

نقتا / نقتے (مذکر) دیکھو نامہ بر کبوتر۔

ہنکانا (مصدر) کبوتر بازوں کی اصطلاح مراد کبوتر اٹھانا (اُڑانا) تاوے دینا۔

یاہو (مذکر) گھریلو کبوتروں کی قسموں میں سے ایک قسم جو بہت دم بھرنے والا ہوتا ہے اس کے دم بھرنے (گونجنے) میں یاہو آواز نکلتی ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

۲۔ پیشہ پتنگ بازی

اچھم (مونث) پتنگ بازی کی اصطلاح مراد اُڑتی ہوئی پتنگ کی کھینچائی جو اُڑنے والا اپنی طرف کرے۔

۲۔ صیادی کی پتنگ میں پینچ ڈال کر اپنی طرف کھینچنے کا عمل (کرنا)

اُچکا (مذکر) ہچکا۔ پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی برجی نما بنی ہوئی چرخی جس پر سے ڈور اُچک کر نکلتی ہے۔ اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

اُچکا (ہچکا)

اَدّھا (مذکر) پتنگ بازی کی اصطلاح
مُراد آدھے تاؤ کی بنی ہوئی پتنگ
جس کا عام طور سے بڑی پتنگوں
میں شمار ہوتا ہے۔
(۱۸" × ۳۲" کا ایک تاؤ ہوتا ہے)

اَدّھیل (مونث) اٹھے تاؤ کی بنی
ہوئی سب سے چھوٹی پتنگ
کا اصطلاحی نام۔

اَراٹا (مذکر) پتنگ بازوں کی اصطلاح
مُراد پتنگ کی تیز ہوا میں
مخالف سمت اچم کرنے کی
آواز جو ہوا کی ٹکر سے نکلے۔
(بھرنا۔ کرنا۔ ہونا)

اِکتاوا (مذکر) پورے تاؤ کی بنی ہوئی
سب سے بڑی پتنگ دیکھو دھا۔

اُکھڑنا (مصدر) اُڑتی ہوئی پتنگ
کی ڈور کا کسی جگہ سے ٹوٹ کر
پتنگ کا ہاتھ سے نکل جانا۔
جب پتنگ کی ڈور ہاتھ کے
پاس سے ٹوٹے تو اس کو
ہتّوں سے اُکھڑنا کہا جاتا ہے

الفن (مونث) وہ پتنگ جس
بیچ میں کسی دوسرے رنگ
کاغذ کی کوئی تین انچ چوڑ
پٹی کا عمودی جوڑ ملایا گیا
یہ جوڑ عموماً گہرے سُرخ یا
رنگ کے کاغذ کا ہوتا ہے
ڈھیل کے پینچ میں پتنگ
رُخ نمایاں رہے

انٹی (مونث) پھینٹی۔ لچھی۔ ڈو
تہ بہ تہ لپیٹ جو دو گھونٹیو
یا جلدی اور آسانی کے
ہاتھ کی دو انگلیوں پر کی ج
(کرنا۔ بنانا)

بگلا (مذکر) پتنگ بازوں کی اصط
مُراد ایک رنگ سفید کاغذ
پتنگ۔

پتّا (مذکر) پتنگ کی دُم یعنی نچ
سرے پر چیل کی دُم کی شکل
بنائی ہوئی دُم جو مثلث
کاغذ سے تیلیوں کی کنتیاں لگا
بنائی جاتی ہے۔ (لگانا)

ہوا میں بلند کرے یعنی ڈور کا
سرا ہاتھ میں رکھ کر پتنگ کو
ہوا میں تیرانا۔
(باندھنا) دیکھو اُلکانا)
(بڑھانا) بلانا۔ ڈور میں
باندھ کر پتنگ کو ہوا میں بلند
کرنا اس طرح کہ ڈور کی ڈھیل

ب (مونث) کنکیا۔ گُڈّی۔ عام
طور سے مشہور مروّج اور مقامی
طور پر چند ناموں سے معروف ہے۔
(اُلکانا) لپٹانا۔ کٹی ہوئی
پتنگ کو جو ہوا میں بہ رہی ہو
اپنی پتنگ میں اُلجھا لینا۔
(اُڑانا) ڈور کے ساتھ پتنگ کو

پتنگ (کنکیا۔ گُڈّی)

۔ کانپ
۔ ٹھڈّا
۱۔ پتّا
۲۔ گُڈّا
۔ کنّی
۔ ٹُکّا

ب۔ گُڈّا (کنکوا)

الف۔ پتّا
ب۔ پن چھلا (پھندنا)

کے ساتھ وہ بلند ہوتی رہے۔
(پلانا) دیکھو اُڑانا اور بڑھانا۔
(چکرانا) کانپ کی خرابی سے
پتنگ کا ہوا میں سیدھا نہ رہنا۔
عدم توازن کی وجہ بل کھانا
گھومنا۔
(بنڈ ڈولنا) ہوا کے بند
ہونے سے پتنگ کا ڈھیلا ہونا۔
بے رُخ جانا۔
(چھوڑنا) دیکھو دریائی دینا۔
(لپٹانا) دیکھو اٹکانا۔
(لڑانا) مخالف یا غیر کی
پتنگ کی ڈور میں پیچ ڈالنا
(اُکھڑنا) پتنگ کی ڈور
ٹوٹ جانا اور پتنگ کا ہاتھ
سے جاتا رہنا۔
(لوٹنا) کٹی یا اُکھڑی ہوئی
پتنگ کو پکڑ لینا۔
پتنگ باز (مذکر) پتنگ کے کھیل
یعنی اُڑانے اور لڑانے کا شوقین۔
پتنگ بازی (مونث) پتنگ اُڑانے
اور لڑانے کا کھیل۔

بنڈولنا } (مصدر) دیکھو پتنگ
بنڈڈولنا } (پتنگ بنڈ ڈولنا)

پتنگ سازی (مونث) پتنگ بنانے کا پیشہ
پری (مونث) پتنگ کا نام جس کی
دونوں بغلیاں سُرخ یا سبز
رنگ کے کاغذ کی کلی دار
(مثلث نما) جوڑی ہوں۔
اور دیکھنے میں پر معلوم ہوں
یہی وجہ تسمیہ ہے۔
پلانا (مصدر) دیکھو پتنگ۔
پتنگ بڑھانا۔ اُڑانا۔
پن چھلا (مذکر) دُم چھلا۔ گڈی کا
پُھندنا جو پتے کی جگہ ہوتا ہے
اور جس کی وجہ سے گُڈی کو
گُڈا کہا جاتا ہے۔ گُڈے کی
دُم دیکھو پتنگ۔
پونیا (مذکر) $\frac{3}{4}$ تاؤ کی بنی ہوئی بڑی
قسم کی پتنگ۔ دیکھو ادھا۔
پیٹا (مذکر) اُڑتی ہوئی پتنگ کی
ڈور کا جھول جو ڈور کو لٹکانا،

سے قوس نما بن جاتا ہے۔ یہ
نقص کانپ کی خرابی کی وجہ
سے ہوتا ہے۔ ایسی پتنگ کا
پیچ اچھا نہیں لڑتا۔
(دینا۔ چھوڑنا) اُڑتی پتنگ
کی ڈور میں جھول آنا۔
(کاٹنا۔ کھینچنا۔ کسنا۔ لینا)
پتنگ کے پیٹے پر پیچ ڈال کر
کھینچ لینا جس سے وہ کٹ
جائے۔
۲۔ پتنگ کا کانپ کے اندر کا حصہ۔
دیکھو پتنگ۔ بعض پتنگ ساز
پیٹ یا پیٹھ تلفظ کرتے ہیں۔
پیسل (مونث) چوتھائی تاؤ کی اوسط
درجے کی پتنگ۔ اس کی
قیمت ایک پیسہ ہونے کی
وجہ سے پیسل کہلانے لگی۔
دیکھو ادھا۔
[illegible] (مذکر) پتنگ بازی کی اصطلاح
[illegible] ایک اُڑتی ہوئی پتنگ
[illegible] سے دوسری اُڑتی ہوئی

پتنگ کی ڈور کاٹنے کا داؤ
جو اپنی نوعیت میں مختلف
ہوتے ہیں اور مختلف ناموں
سے موسوم کیے جاتے ہیں۔
(بدنا) پتنگ بازی یا لڑانے
کی شرط کرنا، وعدہ کرنا۔
(ڈالنا) دوسرے کی پتنگ
کاٹنے کو ڈور سے ڈور ملانا۔
داؤ کرنا۔
(لڑانا) پتنگ بازی کرنا۔
پتنگ کاٹنے کو داؤ کرنا۔
پھینٹی (مونث) دیکھو انٹی۔ ڈور کا
لچھا جو ایک مقررہ ناپ کا ہو۔
تُکّا (مذکر) تُکّل کا ٹھڈّا یعنی تُکّل
کے بیچ میں لگی ہوئی عمودی
تیلی۔ دیکھو تُکّل۔
تُکّل (مونث) پتنگ کی قسم کی مگر
اُس سے مختلف شکل کی
پتنگ کی طرح کی بازی کی
شے۔ یہ صورت میں پتنگ سے
مختلف ہوتی ہے باقی پتنگ بازی

اور تکل بازی ایک ہی کھیل ہیں -

ٹکل

کنّے

ٹُکّا

ڈھری

پن چھلا

ٹھاڑی (مونث) پتنگ بازی کی اصطلاح مُراد پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی بڑی اور مضبوط قسم کی چرخی - اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے - دیکھو چرخی

ٹھڈا (مذکر) پتنگ کے بیچ میں لگی ہوئی عمودی تیلی جو کانپ کے بیچ میں اس طرح رہتا ہے جیسے کمان میں تیر - دیکھو پتنگ -

ٹھکی (مونث) ڈور کے سہارے پتنگ پر انگلی کا ٹھوکا جس کا مقصد پتنگ کی ڈوری کو ہلکا سا تان کر چھوڑنا ہوتا ہے جس سے پتنگ ہوا کا دباؤ کھا کر اونچا ہوتا اور آگے بڑھتا ہے - انگلی کی یہی حرکت (ٹھوکا) پتنگ کا رُخ بدلنے تک لی بھی ہوتی ہے - دینا - رکو دلگانا،

جھول (مذکر) دیکھو پٹیا -

چپ (مونث) دوپلکا - دورنگی پتنگ یعنی پتنگ کا نصف حصہ ایک رنگ کے کاغذ کا اور دوسرا دوسرے رنگ کے کاغذ کا بنا ہوا ہو -

چرخی (مونث) ٹھاڑی - ڈور (تاگا) لپیٹنے کی بیلن کی وضع کی پھرکی - (بھرنا - پھرانا)

چرخی

چکرانا (مصدر) پتنگ بازی کی اصطلاح مُراد پتنگ کا سدھا نہ رہنا - بل کھانا، گھومنا جو کانپ کی

خرابی کا سبب ہوتا ہے -

دریائی (مونث) پتنگ بازوں کی اصطلاح مُراد پتنگ اُڑانے یا ہوا میں بڑھانے کے لیے خاص حالت میں کسی قدر فاصلے سے اوپر کو اُٹھوانے کا عمل - (دینا)

دمڑ چیل (مونث) دمڑی والا چھوٹا پتنگ -

دوبلی نخ (مونث) دُہرے بل کی ڈور جو زیادہ مضبوط اور صاف ہوتی ہے -

دوپلکا پتنگ (مونث) دیکھو چپ دورنگی پتنگ - بعض کاری گر دوپنا کہتے ہیں -

دوپنا (مذکر) دیکھو دوپلکا پتنگ

ڈھرا باندھنا (مصدر) پتنگ بازی کا ایک داؤ جس میں پتنگ کے جھول کو جھول سے ملا کر پتنگ کو کھینچ کر سیدھا اوپر کو اُٹھاتے ہیں جس سے اوپر کا جھول تلوار کی طرح کاٹ کرتا ہے -

ڈھر اکنّا (مذکر) دیکھو کنّا -

ڈھری (مونث) تکل کی نچلی کانپ کے
اوپر افقی لگی ہوئی تیلی۔ جس
سے رنگ چپاں ہوتا ہے اور جس
سے وہ ہوا میں سُدھ رہتی ہے۔
اور جس سے تکل کی نچلی کانپ
سہارا پاتی ہے یا بندھی رہتی ہے۔
دیکھو تُکل۔

ڈھیل چیل (مونث) ڈھیلے والی
چھوٹی قسم کی پتنگ۔

ڈور (مونث) نخ۔ پتنگ بازی کی
خاص اصطلاح مراد پتنگ
اُڑانے اور لڑانے کا مانجھا
چڑھا ہوا تاگا۔
(سوتنا) پتنگ اُڑانے کے
تاگے پر کانچ (شیشے) کے سفوف
کا بنایا ہوا مسالا چڑھانا۔

ڈھلم (مونث) ڈھیل کا اسم مصغّر
پتنگ بازی کی اصطلاح مراد
ڈھیل کا پیچ (کھینچ) کی ضد۔
اس میں مخالف کی پتنگ میں
پیچ ڈال کر ڈور بڑھاتے یا
چھوڑتے رہتے ہیں یہاں تک
کہ کسی ایک پتنگ کی ڈور گھِس
کے کٹ جائے جس کو پتنگ کٹنا
کہا جاتا ہے۔

ڈھیل (مونث) اُڑتی ہوئی پتنگ
کو حسب ضرورت اوپر بڑھانے
کے لیے ڈور لمبی کرتے رہنے کا
عمل (چھوڑنا۔ دینا)

رُخ لگانا (مصدر) پتنگ لڑانے
کے ایک داؤ کا نام جس میں
پتنگ کے سر کو داہیں یا بائیں
رُخ پھیر کر زور سے کھینچا جاتا
ہے تاکہ حریف کی پتنگ کی
ڈور گھِسا لگ کر کٹ جائے۔

سُدھ (مونث) پتنگ کی ہوا میں سیدھے
کھڑے رہنے کی حالت
(رہنا۔ کرنا۔ ہونا)

سہارنا (مصدر) [illegible]
کو ہوا میں قائم کرنا یا رکھنا۔
ڈور تان کر پتنگ کو بلندی
پر ٹھیرانا۔

غوطہ دینا (مصدر) پتنگ کا سر زمین
کی طرف پھیر کر ڈور زور سے
کھینچنا تاکہ وہ زمین کی طرف
نیچے کو آجائے۔ کبھی حریف کی
پتنگ کی ڈور کاٹنے کے لیے
بھی یہ عمل کیا جاتا ہے۔
(لگانا۔ کھانا)

قط لگانا / قد لگانا (مصدر) پتنگ لڑانے کا
ایک داؤ جس میں اوپر
کی پتنگ کے پیٹے کو تلوار کی
طرح کھینچ سے نیچے کی پتنگ کے
پیٹے کو کاٹا جاتا ہے۔ (لگانا)

کانپ (مونث) پتنگ میں ٹھڈے
کے اوپر قوس کی شکل لگی ہوئی
تیلی۔ پتنگ کی کمان۔ دیکھو پتنگ۔
(لگانا۔ چڑھانا)

کانڑا / کانڑی (مذکر) پتنگ بازی کی
اصطلاح مراد ایسا پتنگ
جس کے ایک رُخ میں کسی
دوسرے اور گہرے رنگ کا
گول جوڑ لگا ہو جس سے [illegible]
پرواز میں پتنگ کے رُخ کی
پہچان ہوسکے۔
آنکھ کی شکل کے جوڑ کی پتنگ
اور یہی وجہ تسمیہ ہے۔

کل چڑا / کل چڑی (مذکر) وہ پتنگ جس کا
سرا ([illegible] حصّہ) کالے کاغذ
کا ہو بعض پتنگ باز کل سرا
کہتے ہیں۔

کل دُما / کل دُمی (مذکر) وہ پتنگ جس کا
پیندا یعنی نیچے کا سرا
([illegible] حصّہ) کالے کاغذ کا ہو۔

کلیجہ جلی (مونث) وہ پتنگ جس کے
بیچ میں ٹھڈے کے اوپر کالے
کاغذ کا گول جوڑ ہو۔

کنکوا (مذکر) گڈا۔ پھندنے دار پتنگ
کن کیا کا اسم مصغّر دیکھو کنکیا
اور پتنگ۔

کن کیا (مونث) لکھنؤ کی اصطلاح
دہلی میں گڈی اور آگرہ وغیرہ
میں پتنگ کہتے ہیں۔ پتنگ
نام زیادہ معروف ہے۔

کُنڈا (مذکر) پتنگ کا بغلی حصہ یعنی کانپ کے سِروں کے قریب کا حصہ۔

(کنکنا) پتنگ کا کُنڈے کے پاس سے پھٹ جانا۔ دیکھو پتنگ۔

کنّا / کنّے (مذکر) پتنگ کا کمربند جس کا ایک سرا کانپ کے وسط میں ٹھڈّے کو ملا کر اور دوسرا نیچے پتے کی نوک کے پاس ٹھڈّے میں باندھا جاتا ہے اور اس کے بیچ میں ڈور باندھی جاتی ہے۔ (باندھنا، ٹوٹنا، کٹنا)

کنّی (مونث) پتنگ کی چوطرفہ کور جس میں مضبوطی کے لیے باریک ڈورے کی تہ دی جاتی ہے یعنی کور پر ڈورا چپکا دیا جاتا ہے (لگانا)

(باندھنا) پتنگ کے دونوں کُنڈوں میں سے اگر کوئی کُنڈا ہلکا ہو تو اس میں بقدر ضرورت وزن باندھنا تاکہ دونوں برابر ہوجائیں۔

(دبانا) کانپ کے سرے کو حسب ضرورت دبا کر (موڑ کر) چڑھانا یا اُتار دینا۔

۲- پیچ کے لیے مخالف پتنگ کو گھیرنا، ایک طرف کو بچنے پر مجبور کرنا۔

(کھانا) پتنگ کا کنیانا یعنی کسی ایک طرف کو جھکے رہنا سُدھ نہ رہنا یا کھینچنے میں ایک طرف جھک جانا۔ رُخ پھیر لینا۔

کنیانا (مصدر) دیکھو کنّی کھانا۔

گھُٹکی (مونث) ڈور کے بٹے ہوئے تاروں میں تڑخ جو کسی چیز کی ضرب سے آجائے اور منجملہ کل بٹے ہوئے تاروں میں سے کچھ کٹ جائیں یا چھن جائیں جس کی وجہ سے اُس جگہ سے ڈور کم زور ہوجائے اور تاننے سے ٹوٹ جائے۔ (لگنا، لگانا)

[...]چم (مونث) دیکھو اچم۔ (کرنا)

[...]ڈا (مذکر) پتنگ لڑانے کے ایک داؤں کا نام جس میں پتنگ کا سر نیچا کر کے زور سے کھینچنے اور حریف پتنگ کی ڈور کے جھول پر ڈور ملا کر ایک دم ڈھیل دے دیتے ہیں (مارنا)

گُڈّا (مذکر) دُم چھلّے دار پتنگ۔ دیکھو کن کوا اور پتنگ۔

گُڈّی (مونث) دیکھو پتنگ اور کن کیا۔

گھسیٹ پیچ (مذکر) دیکھو اچم اور کھچم

گچھا (مذکر) دیکھو انٹی اور پھینٹی۔

(دینا، چھوڑنا) پتنگ بازی کی اصطلاح مراد پتنگ کی اُڑان میں ایک دم بہت سی ڈور چھوڑ دینا۔

۲- پتنگ لڑانے کے وقت جب ایسا کیا جاتا ہے تو یہ عمل پتنگ لڑانے کا ایک داؤں کہلاتا ہے۔

لگّا / لگّی (مذکر) لکھنؤ کی اصطلاح مراد پتنگ لوٹنے کی چھڑ جس کے سرے پر کلنٹے باندھ لیتے ہیں۔

لل دُمّی (مونث) سُرخ رنگ کاغذ کے پتے کی پتنگ۔

مانجھا (مذکر) پتنگ لڑانے کی ڈور سونتنے کا مسالا جو کانچ کا سفوف اُبلے ہوئے چاولوں میں ملا کر بنایا جاتا ہے اور ڈورے کو اس سے سونتا جاتا ہے۔ دیکھو ڈور سونتنا۔ (چڑھانا)

مانگ پائی (مونث) پتنگ کا نام دیکھو الفن۔

منجھولا (مذکر) اوسط درجے کی پتنگ جو ادھے سے کسی قدر چھوٹی ہوتی ہے۔ دیکھو ادھا۔

نخ (مونث) پانچ، چھ تاروں کی باریک بٹی ہوئی ڈور۔

ہتّے سے اُکھڑنا (مصدر) پتنگ بازی کی اصطلاح مراد اُڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور کا پتنگ باز کے ہاتھ کے پاس سے ٹوٹ جانا۔

ہتے مارنا (مصدر) اُڑتی ہوئی پتنگ
کی دوڑ جلدی جلدی کھینچنا
کھچم کرنا۔
اُچکا (مذکر) دیکھو اُچکا

ضمیمہ فصل سوم

(تماشاگری و شعبدے بازی مع تفریحی کھیل و مشاغل)

اٹھاچا (مذکر) چوسر کی قسم کا کھیل جس
کی بساط شطرنج کی سی ہوتی ہے
اور کھیل چوسر کا سا۔ چار
کوڑیوں کا ہاتھ اور چار نردوں
کی ایک بازی ہوتی ہے۔

اختو بختو (مونث) اکٹ پتلی والے
تماشاگروں کی گڑیوں کے
اصطلاحی نام جن کو وہ تماشا
کرنے میں تار کے ذریعے اُنگلی
کے اشاروں پر نچاتے ہیں۔

اردب } (مذکر) اعراب۔ لفظ اردب
اڑداب } غالباً اڑ اور داب کا اصطلاحی
تلفظ ہے۔

شطرنج کے کھیل کی اصطلاح
مراد کسی مہرے کی زد پڑنے
اور زد ڈالنے والے مہرے کے
درمیان، قید، روک جس کے
ہٹانے سے زد پڑنے والا مہرہ
پٹ جائے۔ (کرنا۔ ہونا)

اعراب (مذکر) اردب کا دوسرا تلفظ
دیکھو اردب۔

آفتاب (مذکر) گنجفے کی چھٹی بازی کا
میر۔ دن کے وقت کا کھیل
اس میر کے ساتھ کھیلا جاتا ہے
اور رات کے وقت کا ماہتاب
کے ساتھ۔ دیکھو گنجفہ۔
۲۔ تاش کی ایک بازی کے
اکے کا نام۔

اِکا (مذکر) تاش کی کسی بازی کا
پتا جس پر اُس بازی کے رنگ کا

ایک نشان ہوتا ہو اور بازی کا
سب سے بڑا میر شمار کیا جاتا ہو
جس کے مقابلے میں بازی کے
سب پتے مات کھاتے ہیں۔
(لگانا۔ مارنا) کھیل میں اِکے
کا پتا ڈالنا۔

انٹا (مذکر) چوسر اور اسی قسم کے
دوسرے کھیلوں اور قماربازی
کی مشترک اصطلاح مُراد کوڑیوں
کا داؤ (پاسا) پھینکنے میں وہ
کوڑی جو چت پڑے نہ پٹ
بلکہ آڑی کھڑی رہے۔ ایسی
کوڑی کو چت پٹ کے شمار
سے خارج سمجھا جاتا ہو جواریوں
میں کہاوت مشہور ہو۔
چت بھی میری اور پٹ بھی
میری۔ انٹا میرے باپ کا۔

اینٹ (مونث) تاش کی ایک بازی
کا نام جس کے پتوں پر اینٹ
جیسا سُرخ رنگ کا چھاپا
ہوتا ہو اور یہی اس کی وجہ تسمیہ

ہو۔ دیکھو تاش فقرہ ۲
بادشاہ (مذکر) تاش کی بازی کے ایک
میر کا نام جو ہر بازی میں ہوتا ہو
کھیل میں اس کی قدر اِکے کے
بعد ہوتی ہو۔ دیکھو تاش۔
۲۔ شطرنج کا میر۔

بازی (مونث) کھیل (ہارنا۔ جیتنا)
ہار جانا۔ کھیل جیت جانا۔
(لگانا) کھیل کی شرط بدنا۔
کھیل کا معاملہ کرنا۔
(کھیلنا) کسی تفریحی کھیل میں
مشغول ہونا۔
۲۔ تاش یا گنجفے کے پتوں کا ہر
رنگ اور اس کے کُل پتے
اصطلاحاً بازی کہلاتی ہو۔
تاش کے چار رنگ (چار بازیاں)
اور گنجفے میں آٹھ ہوتی ہیں۔

بانبی / **بانبھی** (مونث) سپیروں کی اصطلاح
مُراد سانپ کا بل یا زمین
میں دیمک کا گھر جس میں سانپ
بیٹھ جاتا ہو۔

سے گھر آئے ناگ نہ پوجیے
بانبھی پوجن جائے
کہاوت:۔ بچھو کا منتر نہ جانے سانپ
کی بانبی میں ہاتھ دے۔

برات (مونث) گنجفے کی ایک بازی
کا نام جس کے پتوں کا رنگ
سُرخ اور علامت افقی خط
ہوتا ہو۔ دیکھو گنجفہ۔

برج (مونث) تاش کے کھیل کی
انگریزی اصطلاح جو تعلیم یافتہ
تاش بازوں میں بولی جاتی
ہو۔ عام لوگ ٹرپ کا کھیل
کہتے ہیں۔

بُرد (مونث) شطرنج کے کھیل کی
اصطلاح مُراد کھیلنے والوں
میں سے کسی ایک فریق کے
سب مُہرے پٹ جائیں اور
بادشاہ اکیلا رہ جائے۔ اس
صورت میں کھیل بغیر ہار
جیت کے ختم ہوجاتا ہو۔
اکیلے بادشاہ کو شہ نہیں دی جاتی۔

اس لیے کھلاڑی یہ احتیاط کرتے
ہیں کہ حریف کی بازی کا کوئی
ایک مُہرہ قائم رہے جو بدرجہ
مجبوری پیٹا جاتا ہو۔ (اُٹھنا)

بساط (مونث) شطرنج کے کھیل کا
کاغذ یا کپڑے پر بنا ہوا نقشہ۔
(بچھانا)
۲۔ شطرنج، چوسر اور اسی قسم
کے کھیلوں کے مہروں کے
گھروں کا کپڑا
(اُلٹنا) کھیل ختم ہوجانا یا
بند کردینا۔

بل مارنا (مصدر) سپیروں کی اصطلاح
مُراد سانپ کا لہرانا۔ جسم کو
پیچ تاب دینا۔

بمنی (مونث) سپیروں کی اصطلاح
سانپ کی وضع کا دھاری دار
لکھوری رنگت کا ایک چھوٹا
کیڑا جو سانپ کی طرح چلتا ہو
ہو لیکن اس کے چھپکلی کے سے
پیر ہوتے ہیں۔

بوجا] (مذکر) تماشا گروں کی اصطلاح
بوجھا] مراد شعبدہ یا جادو کا کھیل۔

بہروپ (مذکر) نقال اور بھانڈوں کی اصطلاح مراد کھیل کود یا کسی خاص غرض سے حسب ضرورت صورت اور حلیے کی تبدیلی۔
(بھرنا)

بہروپیا (مذکر) بہروپ بھرنے والا۔

بیچا (مونث) تماشا گروں کی اصطلاح مراد ڈراؤنی ہیئت یا ایسی ہستی جس سے ڈر معلوم ہو۔
۲۔ بچوں کے ڈرانے کو مصنوعی طور پر کوئی ڈراؤنی ہیئت بنالی گئی ہو۔ (بنا۔ بنانا)

بیس گھرا (مذکر) ست گھرے کی قسم کا کھیل۔ دیکھو ست گھرا۔

بھانڈ (مذکر) بہروپ بھرنے نقلیں کرنے اور سانگ بنانے والے۔ تماشا گر۔

بھان متی (مذکر) ڈھٹ بند۔ تماشا گروں کا ایک گروہ جو تعجب خیز اور خلاف عقل کرتب دکھا کر تماش بینوں کو حیرت میں ڈالتے اور جادو ٹونے کا ڈھونگ بناتے ہیں۔
۲۔ عام طور سے یہ گمان کیا جاتا ہے کہ وہ نظر بندی کا کوئی عمل کرتے ہیں جس کو اپنی اصطلاح میں ڈھٹ بندی کہتے ہیں۔

بھانی] (مونث) مداریوں اور
بھانیاں] بازی گروں کے گیت جو ایک قسم کا منقفی کلام یا تک بندی ہوتی ہے۔ جس میں کچھ مطلب کی اور کچھ کام کی باتیں ہوتی ہیں۔
(کہنا)
۲۔ خوش کن کلام۔ ہندوؤں میں دسہرے کے تہوار کے موقع پر لڑکے کھیل کے طور پر ٹیسو کے نام سے ایک بت بناتے اور اس کے ساتھ لوگوں کو اس قسم کا تک بند کلام سناتے ہیں۔

پان (مذکر) تاش کی ایک بازی کا نام جس کے پتوں پر پان جیسا سرخ رنگ کا چھاپا ہوتا ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔ دیکھو تاش فقرہ ۲۔

پتا (مذکر) تاش، گنجفے اور اسی قسم کے کھیلوں کی مشترک اصطلاح مراد ان کھیلوں کی بازیوں کا کوئی ایک ورق۔ دیکھو تاش فقرہ ۲۔
(ڈالنا) بازی کھیلنے کو پتا رکھنا یا حریف کے پتے کے مقابلے میں پتا دینا۔
(کاٹنا) کم قدر پتے کو بڑی قدر کے پتے سے جیت لینا۔
پتا خارج کرنا۔ نکال دینا۔

پتلی (مونث) مداریوں کی کٹ پتلی (لکڑی کی گڑیا) جس کو تار کے ذریعے نچا کر تماشا دکھاتے ہیں۔ (نچانا)

پچیسی (مونث) چوپڑ۔ چوسر۔ قدیم دیسی گھریلو کھیل جس کی بساط چلیپے یا چوپڑ کی صورت ہوتی ہے اور یہی اس کھیل کی وجہ تسمیہ ہے۔ چوپڑ کے ہر حصے میں مربع شکل کے چوبیس خانے بنے ہوتے ہیں اور اس کا درمیانی حصہ (چوراہا) ملا کر پچیس ہو جاتے ہیں اس لیے اس کھیل کو پچیسی کہا جاتا ہے۔
۲۔ چوپڑ کے ہر حصے کے بیچ کے خانے اور سرے کے خانے میں چلیپے کی شکل بنی ہوتی ہے جس پر گوٹ پٹتی نہیں جاتی۔ اس خانے کو اصطلاحاً چیرا کہا جاتا ہے۔
۳۔ چوسر کے کھیل کے لیے چھالیہ کی ڈلی کی شکل کے چار رنگ کے سولہ مہرے ہوتے ہیں جو نرد یا گوٹ کہلاتے ہیں۔
۴۔ کھیل شروع کرنے کے لیے سات کوڑیوں کا ہاتھ پھینکا جاتا ہے جو اصطلاحاً داؤ کہلاتا ہے۔ یعنی سات کوڑیاں ہاتھ میں لے کر اور اچھال کر ڈال دینا

ایک داؤ یا ایک ہاتھ ہوا۔
۵۔ داؤ کے عدد جس میں گوٹ چوسر پر کھیلنے کو رکھی جائے۔ پو کہلاتے ہیں۔ یعنی سات کوڑیوں کے چت یا پٹ گرنے کی مقررہ تعداد پر پو ہوتی اور گوٹ بٹھائی جاتی ہے۔

پدم ناگ (مذکر) سپیروں کی اصطلاح مراد ایک خاص قسم کا نہایت زہریلا سانپ جو ایک ہاتھ لمبا، پتلا اور بہت تیز رفتار ہوتا ہے۔

پو (مونث) پچیسی کے کھیل کی اصطلاح۔ دیکھو پچیسی فقرہ ۲۔ (آنا۔ بیٹھنا۔ بننا)

پو بارہ / پو باہرہ (مذکر) پچیسی کے کھیل کی اصطلاح مراد جیت کا ہاتھ یعنی پو کا ایک ہاتھ میں گھر میں چلا جانا

پوتنگنا (مصدر) پچیسی کے کھیل کی اصطلاح مراد ایک ہی ہاتھ (داؤ پھینکنے (کوڑیاں ڈالنے) میں پو آ جانا یعنی گوٹ بساط پر بیٹھ جانا۔

پونگی (مونث) سانپ کو بلانے اور ہلانے کی سپیروں کی بانسری جس کی آواز سننے کا سانپ شوقین ہوتا ہے اور آواز پر آ جاتا ہے۔

پیادہ / پیدل (مذکر) شطرنج کا سب سے کم قدر مہرہ جو صرف ایک گھر سیدھا اور سامنے چلتا ہے اور آڑا مارتا ہے۔

پھنکل (مونث) پچیسی کے کھیل کی اصطلاح مراد وہ گوٹ جو بساط پر اکیلی رہ جائے اور اپنی جگہ سے نہ اٹھ سکے۔

پھنکار (مونث) سپیروں کی اصطلاح مراد سانپ کا تیز اور لمبا سانس جو وہ حالت جوش میں لے۔ (مارنا۔ لگانا)

تاج (مذکر) گنجفے کی ایک بڑی بازی کا نام جس کے پتے کا رنگ سبز اور اس میں نقطے کی شکل سفید رنگ کا چھاپا ہوتا ہے۔ دیکھو گنجفہ۔

تاش (مذکر) بدیسی گھریلو کھیل جو فرنگی تاجروں کے ساتھ ہندستان میں آیا اور رواج پایا۔ ابتدا میں ادنے طبقے کے مزدور اپنی فرصت کے وقت کھیلا کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ پڑھے لکھوں اور اونچے درجے کے لوگوں کی کلبوں میں برج کے نام سے شوقیہ قماربازی (جوئے) کے طور پر کھیلا جانے لگا۔
(سنسکرت میں لفظ تاش بمعنی نیچے گرانا۔ اور اردو میں تاش گھریلو تفریحی کھیل کا نام ہو گیا ہے)
۲۔ تاش میں چار رنگ کے باون پتے ہوتے ہیں۔ ہر رنگ کی ایک بازی کہلاتی ہے۔ اور ہر بازی تیرہ پتوں کی ہوتی ہے جس میں تین تیر (بادشاہ۔ ملکہ (رانی) اور غلام) اور یکے سے دہلے تک دس پتے ہوتے ہیں جو بازی کے چھاپے کی تعداد کے شمار سے اکا، دگی، تگی، چوا ...... وغیرہ نہلا اور دہلا کہلاتے ہیں اور بازیوں کے نام اینٹ، پان، چڑی، تن اور حکم ہیں۔
حکم کا اکا آفتاب کہلاتا ہے۔

تاش بازی (مونث) تاش کا کھیل یہ مختلف طریقوں سے کھیلا جاتا ہے۔ عام طور سے دو سے چار کھلاڑی تک کھیلتے ہیں
۲۔ سادہ طریقے پر دو کھلاڑیوں کے درمیان کھیل کو دوتی کہتے ہیں اور تین کھلاڑیوں کے کھیل کو ترپنی کہا جاتا ہے۔
اس میں ایک پتا (اینٹ کی دگی) خارج کر دیا جاتا ہے اور اکیاون پتوں سے کھیلا جاتا ہے۔

جس کھلاڑی کے پاس بڑی
قدر کے سب رنگوں کے پتے
ہوتے ہیں وہ جیت میں رہتا
ہے۔ کھیل آفتاب سے شروع
ہوتا ہے یعنی جس کے پاس آفتاب
ہوتا ہے وہ اس سے کھیل شروع
کرتا ہے۔

۲۔ سادے طریقے کے علاوہ ایک
ترپ کھیل کھلاتا ہے۔ یہ ایک
طرح کی شرط بازی یا جوا بازی
ہوتی ہے۔ اس میں کوئی ایک
کھلاڑی جس کو کھیل کے قاعدے
سے بوج کا حق ملتا ہے۔ پہلے
پانچ پتے لے کر اپنی سمجھ سے
کسی ایک رنگ کی بازی بولتا
ہے یا لگاتا ہے جس کا ایک ادنیٰ
پتا دوسرے رنگ کے بڑے
سے بڑے پتے کو کاٹ سکتا ہے
اس کو اصطلاحاً ترپ کہتے ہیں۔
جس کھلاڑی کے پاس ترپ
کے پتے زیادہ ہوں گے وہی
جیت میں رہے گا۔

تُرپ (مذکر) دیکھو تاش بازی فقرہ ۲
تُرپ غالباً انگریزی لفظ ٹرپ
کا اصطلاحی تلفظ ہے (لگانا۔ مارنا)

تگّی (مونث) دیکھو تاش فقرہ ۲

تہ پتی (مونث) دیکھو تاش بازی فقرہ ۲

تماشا (مذکر) ماخوذ از مشی یعنی پیدل
چلنا، باہم سیر کرنا۔ رقابت
اور شوق سے چیزوں کا دیکھنا۔
اُردو میں تماشے سے مراد
تفریحی مشاغل ہے (کرنا۔ دکھانا)

تماشاگری (مونث) مختلف قسم کے
تفریحی مشاغل کے کرتبی کھیل
جو تماشاگر پھرتے پھراتے دکھاتے
پھرتے ہیں۔

توڑی (مونث) پچیسی کے کھیل کی
اصطلاح مراد حریف کی گوٹ
پیٹنا یا مارنا۔
(کرنا) بغیر توڑی کیے گوٹ
گھر میں نہیں جا سکتی۔

ٹیسو (مذکر) دیکھو بھائی فقرہ ۲۔

جُگ (مذکر۔ مونث) پچیسی کے کھیل
کی اصطلاح مراد گوٹوں کا میل
یعنی ایک ہی کھلاڑی کی دو
گوٹوں کا کسی ایک خانے پر
جمع ہو جانا۔

جیت (مونث) بازی گروں کی اصطلاح
مراد کھیل کی کامیابی (ہونا)

چارجوگ / چارچوگ (مونث) شطرنج بازی
کی اصطلاح۔ دیکھو
قائم بازی۔

چال (مونث) تاش، شطرنج،
گنجفہ وغیرہ کی مشترک اصطلاح
مراد کھیل کا حسب قاعدہ عمل
(چلنا۔ بدلنا) کھیل کے
مہروں یا پتوں کو کھیل میں
استعمال کرنا۔

چڑی تن (مونث) تاش کی ایک
بازی کا نام جس میں پتوں
پر تہ پتی پھولی جیسا سیاہ رنگ
کا چھاپا ہوتا ہے۔ اس کی صورت
پُھڑے سے ملتی جلتی ہے اور
یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔ دیکھو
تاش فقرہ ۲۔

چکئی (مونث) لٹو کی طرح پھرانے کا
ایک کھیل۔ اس کی شکل چکی کے
پاٹوں کی سی ہوتی ہے جس کے
بیچ میں چار پانچ فٹ لمبی ڈوری
بندھی ہوتی ہے۔ ڈوری کا سرا
پکڑ کر اس کو اس طریقے سے
پھینکتے ہیں کہ وہ گھوم کر ڈوری
پر لپٹتی ہوئی پھینکنے والے کے
ہاتھ میں واپس آجاتی ہے (پھرانا)

چُمنا (مذکر) گڑیوں کے کھیل کی
چُمّا۔ اصطلاح مراد گڑیا کا پیارا بچہ
چومنے کے قابل بچہ۔

چپیلیا (مونث) ایک قسم کا بہت
زہریلا سانپ جس کے جسم
پر پپیلی کے پھول سے اندر
گل ہوتے ہیں۔

چنگ (مذکر) گنجفے کی ایک چھوٹی
بازی کا نام جس کے پتے کا
رنگ سرخ اور اس میں لکیر

کی شکل سفید رنگ کا چھاپا ہوتا ہے۔ دیکھو گنجفہ۔

چوپڑ (مونث) پچیسی کی بساط کا دوسرا نام۔ دیکھو پچیسی۔

چوپئی (مونث) ہولی کا سانگ۔ دیکھو سانگ۔

چوٹ کھیلنا (مصدر) سپیروں کی اصطلاح مُراد حریف سے سانپ کا یا کرتبی مقابلہ کرنا۔ حریف پر منتر مارنا۔ ٹونا کرنا جس سے اس کی بولی بند ہوجائے یا اس کو کوئی دکھ پہنچے۔

چوسر (مونث) دیکھو پچیسی۔ (پچیسی کا دوسرا نام)

چوسر بازی (مونث) پچیسی کا کھیل جو مختلف طریقوں سے کھیلا جاتا ہے جس میں ایک قسم کو کنجنی کہتے ہیں۔ چوچوسر کا ایک پرت الٹ کر کھیلتے ہیں۔

چیرا (مذکر) دیکھو پچیسی فقرہ ۲

چینڈ (مونث) رومکی۔ کھلاڑیوں کی اصطلاح مُراد کھیل میں ہٹ دھرمی یا خلاف قاعدہ یا معاہدہ عمل (کرنا)

چینڈ بازی (مونث) کھیل میں خلاف قاعدہ یا ناجائز اڑ کرنا۔ یا غلط عمل کو صحیح منوانے کی تدبیر کرنا۔

چھالا (مذکر) سپیروں کی اصطلاح مُراد سانپ کے منھ کے اندر کی زہر کی تھیلی (توڑنا۔ نکالنا)

حُکم (مذکر) تاش کی ایک بازی کا نام جس کے پتّوں پر پان کی شکل کا سیاہ رنگ چھاپا ہوتا ہے۔ اس کا اکا آفتاب کہلاتا ہے۔ دیکھو تاش فقرہ ۲

خِلال (مونث) گنجفہ بازی کی اصطلاح مُراد مات۔ ہار (ہونا۔ آنا۔ پڑنا)

داتو (مذکر) پچیسی بازی میں کوڑیوں کے پھینکنے کو جن کے چت پٹ سے تو آنے اور چلنے کے اعداد

کا شمار کیا جاتا ہے۔ اصطلاحاً داتو کہا جاتا ہے (آنا۔ چلنا۔ نکلنا)

[...]گی
[...]بی } (مونث) دیکھو تاش فقرہ ۲

[...]دوپتی (مونث) دیکھو تاش بازی فقرہ ۲

[...]دوموئی (مونث) سپیروں کی اصطلاح مُراد ایک قسم کا سانپ جس کے سر اور دُم دونوں طرف منھ ہوتا ہے۔

دیوانی گوٹ (مونث) پچیسی کی اصطلاح مُراد وہ گوٹ جو داتو صحیح نہ آنے کی وجہ سے گھر میں نہ جا سکے اور چکر لگاتی رہے۔

دھاون (مونث) ایک خاص قسم کا سانپ جو بہت طاقت ور نہایت تیز رو ہوتا ہے۔ اس کی خوراک دودھ ہوتی ہے۔ جس کو وہ گائے بھینس وغیرہ کو پھندے میں لاکر حاصل کرتا ہے۔ اس طرح کہ ان کے پیروں کو اپنے جسم سے باندھ کر تھن سے دودھ چوس لیتا ہے۔

ڈھٹ بند (مذکر) دیکھو بھان متی۔

رانی (مونث) ملکہ۔ تاش کی ہر بازی کے ایک میر کا نام جو عورت کی شکل پتّے پر بنا ہوتا ہے اور بادشاہ کے مقابلے میں ملکہ یا رانی کہلاتا ہے۔

رُخ (مذکر) شطرنج کے ایک مہرے کا نام جو ہر بازی میں دو ہوتے ہیں اور بادشاہ کی صف میں بساط کے دونوں کونوں پر ایک ایک بٹھا دیا جاتا ہے۔ اس کی شکل چکّی کی سی ہوتی ہے۔ ہر طرف سیدھی پٹی چلتا اور ہر گھر سیدھا مارتا ہے۔ دیکھو شطرنج۔

رسّی (مونث) سپیرے اور جُہلا رات کے وقت سانپ کا نام لینے کو بدشگونی سمجھ کر اصطلاحاً رسّی کہتے ہیں۔

رنگ (مذکر) تاش اور گنجفے کے کھیلوں
کی مشترک اصطلاح مراد ایک
رنگ کی کوئی بازی (ایک
رنگ کے پتے)
(ڈالنا) کھیل میں ہم رنگ۔
پتا دینا۔
(کاٹنا۔ نکالنا) کسی رنگ کی
بازی کے پتے جو غیر ضروری ہوں
کھیل میں نکال دینا یہ طریقہ
عام طور سے ترپ کے کھیل
میں ہوتا ہے)
(ملانا) ہر رنگ کی بازی کے
پتے علیحدہ علیحدہ کرنا۔ ایک رنگ
کے پتوں کا جوڑ لگانا)
(لے جانا) چوسر بازی کی
اصطلاح مراد ہم رنگ گوٹ
بٹھانے کو نہ رہنا۔
۲۔ تاش بازی میں کسی کھلاڑی
کے پاس کسی ایک رنگ (بازی)
کے پتے پہنچ جانا۔
روٹھی (مونث) جھوٹی اور دغا کی بات
یا دغا کرنے کی ترکیب۔ دیکھو
چنید (کرنا)
روٹھی باز (مذکر) روٹھی کرنے والا۔
ف: مجھے روٹھی بازی پسند نہیں
زِچ } (مذکر) عربی لفظ ضیق بمعنی
زیخ } گھٹنا۔ رکنا کا اردو تلفظ
شطرنج بازوں کی اصطلاح
مراد بادشاہ یا کسی مہرے کا
بساط کے کسی گھر میں بند ہوجانا۔
نکلنے کو کوئی دوسرا خانہ نہ رہنا
خواہ حریف مہروں کی زد پر آنے
سے خواہ ان کے یا اپنے مہروں
سے گھر جانے سے (ہونا)
زیخ } (مذکر) عربی لفظ ضیق کا غلط
ضیق } تلفظ۔ دیکھو زچ۔
زہر اتارنا (مصدر) سپیروں کی
اصطلاح مراد سانپ کے کاٹے
کے زہر کے اثر کو دوا یا منتر
سے زائل کرنا۔
زہر اگلنا (مصدر) سپیروں کی
اصطلاح مراد سانپ کا اپنے
منھ کی تھیلی کے زہر کو زخم میں
پہنچانا۔
سانگ (مذکر) انسان کے کسی فرد یا
افراد کے خاص کرتوتوں کی
عملی نقل۔ کسی قصے یا کہانی
کی عملی نقل یا کوئی عام نقل۔
(بھرنا)
سانگیے (مذکر) سانگ بھرنے والے
دیکھو سانگ اور بہروپیے۔
سپیرا (مذکر) سانپ کھلانے یا سانپ
کا تماشا دکھانے والا مداری۔
تماشاگروں میں بعض تماشاگر
سانپ، بندر، ریچھ وغیرہ
جانور ہلا کر ان کے تماشے
دکھاتے پھرتے ہیں۔ اور
عوام میں ریچھ والے۔ بندر
والے اور سپیرے کے نام
سے مشہور ہیں۔
ست گھرا (مذکر) دیسی معمولی گھریلو
کھیل جو زمین میں یا کسی لکڑی
میں سات، سات گھیوں
کی دو قطاریں بنا کر گولیوں کی
طرح کھیلا جاتا ہے۔
بعض مقامات پر اس کھیل کو
ست گھڈی کہتے ہیں جو گھی
بنا کر کھیلنے کی وجہ تسمیہ ہے۔
اسی طرح کا کھیل بیس گھرا
وغیرہ کہلاتا ہے۔ گھڈیوں کی تعداد
کی وجہ سے بیس گھرا نام رکھ لیا
گیا ہے۔
سرخ (مذکر) گنجفے کی چھوٹی بازیوں
میں کی ایک بازی کا نام جس
کے پتوں کا رنگ سرخ اور نقطے
کی شکل سفید رنگ کا چھاپا
ہوتا ہے۔ دیکھو گنجفہ۔
سفید (مذکر) گنجفے کی بڑی بازیوں
میں سے ایک بازی کا نام جس
کے پتوں کا رنگ کالا اور اس
پر نقطے کی شکل سفید رنگ کا
چھاپا ہوتا ہے۔ دیکھو گنجفہ۔
شاطر (مذکر) شطرنج کا کھلاڑی۔
شطرنج باز۔

شاہ (مذکر) دیکھو بادشاہ۔ تاش اور شطرنج کا میر۔ تاش کے پتّے پر اس کی شکل آدمی کی ہوتی ہے۔
۲۔ شطرنج کا میر۔

شطرنج (مونث) قدیم دیسی گھریلو کھیل جو چونسٹھ مربع خانوں کی بساط پر دو رنگ کے ۳۲ مہروں سے کھیلا جاتا ہے۔
ہر رنگ میں آٹھ پیادے (پیدل) دو رُخ۔ دو فیل (ہاتھی) دو اسپ (گھوڑے) ایک وزیر (فرضی) اور ایک بادشاہ ہوتا ہے۔ ہر مہرے کے نام کے ساتھ اس کی قدر اور چال کی مختصر کیفیت لکھ دی گئی ہے۔

شطرنج بازی (مونث) شطرنج کا کھیل۔ کھیل چند مختلف طریقوں سے کھیلا جاتا ہے لیکن اصطلاحات سب کھیلوں کی یکساں ہیں۔

شعبدے باز (مذکر) بازی گر۔ تفریحی تماشے دکھانے والا۔

ششدر، ششدرہ (مذکر) پچیسی کے کھیل کی اصطلاح مراد چوسر کے وہ چھ خانے جن میں گوٹ پھنس جائے تو پھر نہیں نکل سکتی۔

شمشیر (مونث) گنجفے کی بڑی بازیوں میں ایک بازی کا نام اس کے پتّے کا رنگ سبز اور علامت تلوار کی ہوتی ہے۔ اس کا میر شمس کہلاتا ہے۔ دیکھو گنجفہ۔

شہ (مونث) شطرنج بازی کی اصطلاح مراد بادشاہ کو کسی مہرے کی زد پڑنے کا اشارہ جو لفظ شہ (بادشاہ کو بچاؤ) کہہ کر دیا جاتا ہے۔ (پڑنا۔ آنا۔ لگنا)

غلام (مذکر) گنجفے کی چوتھی بازی کا نام جس کے پتّوں کا رنگ سفید اور اس پر صورت کا چھاپا ہوتا ہے۔
۲۔ تاش کا ایک میر۔

فرزی، فرزین (مذکر) فارسی لفظ فرزین کا اُردو تلفظ۔ شطرنج کے بادشاہ کا وزیر اس لیے اس کو وزیر بھی کہتے ہیں۔ یہ شطرنج کا سب سے بڑا میر ہوتا ہے۔ اس کی چال بساط کے ہر گھر اور ہر رُخ ہوتی ہے، اور ایسی ہی اس کی زد اور مار ہے۔

فیل (مذکر) شطرنج کا ایک مہرہ جس کو ہاتھی بھی کہتے ہیں۔ ہر بازی میں دو ہوتے ہیں اور بساط پر بادشاہ کی صف میں بادشاہ اور وزیر کے برابر بٹھائے جاتے ہیں، اور بساط کے ہر گھر اور ہر رُخ اس کی چال اور زد کج ہوتی ہے۔

قائم (مونث) چار چوک۔ شطرنج بازی کی اصطلاح مراد فریقین کے بادشاہ اور ایک ایک مہرے کے ساتھ کھیل قائم ہو جائے۔ اور ہار جیت کسی کو نہ ہو۔
(رہنا۔ ہونا)

قلعہ (مذکر) شطرنج کے بادشاہ کی پناہ گاہ جو شاطر چند مہرے خاص خانوں پر قائم کر کے بنا لیتے ہیں جس کی وجہ سے بادشاہ کو شہ نہیں پڑتی۔ (بنانا۔ جمانا۔ ٹوٹنا)

قماش (مونث) گنجفے کی ایک بازی کا نام جس کے پتّوں کا رنگ پیلا (زرد) اور ان پر رتھ مع سواری کا چھاپا ہوتا ہے۔

کال گنڈیت (مذکر) سپیروں کی اصطلاح مُراد وہ سیاہ سانپ جس پر کسی دوسرے رنگ کے گنڈے ہوں۔

کانا، کانے (مذکر) پچیسی کے کھیل کی اصطلاح مُراد کوڑیاں پھینکنے (داؤ ڈالنے) میں پَو کے عدد نہ آنا اور ہاتھ کے دو، تین، چار وغیرہ عدد خالی جانا اصطلاحاً کانا (کانے) کہلاتے ہیں۔ جب تک کھلاڑی کی کوئی پَو نہ آئے ہاتھ کے عدد بے کار جاتے ہیں (آنا۔ پڑنا)

کٹ پُتلیے (مذکر) کاٹ کی پتلیاں نچانے والے مداری۔

کچے بارہ (مذکر) چپیسی کی اصطلاح
مراد بے کار داؤ (آنا)
کشت (مونث) شطرنج بازی کی
اصطلاح مراد حریف کے
مہرے کی ایسی زد جس میں
بادشاہ بچایا نہ جا سکے اور مات
ہو جائے۔ (پڑنا۔ آنا۔ دینا)
لفظ کشت کا اصطلاحی تلفظ۔
کنچنی (مونث) چپیسی کے کھیل کی
اصطلاح مراد اس طرح کا
کھیل جس میں چوسر کی ایک فرد
خارج کر دی جائے۔
۲۔ چوپڑ کا درمیانی حصہ۔
کوڑیالا (مذکر) سپیروں کی اصطلاح مراد
ایسا سانپ جس کے رنگ پر
کوڑیوں کے سے نشان ہوں۔
کال گنڈیت کی ایک قسم
(دیکھو کال گنڈیت)
کینچلی (مونث) سانپ کی کھال کے
اوپر کی باریک جھلی جو پرانی ہو کر
ایک سال میں ایک مرتبہ اُتر
جاتی ہے۔ (اُتارنا۔ بدلنا۔ جھاڑنا)
گڈا (مذکر) مداریوں کی اصطلاح مراد
گڑیا کا مرد یعنی شوہر۔
گڑیا (مونث) کٹ پتلی یا کپڑے وغیرہ
کی بنائی ہوئی پتلی جو لڑکیوں
کے کھیلنے کو بنا دی جاتی ہیں۔
(کھیلنا) چھوٹی لڑکیوں کو امور
خانہ داری سکھانے کو گڑیوں
کا کھیل ایجاد کیا گیا ہے۔
گنجفہ (مذکر) قدیم دیسی گھریلو کھیل
جو تاش کی طرح کھیلا جاتا ہے۔
اس کا پتا تاش کے برخلاف
گول گتے کی شکل اور اوسط
درجے میں انگریزی رُپے کے
برابر ہوتا ہے۔
گنجفے کی آٹھ بازیاں (رنگ)
اور چھیانوے پتے ہوتے ہیں
اور تین کھلاڑیوں میں کھیلا
جاتا ہے۔
منجملہ آٹھ بازیوں کے چار بڑی
اور چار چھوٹی بازیاں کہلاتی ہیں۔
بڑی بازیوں کے نام: تاج۔ سفید
شمشیر اور غلام ہیں۔
چھوٹی بازیوں کے نام چنگ
سُرخ۔ قماش اور برات ہیں۔
تاج کا میر ماہتاب اور سُرخ
کا میر آفتاب کہلاتا ہے جو اصطلاحاً
رات اور دن کے کھیل کے
میر کہلاتے ہیں۔
ہر بازی میں ایک میر اور ایک
وزیر ہوتا ہے جن کو تاج اور
گھوڑا بھی کہتے ہیں۔
بڑی بازیوں کے پتوں کا شمار
دہلے سے شروع اور ایکے پر
ختم اور چھوٹی بازیوں کا اس
کے برعکس ہوتا ہے۔
پتے پر وزیر کی علامت عام
طور سے گھوڑے کی مورت
ہوتی ہے۔
دن میں آفتاب والی بازی
سے اور رات میں ماہتاب
والی بازی سے کھیل شروع
کیا جاتا ہے۔
گنجفہ بازی (مونث) گنجفے کا کھیل۔
گنڈلی (مونث) سپیروں کی اصطلاح
مراد سانپ کی بیٹھک (مارنا)
گوٹ (مونث) نرد۔ سنسکرت گوٹیکا
یعنی ایک چھوٹی گولی۔ چپیسی
کے کھیل میں نرد یعنی کھیل کے
مہرے کو کہتے ہیں۔
(چلنا۔ بیٹھنا۔ پٹنا۔ اٹھنا)
گیان چوسر (مونث) چپیسی کی قسم
کا ایک کھیل جو دو گولوں اور
چار کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے
اس کی بساط پر سانپ کی شکلیں
بنی ہوتی ہیں اور جیت کا گھر
جنت کہلاتا ہے۔ گوٹیں سانپ
کے منھ سے دُم کی طرف چلائی
جاتی ہیں۔
۵ گیان چوسر کا کھیل ہے اعلیٰ
سارے کھیلوں میں کھیل ہے بھالا
گھریلو کھیل (مذکر) گھر کے اندر کسی
ایک جگہ بیٹھ کر کھیلنے کے کھیل۔

گھوڑا (مذکر) شطرنج کے ایک مہرے کا نام جو ہر بازی میں دو ہوتے ہیں اور بادشاہ کی صف میں فیل کے برابر بٹھائے جاتے ہیں۔ اس کو اسپ بھی کہا جاتا ہے۔ چال اور زد بساط کے ڈھائی گھر ہر طرف ہوتی ہے۔ اس کی شہ میں کوئی مہرا اعراب نہیں آسکتا اسی لیے اس مہرے کی کھیل میں خاص اہمیت ہوتی ہے۔ دیکھو شطرنج۔

لوڈو (مذکر) پچیسی کی قسم کا کھیل بساط پچیسی کی بساط کی سی ہوتی ہے چوپڑ کے درمیان بٹھلانے کا چوکونا ہوتا ہے۔ اس میں سولہ نردیں ہوتی ہیں اور چوپڑ کے ہر فرد میں اٹھارہ خانے۔ اس کھیل میں کوڑیوں کی بجائے پاسہ ہوتا ہے جس کے ہر رُخ پر عددی نشانات بنے ہوتے ہیں جو ایک سے شروع ہو کر چھ پر ختم ہوتے ہیں۔ داتو میں صِرف چھ پر پَو آتی یعنی گوٹ بیٹھتی ہے۔

لہر / لہرا (مونث) سپیروں کی اصطلاح مُراد پونگی کی ایک خاص لَے (سُریلی آواز) جس پر سانپ عاشق ہوتا ہے۔

(لہرانا) سانپ کا لہر سن کر جھومنا بیٹھے ہوئے دھڑ اٹھا کر حرکت کرنا۔

(بجانا۔ چڑھنا)

مات (مونث) کھیل کی ہار۔ خلال (ہونا)

ماہتاب (مذکر) گنجفے کی بازی تاج کا میر اِکّا ہے جس سے رات کے وقت کا کھیل شروع کیا جاتا ہے۔ دیکھو گنجفہ۔

مداری (مذکر) تفریحی کھیل و تماشے دکھانے والا، تماشا گر۔

مرّان / مرّی (مذکر) میر کا اسم مصغر۔ دیکھو میر۔
۲۔ کھیل کا سرگروہ۔ سب سے اچھا کھلاڑی۔

ملکہ (مونث) دیکھو رانی۔

من (مذکر) ناگ کا جوہر جس کے متعلق روایت ہے کہ وہ ایک قسم کا نگینہ ہوتا ہے جس سے اندھیرے میں اُجالا ہو جاتا ہے۔ سنسان جنگل میں اندھیری رات کو پُرانا ناگ یا ناگن اس کو اُگلتا ہے اور اس کی روشنی میں کھیلتا ہے۔ ع

جڑاؤ بالیاں یاقوت کی یوں زیر گیسو ہیں
شبِ تاریک میں جس طرح ناگن من اُگلتی

مُندرا / مُندرے (مذکر) سپیروں اور جوگیوں کے کان میں پڑے ہوئے کنڈل (ڈالنا)

میر (مذکر) تاش، گنجفے اور اسی قسم کے کھیلوں میں بڑی قدر کا پتا سردار۔

ناگ (مذکر) نہایت زہریلی اور حملہ کرنے والی سانپ کی قسم پھن والا سانپ۔

نٹ (مذکر) ورزشی کھیل دکھانے والا تماشا گر۔

نرد / نردیں (مونث) دیکھو گوٹ۔ اگر کھلاڑی کی آٹھ نردیں بساط پر بیٹھ جائیں تو ایک پَو زائد ملتی ہے۔ اور ایک گھر زائد۔

نقّال (مذکر) دیکھو بہروپیے اور سانگیے۔

نہلا (مذکر) دیکھو تاش فقرہ ۲

نوگھرا / نوکنکرا (مذکر) ایک قسم کا گھریلو کھیل جس کی بساط چلیپے یا چیرے کی شکل ہوتی ہے۔ اس میں نو گھر ہوتے ہیں جن پر مہرے بٹھائے اور خالی گھر کو روک کر پیٹے جاتے ہیں۔

ہاتھ ڈالنا (مصدر) پچیسی اور اسی قسم کے کھیلوں کی اصطلاح مُراد پاسے یا کوڑیوں سے داتو چلنا یا نکالنا۔ (لینا) داتو کے عدد پر مہرے کو بساط پر بٹھانا یا بڑھانا۔

ہار (مونث) دیکھو مات اور خلال (ہونا۔ ماننا)

ہوّا (مذکر) مداریوں کی اصطلاح مُراد ڈراونی چیز۔ یا کوئی ڈراؤنی ہیئت۔ (بنانا)

چوتھی فصل

"جرائم پیشہ"

چوری۔ ٹھگی۔ ڈکیتی مع قمار بازی

آلے بھائی (مذکر) دکنی ٹھگوں کی بولی "آرے بھائی" کا مقامی تلفظ۔

آنسو توڑ (مذکر) ٹھگوں کا شگونی کلمہ مراد بے موسم بارش جس کو وہ بدشگونی کی علامت سمجھتے ہیں۔

آنکڑا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح ایک ہزار کی رقم یا عدد۔

آنھڑ (مونث) ٹھگوں کی بولی برائے اشارہ بعید۔ ساتھیوں کے رمزیہ کلام (اشارہ) مراد مسافر کو راستے سے دور لے جا کر قتل کرنا۔

اُتار چڑھاؤ (مذکر) چوروں کی اصطلاح مراد چوری سے قبل سب طرح کی ہوشیاری اور دیکھ بھال۔ (دیکھنا۔ جاننا۔ سمجھنا۔ سوچنا)

اُترتی ٹُھلکی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مراد ڈھلتا یا غروب ہوتا سورج۔ شام کو جھٹ پٹے کا وقت۔ ٹھگوں کی اصطلاح میں سورج کو ٹُھلکی کہا جاتا ہے۔

اتر جانا (مصدر) مسافر کا ٹھگ سے ہوشیار ہو جانا۔

ف:۔ مسافر باتوں میں اتر گیا۔

اُٹھائی گیرا (مذکر) چوروں کی اصطلاح مراد وہ چور جو آنکھ بچا کر یا غفلت پا کر کسی چیز کو اٹھا کر چل دے یا غائب ہو جائے اور ہمیشہ اسی تاک میں رہے اور اس کام کو اپنا پیشہ بنا لے۔

اُٹھنا (مصدر) راہ زنوں (بٹ مار) کی اصطلاح مراد وقت معینہ پر راہ چلتوں کی چوری کرنا یا بھولے بھٹکے پر ہاتھ مارنے کے لیے گھات سے نکلنا۔

ف:۔ ہماری ٹولی رات کو توپ کی آواز پر پائے سے اُٹھتی اور اپنا اپنا داؤ کر کے پھر وہیں واپس آتی تھی۔

اُچکا (مذکر) وہ چور جو کسی کے پاس سے کسی چیز کو اُچک کر لے بھاگے۔ جھپٹا مار کر لے جائے۔ (چوروں کی اصطلاح)

ادھور / **اہور** (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مراد مارے جانے والے مسافروں میں سے بچ کر نکل جانے والا مسافر۔ لفظ ادھر کا اصطلاحی تلفظ۔

اڈیل (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مراد برا شگون۔

اردل / **اروال** (مذکر) دیکھو ادھور (اہور) ٹھگوں کے ہاتھوں سے بچ کر نکل جانے والا ایسا مسافر جس کے سب ساتھی مارے گئے ہوں۔

اسیلی / **اسینڈھی** (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح لفظ سیل بمعنی رسی ڈوری یا زنجیر کا اصطلاحی تلفظ مراد بیڑی۔ (ہونا)

اِک اُڑیا (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مراد گیدڑ کی آواز جو ایک ہی نکل کر بند ہو جائے۔ نہایت بدشگون سمجھی جاتی ہے۔ اس کی نحوست مٹانے کو طرح طرح کے عمل کرتے ہیں

اکاسی (مونث) اُتاری۔ چیل کی آواز (آسمان کی طرف سے جو آواز آئے)

جس سے ٹھگ اپنے کام کے لیے
شگون لیتے ہیں۔
۲- پگڑی - کوچ کے وقت گر پڑے
تو بدشگونی اور جل جائے تو بہت
بُرا شگون مانتے اور اس کے
دفع کے لیے گڑ خیرات کرتے ہیں۔

اکاسی بڑار (مونث) دکنی ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد بادل کی گرج
ٹھگی کو جاتے وقت نہایت
بدشگون جانتے ہیں اور تین
روز تک اپنے ٹھکانے سے
باہر نہیں نکلتے۔

اگرئے (مذکر) دیکھو ٹھگ۔

اگوان (مذکر) چوروں کی اصطلاح
مُراد آگے بڑھ کر ٹوہ لینے والا
اور موقع واردات کے حالات
کی جانچ کر کے پیچھے آنے والوں
کو مطلع کرنے والا ساتھی۔

انجھنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد تنہا حالت میں رات کو
کسی پوشیدہ جگہ بسر کرنا۔ پڑ رہنا۔

اِندر من (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد رنڈی، بیسوا، آوارہ پہاڑی
عورت۔ پاتر۔

انگ جھاپ (مذکر) تلنگانی ٹھگوں
کی اصطلاح مُراد لاش چھپانے
یا گاڑنے کا معمولی گڑھا۔ لحد۔
(جھاپ ہندی بمعنی آڑ۔ اوٹ۔
سائبان)

اوٹھاڈالنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد پھانسی پر لٹکانا (اوٹھا
اصطلاح پھانسی کی رسّی جس
میں مجرم زمین سے ادھر لٹک جائے)

اوڑت پتوری (مونث) ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد اُڑتے ہوئے
اُلو کی آواز جس سے شگون لیا جائے۔

اوڑت کانوری (مونث) ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد چلتے میں ریاح
(باد) نکلنے کی آواز یا چلتے ہوئے
گوز چھوڑنا۔ اس حرکت کو نہایت
منحوس سمجھا جاتا ہے۔

اوڑوالا (مونث) تلنگانی ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد پتھر یا پتھر پھوڑا
بعض ٹھگ سمیا کہتے ہیں۔

اوکیڑا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح
مراد امیر آدمی کا پیش خدمت
چاکر۔ ٹہلیا۔

اوکھر (مذکر) ہتھیار۔ آلاتِ حرب

اوگال / اوگار (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد پرانا اور ناکارہ کپڑا یا
لباس۔

اوگرجانا (مصدر) قید سے نکل بھاگنا۔
قید خانے سے نکل جانا۔

اوگرنا / اوکلنا (مصدر) تلنگانی ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد کسی سے بچ کر
بھاگ جانا۔ قید سے بھاگ جانا۔

اوگھڑ (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد بُرا شگون، بے تکا معاملہ۔

اونڈنا (مصدر) روٹی یا کوئی غذا
جلدی میں کھانا یا جلدی جلدی
کھانا۔

اُہارنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد پھانسی دے کر مار ڈالنا
پھانسی پر لٹکا دینا۔

ایٹب / ایٹک (مونث) دکنی اور برار کی
ٹھگوں میں برادری کے
لوگوں یا ڈھوروں میں مرنے
جینے اور جننے کے موقع پر قبیلے
کے کل آدمیوں کا ایک معین
مدت تک گھر گھسنے بنے رہنے
کی رسم مسلمان ٹھگوں میں ختنوں
کے موقع پر بھی اسی رسم کی پابندی
ہوتی ہے۔ ان کے مہمان بھی ان
کے ساتھ خانہ نشین رہتے ہیں۔
ایسے موقعوں پر ٹھگ سفر ترک
کر دیتے ہیں اور گھر لوٹ آتے ہیں۔

ایک اُڑیا (مونث) گیدڑ کی بولی کے
شگون کا نام۔

ایک بردھا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد تیلی (برد بمعنی بیل)

ایک ناؤ (مذکر) ہم برادری۔ ایک ذات
یا قبیلے کے ٹھگوں کی جماعت۔
(ہونا) ایک قبیلے کے ٹھگوں
کا گروہ بندی کرنا۔ جماعت بنانا۔

جتھا بنانا۔

ایلو (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ایک نفر۔ واحد شئ۔ (ایلو اُردو محاورہ)

اَینٹھا / اینٹھا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد رُپیہ

اَینڈا (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بانجھ عورت۔ ۲۔ نِکھری۔ کسبی۔ نِکمّا۔ بے کار۔

باجنی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بندوُق۔

باجید (مذکر) ٹھگوں کا رمزیہ کلمہ مُراد تفنگچی جو کسی مسافر کے قتل پر مقرر ہو۔ ساتھی کو ہوشیا کرنے یا مسافر کے آنے کی خبر دینے کے لیے باجید خاں۔ دیو۔ دیومن وغیرہ نام بطور اشارہ بولے جاتے ہیں۔

بارامنی / بارامتی (مونث) چھپکلی کی آواز کا شگون۔

باڑو (مذکر) خاندانی اور تجربے کار ٹھگ

باڑونی (مونث) بوڑھی تجربے کار اور خاندانی ٹھگنی۔

باک (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد وعدہ۔ قول (دینا)

باگڑیا (مذکر) دیکھو ٹھگ۔

بالمیک / بالمیکا (مذکر) ٹھگوں کے مورثِ اعلیٰ کا نام جو ذات کا برہمن اور قنوج کا رہنے والا بتایا جاتا ہے

بانڑی (مونث) دیکھو بھالو کا۔

بانی (مونث) بھو۔ بیٹے کی عورت۔ ہندی میں بیر بانی ملا کر بولتے ہیں (دیکھو جلد ہفتم پیشہ شاطر)

بٹ مار (مذکر) دیکھو راہ زن۔ راہ چلتے مسافروں کی چوری کرنے والا۔

بٹی (مونث) باٹ کا اسم مُصغر بٹیا۔ ایک آدمی کے چلنے کا کھیت وغیرہ میں راستہ جو آدمیوں کے چلنے سے پڑ گیا ہو۔ جہاں لوگوں کی گرفتاری کے تلاشی ہوں بُری خبر (ہونا) ٹھگوں کا راستہ معلوم ہو جانا۔ بھید کُھل جانا۔

۲۔ بُری خبر سُننا۔

بِٹھلا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد محافظ کُتا جو حفاظت کو بیٹھا ہو۔

بدمعاش (مذکر) ناجائز پیشے سے زندگی بسر کرنے یا روزی پیدا کرنے والا۔

بِراوُنا (مصدر) جاسوُس کے شُبہ سے بچنے کے لیے اکّے دُکّے ہو کر ٹھگی کو نکلنا اور دوُر پرے کسی مقررہ جگہ پر پہنچ کر جمع ہونا۔

بُرچا / پُرچا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح۔ لفظ پارچہ بمعنی کپڑے کا غلط تلفظ۔

برسوتھ (مذکر) ٹھگوں کے ایک قبیلے کا نام دیکھو ٹھگ۔

برک / گِمل (مذکر) ٹھگی کا مال جو کسی کے پاس اوپری پاکر تاڑ لیا جائے اور اس کا بھید کُھل جائے۔

برکی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چھری جس سے حملہ کیا جائے اتا پتا مل جائے۔

بُرکیانا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چھری سے زخمی کرنا۔ بُرکیاں ڈالنا۔

برگیلا (مذکر) رازدار۔ واقف کار بھیا۔

بِرَوتی کرنا (مصدر) دیکھو براؤنا۔

بڑاکا (مذکر) بھیڑیے کے دیکھنے کے شگون کا نام

بڑکا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سردار، پیش رو، رہبر۔

بڑوئی (مونث) گیدڑ کی آواز کے شگون کا نام۔

بسل (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد دُکھدا کی بات جس میں نقصان کا اندیشہ ہو۔ خدشہ۔ وغدغہ۔ (پڑنا) خطرے کی آواز نکالنا۔ خوف کی حالت میں غُل و شور مچانا۔

بستی (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد اُٹھائی گیرا۔ جیب کترا۔

بٹیندی (مونث) بیڑیا پیتل کا برتن۔

بکوٹ (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد جلّاد (پھانسی دینے والا یا گردن مارنے والا)

بگنا } (مصدر) بھاگ جانے کا
بگ جانا } غلط تلفظ (مسافر کا ٹھگوں کے ہاتھ سے نکل جانا)

بلگیری (مونث) سڑک سے دُور ویران جگہ جہاں مسافر کا کام تمام کیا جا سکے۔

بلوچی (مذکر) دیکھو ٹھگ۔

بلیا (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد مقتول کو گاڑنے کی جگہ (مدفن)

(مانجنا) مقتول کو گاڑنے کے لیے جگہ تجویز کرنا۔

بلہا (مذکر) ٹھگوں کا ساتھی جس کو مقتول مسافر کے گاڑنے کا کام سپرد ہو یا مقتول کے گاڑنے کے لیے جگہ تجویز کرنے والا ٹھگ۔

بلہائے (مصدر) مقتول کے گاڑنے کی جگہ تجویز کرنا۔ بتلانا۔

بنار (مذکر) ایسا راستہ یا سڑک جہاں ٹھگوں کو گرفتاری کا خوف ہو یا جہاں پران کا بھید کُھل جائے اور گرفتار ہو جائیں۔

بناسنا (مصدر) راہ بھٹک جانا۔
۲۔ کسی چیز کو بھول جانا۔

بنج (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد مسافر۔ راہ رو۔

بنجاری (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بلّی۔ جب ٹھگی کو جانے کے لیے جمع ہونے کی جگہ پر آئے تو مبارک شگون ہوتا ہے۔

بندری (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مراد تلوار۔

بنگڑ (مذکر) آوارہ گرد ٹھگ جو کسی ٹولی میں نہ ہو۔

بنگو (مذکر) جمالدی اور لودھا ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سمندری اور دریائی ٹھگ۔ قزاق۔ جو مسافر کو کشتی میں لے جا کر لوٹتے ہیں۔

بنیانا (مصدر) مقتول کا لہو کسی چیز پر لگ جانا۔

بوٹ ہونا (مصدر) مسافر کا ٹھگوں کے فریب میں آ جانا۔

بور (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد شور غوغا یا بات کرنے کی آواز جو دُور سے سُنائی دے۔

بوریاہٹ (مونث) شور غوغا کرنا۔ چلّا کر بولنا جو ٹھگوں کے مقصد میں حارج ہو۔

بوڑا (مذکر) جمالدی اور لودھا ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ٹھگ

بوڑکی } (مونث) وسط ہند کے ٹھگوں
بھیڑکی } کی اصطلاح مُراد چکارے (ہرن کی قسم کا جانور) کے دیکھنے کا شگون۔

بوسن (مونث) پچیس سے زائد ٹھگوں کی ایک ٹولی (جماعت) جو ٹھگی کے لیے نکلے۔

بوگمہ (مذکر) لفظ بوغ بند کا غلط تلفظ فارسی داں بوغ دان بمعنی سامانِ سفر باندھنے کا کپڑا یا تھیلا کہتے ہیں ٹھگوں کی اصطلاح میں ہر قسم کے کپڑوں کی گٹھری۔

بہتائل (مذکر) مسافروں کی بڑی تعداد کا قافلہ جو ٹھگوں کی ٹولی سے زیادہ ہوں۔

بہتری } (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح
بھتری } مُراد دو کا عدد۔

بہتیا } (مذکر) ایک سو کا عدد یا سَو
بھیتا } کی گنتی۔

بہرا (مذکر) مُراد چار کا عدد۔

بینٹا }
بہتیا } (مذکر) ایک سو کا عدد۔

بیتو (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مراد ٹھگوں کا غیر یعنی ہر وہ شخص جو ٹھگ نہ ہو۔

بیٹ بردار (مذکر) بیل (گدالا) یا کُدال رکھنے والا ٹھگ جس کے سپرد مقتول مسافر کے گاڑنے کا کام ہوتا ہے اور جو ٹولی سے علیحدہ مزدوروں کی شکل بنائے پھرتا ہے۔

بیٹھک لینا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مُراد چوری کی غرض سے کسی جگہ کی ٹو لینے کو نظروں سے اوجھل چھپ کر بیٹھ جانا۔

بیدھا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ناقص الخلقت یا عضوبُریدہ آدمی جس کے مارنے کو بُرا جانتے اور سامنے آنے کو بدشگونی مانتے ہیں۔ کیوں کہ اس کی موجودگی سے بھید کُھلتا اور شناخت ہوتی ہے۔

بیس (مونث) چڑیا کے شگون کا نام۔

بینکریا (مذکر) ناکوں پر متعین ٹھگوں کا جاسوس اور خبر رساں۔

بیکری کرنا (مصدر) جالدی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ٹھگوں کے پاس خبر رسانی کا کام کرنا ٹھگوں کا مخبر۔

بیگھا (مذکر) جالدی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد لوٹ کے مال کا حصّہ یا حق۔

بیل (مونث) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ہر قسم کا اناج اور خاص کر رائی (سرسوں)

۲۔ ویران اور سنسان مقام جہاں ٹھگ اپنے مقتول مسافروں کو گاڑدیں جیسے بَن، پہاڑ، ندی نالہ وغیرہ۔

(سنبھالنا) ملتانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد لاش یا مسافروں کا لُوٹا ہوُا مال چھپانا۔ (فن بکیتی میں بیل بانک چھولوں کے داؤ کو کہتے ہیں)

(ڈھونڈنا) لاش گاڑنے یا سامان چھپانے کو کسی ویران مقام کو تلاش کرنا۔

بیلھا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بدخو حاکم۔

۲۔ کوڑی۔ جذامی یا عضو بریدہ شخص۔

بیورا (مذکر) چوروں کی اصطلاح مُراد اعتبار۔ دل کی بات۔

۲۔ بھید۔ کھوج۔ ٹوہ۔ راز کی خبر (لینا۔ لگانا)

بھارا (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد لاش۔

بھالوکا }
بھالی کا } (مذکر) بانڑی۔ گیدڑ کی آواز کا شگون۔

بھانس لینا }
پھانس لینا } (مصدر) لوٹ کے مال کو دبا بیٹھنا۔ اُس پر قبضہ جما لینا۔

بھٹوت (مذکر) پھانسی دینے یا قتل کرنے والا ٹھگوں کا عہدے دار

بھٹوتی (مونث) پھانسی دینے یا قتل کرنے کا عمل۔

بھُسرنا (مصدر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بھاگ جانا۔ روپوش ہو جانا۔

بھلیم (مذکر) ٹھگوں کے ایک گروہ یا قبیلے کا نام جو دہلی سے نکل کر ملتان اور سندھ کے علاقوں میں جا بسے تھے۔

بھم جودھا (مذکر) چڑیا کا شگون۔

بھوتنی (مونث) چیل کی آواز کا شگون

بھویا (مذکر) رُپیہ

بھیدی (مذکر) ٹھائی۔ چوروں کی اصطلاح مُراد کھوج نکالنے والا۔ پتے کی خبر لانے والا۔

کہاوت:۔ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔

بھینس (مذکر) ٹھگوں کے سب سے پہلے قبیلے کا نام دیکھو ٹھگ۔

پاتر (مونث) اِندرمن۔ ٹھگوں کی اصطلاح مُراد شمالی پہاڑی علاقے کی آوارہ عورت۔ کسبی۔ رنڈی۔ دیکھو اندرمن۔

پاڑنا کھنا }
باڑنا } (مصدر) پھانسی لگانا۔

پاسا (مذکر) جواریوں کی اصطلاح مُراد ہار جیت کا داؤ ڈالنے کی چیز جس کی عددی مقدار پر بازی کی ہار جیت رکھی جاتی ہے۔ (ڈالنا۔ پھینکنا)

پالوئی }
پالوی } (مونث) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چھلّا۔ مُرکی یا نتھ

پانڈرپھلی (مونث) دکنی ٹھگوں کی

اصطلاح مُراد موتی۔

پُترا (مذکر) گھوڑا۔

پُترِیت (مذکر) اسپ سوار۔

پُترِیت بھٹوت (مذکر) گھڑ سوار کو پھانسی دینے والا ٹھگ۔

پُترِینتی (مونث) گھڑ سوار کی بھٹوتی۔ دیکھو بھٹوتی۔

پتکی (مونث) روکڑ۔ نقدی۔ رُپیہ۔

پُتلی ہو جانا (مصدر) ٹھگوں کی جماعت کا بھٹوت پھٹک ہو جانا۔ یعنی قاتل کا بھٹک جانا۔

پتنی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چھینک۔

پتوری (مونث) چڑیا۔ کھریری۔ چھوٹے اُلو کی آواز کا شگون۔

پتیار (مونث) کوتی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد تیتر کی آواز جس سے ٹھگ شگون لیتے ہیں ان کے خیال میں گھر سے نکلتے وقت رات کو تیتر کا اور دن کو گیدڑ کا بولنا بہت منحوس ہوتا ہے۔

کہاوت:۔

راتیں بولے تیتر دن کو بولے سیار
تم چلیے وہ دیس انھیں جٹے اچانک ھار

پٹڑاگوہ (مونث) دیکھو گوہ اور کند

پُٹھوال (مذکر) پٹھو اور پٹھا وغیرہ الفاظ کا اصطلاحی تلفظ۔ چوروں کی اصطلاح مُراد نگہبان جو چوری کرتے وقت باہر کی دیکھ بھال کرتا رہے اور خطرے سے آگاہ کر سکے۔

۲۔ نقب زن کا ساتھی جو نقب پر نگرانی کرے۔

پچ بھیا (مذکر) ٹھگوں کے ایک قبیلے کا نام دیکھو ٹھگ۔

پرتا پڑنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ٹھگی کے واقعات کی تحقیقات کے وقت مال کی برآمد اور پہچان ہونا۔

پریتھال (مونث) دیکھو پتیار۔ (تیتر کی آواز کا شگون) بعض مقام پر پڑیال کہتے ہیں۔

پڑیال (مونث) دیکھو پریتھال۔

پسر (مونث) ٹھگی کے لیے جانے کی سمت۔

پُکار (مذکر) لودھا ٹھگوں کی اصطلاح مُراد اہیر ذات۔

پکھیلا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مراد کاغذ جو سرکاری حیثیت رکھتا ہو۔ یا معمولی کاغذ کا بڑا تاؤ

پلّو (مذکر) دکھنی ٹھگوں کی اصطلاح
پھلو مُراد کندھے پر ڈالنے کا کپڑا جو رومال کا کام دے۔

(دینا) گرو کا چیلے کو قتل کرنے کی مہارت حاصل ہونے کی سند کے طور پر دینا۔ یا سر پر باندھنا۔

پلمی (مونث) انگوٹھی۔

۲۔ پستان کی بٹنی۔

پلہاو (مذکر) جانور کی صورت یا آواز کے شگون کی اصطلاح جو گھر سے نکلتے وقت بائیں طرف سے ہو۔ اگر دائیں طرف سے ہو تو ٹھاؤ کہلاتا ہے۔ پہلے کو گھر سے نکلتے وقت اور دوسرے کو موقع پر پہنچنے کے بعد اچھا مانتے ہیں۔ اور اس کے برخلاف بُرا جانتے ہیں۔

پنچا ستی کوٹ (مونث) بل کر دیویا دیوی کی پوجا کرنے کا ٹھگوں کا طریقہ۔ دیکھو کوٹ۔

۲۔ دیو یا دیبی کی بھینٹ چڑھانے کا طریقہ جس کے لیے منگل یا بدھ کا دن مقرر کرتے ہیں۔

پنڈارا (مذکر) دیکھو ٹھگ۔

پنیارا } (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح
پنیارا } مراد موتی۔

پوتنی (مونث) کپڑوں کی دُھلائی کی اُجرت (کوٹیلے ٹھگوں کی اصطلاح)

پوڑلا } (مذکر) تراہے یا چوراہے کے
پولا } مقام پر راستہ بتلانے کی علامت (نشانِ راہ) جو پیچھے آنے والے ٹھگوں کی رہبری کے لیے زمین پر لکیریں کھینچ کر بنا دی جائیں۔ اور جلد آنے کے لیے خط کے

سرے پر مٹی کا ڈھیر بنا دیتے
ہیں۔اس اشارے کو ٹھپر پاتنے
رکھ کر بھی ظاہر کرتے ہیں۔
(کرنا) چوراہے پر راستہ بنانے
کی علامت بنانا۔
پیادہ بُھلانا (مصدر) دیکھو لولا کرنا۔
پھانک (مذکر) پھاٹک اور بھیک کا
غلط تلفظ مُراد نادار یا مفلس
مسافر (دینا)
پھانگڑا (مذکر) خرگوش کی آواز کا شگون
جب کوئی مسافر حالتِ کوچ
میں ہمراہ ہو اور خرگوش بولے
تو اس مسافر کو قتل نہیں کرتے
کیوں کہ ایسا کرنے میں آفت
میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔
پھانگوا (مذکر) پنیارا (پنیارا) ٹھگوں
کی اصطلاح مُراد موتی۔
پھان گولی (مونث) اشرفی یا پوٹلی
دکنی ٹھگ مُرغی کو کہتے ہیں۔
پھٹاکی (مونث) بندوق۔

مُراد تجربے کار اور ہوشیار چور
جو ساتھیوں سے علیحدہ رہ کر
چاروں طرف کی دیکھ بھال رکھے
اور خطرے کے وقت آگاہ کرکے
(چوری کرنے کے وقت کا چوکی دار)
پُھشکی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چپڑ
پُھرکنا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
گھوڑا جو تیز رفتار ہو۔
پھڑ (مذکر) ٹھگی کے لیے ٹھگوں کے
جمع ہونے کا مقام۔
۲۔ٹھگی کا مال تقسیم کرنے یا مسافر
کو قتل کرنے کی جگہ۔
(جھاڑنا۔جھڑوانا) موقع
واردات کی علامات کو مٹا دینا۔
۲۔مقتول کا نشان بے نشان
کر دینا۔
پھڑ جھڑوا (مذکر) وہ ٹھگ جو موقع
واردات کی علامات کو مٹانے
پر مقرر ہو۔
پھڑ کا دھنی (مذکر) پھڑ کے کام میں
ہوشیار ٹھگ دیکھو پھڑ اور

پُھنکل] (مذکر) چوروں کی اصطلاح

پھڑ جھڑوا۔
پھڑک دینا (مصدر) ٹھگ کا اپنے
ساتھی کو کسی کام سے منع کرنے
یا خطرے کی جانب جانے کو
روکنے کا اشارہ کرنا جو رومال
وغیرہ گرا کر کرتا ہے۔
پُھکنا / **پُھکنی** } (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد نادار مسافر یا کوئی بے قدر
چیز۔
پُھلکی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد سورج۔ یا پورا دن۔
۲۔چڑھتی پُھلکی مُراد چڑھتا دن۔
اُترتی پُھلکی مُراد ڈھلتا دن۔
چڑھتے دن کا شگون بُرا اور
اُترتے دن کا کم بُرا خیال کیا
جاتا ہے۔
پھول (مونث) چوروں کی اصطلاح
مُراد کوئی پوشیدہ اور سنسان
جگہ جو چوری کے مشورے کے
لیے جمع ہونے کو منتخب کرکے
وہاں کوئی علامت بطور نشانی

بنا دی ہو۔عام طور سے کوئی
پھول بنا دیا جاتا ہے اور یہی
علامت وجہ تسمیہ ہے۔
پھولا (مذکر) مالی۔باغبان۔
تاجنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد کسی چیز کو کھانا۔
تاس (مذکر) نیل کنٹھ کے دیکھنے کے
شگون کا نام جو بائیں جانب
اچھا سمجھا جاتا ہے۔
تانڈی (مونث) دکھنی ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد اشرفی۔
تاؤ (مونث) بھیڑ۔لوگوں کا مجمع۔
(چکانا) گروہ یا جماعت کی
تعداد کا اظہار کرنا۔
تاوڑی (مونث) روئی۔ٹاپ۔
تائل (مذکر) قافلے سے بچھڑا ہوا مسافر
یا جس کے ساتھی ٹھگوں کے
ہاتھ سے مارے گئے ہوں اور
وہ بچ کر نکل گیا ہو۔
تپانا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
دیبی (دیوی) کی پوجا کرنا۔

تپونی (مونث) دیبی کی پوجا۔

تختہ ہونا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مُراد چھت کی کڑی سے چمٹ کر تختے کے مانند بنا لینا تاکہ گھر والوں کی نظر سے بچ جائے۔

ترتونگر (مذکر) گاتو والوں اور ٹھگوں کے درمیان نا اتفاقی یا جھگڑا۔

ٹرمی (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح میں چور۔ اٹھائی گیرے یا جیب کترے کو کہا جاتا ہے۔

ترکیا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سنہار۔

تکرار (مونث) گاتو والوں کی ٹھگوں کے بارے میں تفتیش۔ تحقیق حالات، ٹوہ۔

تکہڑ (مذکر) ٹھگوں کے ساتھ دھوکا اور شرارت کرنے والا شخص۔

تکڑی (مونث) برادی ٹھگ پگڑی کو کہتے ہیں۔

تکمنی } (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح
ٹھکمنی } مُراد آنکھ یا نظر۔ (اردو ٹکنا بمعنی گھورنا)

(کرنا) کسی شخص کا جاسوسی اور سراغ رسانی کے لیے ٹھگوں کو نظر بھر کر دیکھنا۔

تندل (مذکر) ٹھگوں کے ایک قبیلے کا نام دیکھو ٹھگ۔

تنگا (تن گا) ۔ (مذکر) انگا یا انگرکھا۔

توتاری (مونث) سندھی ٹھگوں کی اصطلاح مراد مکر و فریب۔

توکل (مونث) دیکھو بہتائل۔

تونگڑ (مونث) ٹھگوں کی بولی۔

تھاپ (مونث) بستی کے باہر ٹھگوں کے قیام کرنے یا جمع ہونے کی جگہ۔

تھاپا (مذکر) دیکھو تھاپ۔
۲۔ دریا، ندی یا نالے کے کناروں پر ٹھگوں کے جمع ہونے کی پوشیدہ جگہ۔

تھاپی (مونث) پھڑ۔ راستے کے کنارے کی جگہ۔ سرِ راہ۔

تھارا (مذکر) ٹھگوں کے ایک قبیلے کا نام۔ دیکھو ٹھگ۔

تھاپیا } (مذکر) ٹھگ کمہار یا کمہار
تھاپیا }

(دکنی ٹھگوں کی اصطلاح)

تھانگ (مذکر) چوروں کی اصطلاح مُراد گھات کی جگہ۔ چوروں کے مشورہ کرنے کا کوئی پوشیدہ مقام۔
۲۔ بھید۔ راز۔ کھوج۔

تھانگ داری (مونث) چوری کا مال چھپا کر پوشیدہ مقام پر رکھنے کی ذمے داری۔
چوری کا مال چھپا کر رکھنے کی خدمت۔

تھانگی (مذکر) بھیدی۔ پوشیدہ چیزوں کی ٹوہ نکالنے والا سراغ رساں۔

تھکی کرنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد مسافر کو قتل نہ کرنے کا اشارہ، اس طرح کہ ٹھگوں کا جمعدار مسافر کے قتل کے لیے پہلے کھنکارتا ہے جس کو ان کی اصطلاح میں ٹھکی کرنا کہتے ہیں اس اشارے پر قاتل مسافر کے قریب آجاتا ہے۔ اس وقت اگر جمعدار زمین پر تھوک دے تو قتل سے ممانعت کا اشارہ سمجھا جاتا ہے۔

تھوڑے (مذکر) سونیا ٹھگوں کے قبیلے کا نام۔

تھمونی } (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح
تھونی } مُراد کسی مخالف کی مٹھی میں کچھ نقدی بطور رشوت پکڑا دینا۔ چپکے سے دست بدست رشوت دینا۔

ٹاپ (مونث) دیکھو ناوڑی۔

ٹانکی دینا (مصدر) کچھ رات رہے مسافر کو کوچ کے واسطے ترغیب دینا۔

ٹبار } (مونث) گجراتی تبارنا بمعنی
ٹپار } راز جوئی، سُراغ گیری۔ پوچھ گچھ۔ تحقیق حال۔

ٹبائی ڈالنا (مصدر) پھانسی دینا۔

ٹبائی ناکھنا (مصدر) پھانسی لٹکا دینا۔

ٹپانا (مصدر) ٹپنا/ٹیپ) ٹھگ کا مسافر کو گمراہ کرنا یعنی غلط راستہ بتا کر اصل راستے سے بھٹکانا۔

ٹپل } (مونث) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح
ٹپول }

مُراد بٹیا۔ عام سڑک سے علیحدہ کچا پیدل راستہ جس پر ٹھگ دھوکے سے مسافر کو لے جائے۔

ٹپڑھیا (مونث) بُنچہ۔

ٹکٹکی (مونث) تازیانے کی سزا کے لیے مجرم کو باندھنے کا فرما۔

ٹکٹکنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سو جانا، نیند آجانا۔ ۲۔ مرجانا۔

ٹلوا ⎫ (مذکر) ٹِنّا۔ کم سن بچہ۔ یعنی
ٹنوا ⎭ پانچ سال کی عمر سے کم کا بچہ۔

ٹلہا (مذکر) کانگر ٹھگوں کا جاسوس ٹھلیا۔ جو حالات معلوم کرنے کے لیے اِدھر اُدھر پھرتا رہے۔ (سندوسی مُراد مُخبری یا خبر رسانی)

ٹنّا (مذکر) دیکھو ٹلوا۔

ٹو (مونث) جاسوسی کسی چیز کی جستجو، تلاش (لینا۔ پانا۔ لگنا)

ٹولی (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد جتھا۔ جرگا۔ چند افراد کی جماعت۔

ٹوم (مذکر) قیمتی سامان از قسم ضروریات خانہ داری۔ زیور۔

ٹونا (مذکر) ٹھگوں کا مکر و فریب یا فروں کے ساتھ دوغلی باتیں۔ دو معنی کلمہ

ٹیپ (مونث) ایسی روشنی جو ٹھگ مسافروں کی تلاش یا قتل کے وقت کریں۔

ٹیکلا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مراد ٹھگی کے مال میں سے وہ چیز جو اپنی جگہ پر شناخت ہوگئی ہو یعنی جہاں کی ہو وہیں پہچانی جائے۔ (پڑنا) چوری کے سامان کی موقع واردات پر شناخت ہوجانا۔ پڑتا پڑنا۔

ٹیل (مذکر) ٹھگوں کا جاسوس جو اجنبی شخص کو نگاہ میں رکھے اور اس کا پتا لگاتا رہے۔

ٹھاری (مذکر) دلیر اور زبردست ڈاکو۔

ٹھاگر (مذکر) بڑے اُلّو کی آواز "گھوگھو" کے شگون کا نام۔

ٹھبانا ⎫ (مصدر) مسافر کو مقتل پر بٹھانا۔
ٹھبنا ⎭ ۲۔ کسی دوسری جگہ قیام کرانا۔

ٹھگ (مذکر) مثل مشہور ہے کہ:۔
جس نے نہ دیکھا شیر وہ دیکھے بِلائی
جس نے نہ دیکھا ٹھگ وہ دیکھے قصائی
اس کہاوت سے اس فرقے کی سخت دلی کا اندازہ کرانا مقصود ہے۔ ہندستان کے عہد بد نظمی میں یہ گروہ پیدا ہوا اور سرِ راہ دھوکے بازی اور عیاری سے مسافروں کے قافلوں اور اِکے دُکے راہ گیروں کو لوٹنے کا پیشہ اختیار کرلیا۔ ان کے قبیلے جو ہندستان میں جگہ جگہ پھیل گئے تھے مندرجہ ذیل مختلف ناموں سے مشہور تھے۔

۱۔ سوُبیا۔ راجپوتانے کے علاقے میں۔
۲۔ مٹھیا اور ننگو۔ بہار اور بنگال میں۔
۳۔ لودھا (پٹھان)۔ چھپرا مظفر نگر۔ دربھنگا۔ ترہت میں۔
۴۔ بلوچی اور پنڈارے۔ ریواڑی اور نواحِ دہلی میں۔
۵۔ جمالدی (پٹھان) علاقہ اودھ میں۔
۶۔ اگریے۔ آگرہ اور الہ آباد میں (تفصیل کے لیے دیکھو جلد اوّل پیشہ معماری)
۷۔ کولی۔ علی گڑھ۔ ہاپوڑ اور بلند شہر وغیرہ میں (تفصیل کے لیے دیکھو جلد دوم پیشہ پارچہ بافی)

۲۔ ان مذکورہ بالا مشہور قبیلوں کے علاوہ ضلع کانپور کے کوہرے اُجین کے اوجنیا۔ رام پور کے راموسیا۔ بڑاڑ کے بڑاڑیا۔ اور گوالیار کے باگڑیا اور سوپرڑ مشہور تھے۔

۳۔ وسطِ ہند اور خاندیش کے علاقے میں مندرجہ ذیل سات ذاتیں مشہور تھیں۔
(۱) بھینس (۲) برسوتھ (۳) کاچنی (۴) تھارا (۵) گاتو (۶) تندل (۷) بھلیم وغیرہ۔ جن میں ہانڈی وال۔ سری پوتی۔ چڑیا پوتی۔ دھولاتی۔ اعتبار خانی

گلرا (گلرا) کا ٹھر۔ قلندر اور تیج بھیا علیحدہ علیحدہ گھرانے تھے۔

ٹھولا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح لفظ تھانے کا غلط تلفظ پولس کی چوکی۔

ٹھیاؤ (مذکر) دیکھو پلہاؤ۔

ٹھینگا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مراد کٹار (تلوار)

جاگ ہو جانا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مراد چوری کے وقت سوتوں کا جاگ اٹھنا جس کی وجہ سے چوروں کو بھاگ جانا پڑے۔

جانگڑا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مراد طاقت ور محنتی اور ہمت والا۔ عام طور سے راجپوت کو کہتے ہیں۔

جتائی (مونث) ٹھگی کے لیے سفر کو روانگی جس میں جیت کر آئے یعنی کامیابی کا بھروسہ ہو۔ (کلمہ مبارک)

جرگا (مذکر) ٹھگوں کی ٹولی یا جماعت۔ دیکھو ٹولی۔

جُل (مذکر) دھوکا۔ جھانسہ۔ فریب (دینا۔ کرنا)

جل کاگرا (مذکر) پہاڑی کوا۔ جس کا ندی کے کنارے درخت پر بیٹھے بولنا ٹھگوں میں بہت مبارک شگون سمجھا جاتا ہے۔

جلہر (مذکر) سارس۔ جل کاگرے کی طرح اس کی آواز کا شگون بھی بہت اچھا سمجھا جاتا ہے۔ اگر پلہاؤ اور ٹھیاؤ کے ساتھ ہو۔

جمالدی (مذکر) مسلمان پٹھان ٹھگوں کا قبیلہ جس کا دوسرا گروہ لودھا کہلاتا ہے جو دہلی اور آگرے سے نکل کر اودھ میں جا بسا تھا اور پھر وہاں سے دربھنگا اور ترہت کی طرف پھیل گیا۔ دیکھو ٹھگ

جنگ جوڑا (مذکر) دو الوؤں کے بالمقابل بولنے کی آواز کے شگون کا نام جو بہت برا مانا جاتا ہے۔

جواری (مذکر) قمار باز۔ جوا کھیلنے والا۔

جوالو / جیالو (مذکر) جی جانے والا۔ وہ مسافر جس کو ٹھگ اپنی دانست میں مار چکے ہوں مگر اس میں دم ہو اور جی بچے۔

جوڑ (مذکر) چوروں کی اصطلاح مراد چوری کا ساتھی۔

جیب کترا (مذکر) گٹھ کٹا۔ پیشہ ور چور جو راہ چلتے کی جیب کترلے یا اس میں سے چوری کرلے۔

جھانسا (مذکر) فریب، دھوکا، بناوٹی بات (دینا)

ف: ساہوکار نے جھانسا پٹی دے کر کاغذ لکھوالیا۔

جھانور / جھانورا (مذکر) بڑاڑی ٹھگوں کی اصطلاح مراد مسلمان۔

جھرنی / جھونی (مونث) بیٹی۔ مسافر کے قتل کرنے کا کلمہ جس کو سن کر قاتل تعمیل کرتا ہے (دینا)

جھڑاوا (مذکر) ٹھگوں میں بھاگ جانے کا کلمہ۔ یا ساتھی کو بھگا دینے کا کلمہ۔

جھڑاون (مونث) موقع واردات سے ٹھگوں کی فراری۔ (جانا) موقع واردات سے بھاگ جانا۔

جھلڑا / جھلڑ (مذکر) پوٹا، پیٹ (شکم، ڈھیا۔ جانوروں کا پوٹا جو گردن کے نیچے ہوتا ہے۔ (شمالی ہند کے ٹھگوں کی اصطلاح)

جھمانا (مصدر) پہچان لینا۔

۲۔ جان پہچان آدمی۔

جھواڑنا (مصدر) چوری کے مال کو چھپا دینا۔ (جھواڑ رمز یہ کلمہ اشارہ چھپ جانے کا)

جھوسا (مذکر) کم زور اور دبلا مسافر

۲۔ مفلس اور نادار مسافر۔

۲۔ چھوٹا معمولی درجے کا گانو۔

جھونٹڑا ناٹک (مذکر) سندھی ٹھگوں کا گروہ جس کا نام دیبی کی پوجا میں لیا جاتا ہے۔

جھونی (مونث) دیکھو جھرنی۔

جھیما (مذکر) ملتانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد پیٹ۔ دیکھو جھلرا۔

چاپ (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد چلنے میں پیر کی آہٹ۔
ف: چور جاگ کا کھٹکا پاکر چپ چاپ چلا گیا۔

چام جانا / چمو جانا } (مصدر) ٹھگ کا گرفتار ہو جانا

چام لینا (مصدر) ٹھگ کو گرفتار کر لینا۔

چامیائی (مونث) ٹھگوں میں قتل کے وقت مقتول کے ہاتھ پکڑے رہنے کا فعل۔

جانڑط (مونث) دیکھو بھٹوت (بھٹوتی) (بنگو ٹھگوں کی اصطلاح)

جانڑیائی (مونث) مسافر کو قتل کرنے کا عمل۔ دیکھو بھٹوتی۔

چٹائی (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد رشوت یا کسی کو اپنا بنانے کو کچھ دینا۔ منھ بھرنا بمعنی مخالفت سے روکنا۔

چٹاؤ (مونث) دھرائی۔ وہ رقم یا مال کا حصّہ جو ٹھگی کے مال کی چوکیدارے کی دی جائے۔ چوکیدار کا حق۔

چڑچڑا (مذکر) دیکھو بارا ہتنی۔

چڑیا (مونث) دیکھو تپوری۔

چڑیا پوتی (مذکر) ٹھگوں کے ایک قبیلے کا نام۔ دیکھو ٹھگ نقرہ ۲

چڑھتی ٹھپلکی (مونث) دیکھو ٹھپلکی نقرہ ۲

چک (مذکر) بھڑک۔ ٹھگوں سے مسافر کا چوکس ہو جانا، شبہ کرنا۔

چک بیل (مونث) ڈاٹن۔ مسافر کو قتل کرنے کی ایسی جگہ جس کے قریب بھاگے ہوئے مسافر جمع ہوں یا کوئی بستی ہو۔

چکرا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد طلادانی (سونے کی پوٹلی)

ٹُچکرّ / چگاّرا } (مذکر) کُتّا اور اس کے دیکھنے کے شگون کا نام۔

چلت (مونث) ٹھگ کی دو گھڑی دن رہے ٹھگی کے لیے روانگی۔

چانا (مصدر) بھیڑیے کے رونے کی آواز کا شگون۔

چھوٹا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مراد دودھ پیتا بچہ جو ماں سے چمٹا رہے۔

چنگڑی (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سلمان ٹھگ (چنگیز خاں سے منسوب) شمالی ہند میں نائک کہلاتے اور بنجاروں کے بھیس میں ٹھگی کرتے تھے۔ یہ لوگ اپنی لڑکیوں کو مار ڈالتے تھے۔

چموسی (مذکر) دیکھو چموسیا۔

چموسیا (مذکر) تمیا۔ مسافر کو قتل کرتے وقت اس کے ہاتھ پکڑے رہنے والا ٹھگ (تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح)

چنگنا (مونث) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد لڑکی۔

جنگوریا (مذکر) ٹھگوں کے ایک قبیلے کا نام دیکھو ٹھگ (برسوتھ)

چواں (مونث) دیکھو پاتر۔ (تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح)

چور (مذکر) چوری چھپے دوسروں کا مال اینٹھنے یا اڑا لینے والا بدمعاش۔

چوراس (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح جڑ راہ زن، اٹھائی گیرا یا جیب کترا۔

چورکنا (مصدر) بطور اطلاع خبر دینا۔

چوکا دینا / چوکارا دینا } (مصدر) ہندی چوکنا بمعنی بھول ہو جانا۔ غفلت ہو جانا۔ ٹھگوں کی اصطلاح میں مسافر کو قتل کرنے کے ارادے سے کسی جگہ بٹھا کر دھوکا پٹی اور بہلاوے کی باتیں کرنا جس سے اس کا دھیان بٹے۔

چوکانا / چوکنا } (مصدر) ہندی بمعنی ہوشیار کرنا یا خبر کرنا۔ ہوشیار ہونا باخبر ہونا۔ ٹھگوں کی اصطلاح میں ٹھگوں کے مخبر کا مسافروں کو دیکھ پانا یا دور پرے سے دیکھ کر خبردار ہو جانا۔ ہوشیار ہو جانا یا برخلاف اس کے مسافروں کو ٹھگوں کی خبر مل جانا جس کو ٹھگوں کی اصطلاح

میں چوک لینا کہا جاتا ہے۔

چونڈھنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد پگڑی باندھنا۔

چونڈھی (مونث) پگڑی

(چڑھانا) پگڑی سے مشکیں باندھنا۔

چیت (مذکر) ہندی چیتنا بمعنی ہوشیار ہوجانا، سنبھل جانا۔ ٹھگوں کی اصطلاح میں بھڑکے ہوئے مسافر کو کہتے ہیں جو ٹھگوں کی خبر پانے سے چوکنا ہوگیا ہو۔

(جانا)

چیپا (مذکر) مال دار مسافر۔

چیہا (مذکر) ڈرپوک اور بزدلا مسافر

چھاندا (مذکر) چھپر یا چھانو۔ یا کپڑے کا سائبان جو دھوپ وغیرہ کے بچاؤ کو ٹھگ عارضی طور پر لگالے۔

چھانڈو (مذکر) ہوشیار، تجربے کار اور پکا ٹھگ جو اپنا بھید نہ دے

چھت کرنا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مُراد چھت میں کونل

لگانا یعنی موکھا کرنا جس کے ذریعے اندر داخل ہوسکے۔

چھچکاری (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد کلمہ اشارہ جو چوری کے وقت اپنے ساتھی کو مخاطب کرنے کے لیے مہمل آواز میں دبی زبان سے بولا جائے۔

چھراگی (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بیراگی۔

چھربیٹا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد پنڈت مرہٹہ یا لڑکا۔

چھٹمنا (مذکر) برہمن۔

چھنگڑ (مذکر) چور، راہ زن۔

چھیپ (مونث) اشرفی یا ٹھپا کیا ہوا سکہ۔

چھیلنا (مصدر) حاکم کے حکم سے قید سے رہائی پانا۔

چھینہر } (مذکر) جنگل، ویرانہ۔
چھیں ہڑ } ہندی چھیڑ بمعنی مجمع کا علیحدہ ہوجانا، منتشر ہوجانا۔

چھینگ (مونث) بڑاڑی ٹھگوں کی

اصطلاح مُراد تلوار۔

چھیوٹا (مذکر) بھڑکا۔ پگی مُراد روپیہ۔

دادا دھینڑا (مذکر) ٹھگوں کے ایک گرو کا نام جس کی نیاز دو پیسے کی شراب ہے۔ اس گرو کی قبر قصبہ بکونا ضلع علی گڑھ میں ہے۔

داتی (مونث) رات کے وقت دو گیدڑوں کے لڑنے کی آواز کے شگون کا نام۔ دیکھو بھالو۔

دتوا (مذکر) خرگوش کی آواز کے شگون کا نام۔ دیکھو دھیا

ڈرکا (مونث) شاما چڑیا کی آواز یا دیکھنے کے شگون کا نام جو بہت معتبر شگون مانا جاتا ہے۔

دستر (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد دن یا دن کی روشنی روز روشن۔

دم دینا (مصدر) شہدوں کی اصطلاح مُراد کام نکالنے کو بات بنا دینا۔ دھوکا دینا۔ دلاسا دینا۔

ف:۔ پولس نے دم دلاسا دے کر مجرم کا اقرار کرالیا۔

ڈنتیرو (مذکر) گدھے کی آواز کے شگون کا نام (دکنی ٹھگوں کی اصطلاح) جو بہت معتبر سمجھا گیا ہے۔ اگر گدھا سامنے سے منھ کھول کر بولتا ہوا آئے تو بدشگونی ہے۔ اس کو اصطلاحاً ماتھا پھوڑ اور بعض ڈنڈا کہتے ہیں۔ ہندستانی ٹھگوں میں کانٹا اور گھرگا کے نام سے یہ شگون موسوم تھا۔

دوڑ (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد موقع واردات پر پولس کی آمد۔ (آنا۔ لانا)

دونا (مذکر) کٹ گر۔ وہ لکڑ جس میں قیدی یا مجرم کا پیر پھنسا کر بند کردیا جائے۔

دوہر (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد زن و شوہر۔ خاوند اور جورو۔ میاں بیوی۔

دھاگا (مذکر) دعوے کا غلط تلفظ (ہونا۔ کرنا)

(لانا) مسافر کے آنے جانے

کے مقام کا پتا لگانا۔ سُراغ لگانا۔

دھاگل (مذکر) لکھا ہُوا یا سادہ کاغذ۔

دھامو (مذکر) دن۔ روز روشن۔

دھانڈھر (مذکر) گانو والوں کا نرغہ یا مجمع جو ٹھگوں کے پکڑنے کو ہو یا سرکاری پیادوں کی ٹولی۔

دھرائی (مونث) دیکھو چٹاؤ۔

دُھر دھر (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد پھانسی جو مسافر کے لیے بنائی جائے۔ (کرنا)

دُھر ڈالنا (مصدر) پھانسی دے دینا۔

دھما (مونث) بکری یا بھیڑ۔

دھماکا (مذکر) چھوٹی نال کی بندوق۔ (ٹومی گن)

دھواشا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چلم میں پینے کا تمباکو گُڑاکو۔

دھوت (مذکر) مسافر کو پھسلا کر جال میں پھانسنے والا ٹھگ (لانا)

دھوکڑا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد کتّا کجاؤ۔

۲۔ چغل خور

۳۔ ٹھگوں کو گرفتار کرانے والا۔

دھونس (مونث) دھوکا، فریب، چکما

۲۔ دھمکی، ڈراوا۔

(آنا) موقع واردات سے دھوکا یا فریب دے کر نکل بھاگنا۔

(دینا) دھمکی دینا، ڈراوا بتانا۔

دِھیا (مذکر) خرگوش کی آواز کا شگون جو ہر حال میں بُرا مانتے ہیں۔ (ہونا)

دہی ٹُھرکانا (مصدر) ایک ٹوٹکے کا نام جس میں تین مرتبہ دہی مُنھ میں لے کر آسمان کی طرف کُلّی کرتے ہیں جس کا مقصد کسی شگون کی نحوست کو دُور کرنا ہوتا ہے۔

ڈابنی (مونث) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد کٹار (شمشیر)

ڈاٹن (مونث) دیکھو چک بیل۔

ڈاکا (مذکر) ڈکیتی۔ لٹیروں کا مسافروں پر سرِ راہ دھاوا اور لوٹ۔

(ڈالنا۔ پڑنا)

ڈاکو (مذکر) ڈکیت ڈھاڑی۔ راہ زن (رہزن) سرِ راہ مسافروں کو لوٹنے والے چور جو مرنے اور مارنے سے نڈر ہو کر مسافروں کو لوٹنے کے لیے دھاوا کرتے ہیں۔

ڈِبی (مونث) راہ۔ راستہ۔ سڑک جو نشیب میں ہو۔ مراد کھائی۔ (لفظ دو بنا سے مشتق)

ڈِدھ (مذکر) مسافر۔ راہ رو۔

ڈڑھوتی (مذکر) وہ مسافر جس کے ساتھ کوئی شاگرد پیشہ یا خدمتی ہو۔ مُراد ڈیوڑھی قوت والا۔

ڈکیت (مذکر) دیکھو ڈاکو۔ مسافر پر مقابلے میں آکر حملہ کر کے لوٹنے والا۔

ڈکیتی (مونث) دیکھو ڈاکا۔

ڈگا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد حقہ۔ ۲۔ بوڑھا آدمی۔

ڈنڈا (مذکر) دیکھو دتیرڈ

ڈولیاں ہونا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مُراد پکڑوا جانا۔ سرکاری پیادوں کا پکڑ کر لے جانا۔ گرفتار ہو جانا (دیکھو ڈولی جلد پنجم)

ڈونڈ ریانا۔ ٹھگوں کے بس میں آکر مسافر کی وائے ویلا کرنا، فریاد کرنا، لوکارنا۔

ڈھاپ (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد کُتے یا بلّی کا پاخانہ جس کا دیکھنا شگون ہوتا ہے۔

ڈھاڑی (مذکر) دیکھو ڈاکو۔

ڈھاپرے / ڈھمیرے (مذکر) تانبے، پیتل وغیرہ کے برتن۔ بعض ٹھگ ڈھانڑ کہتے ہیں۔

ڈھانٹر / ڈھانڈ (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد تانبے پیتل کے برتن۔

ڈھڈو (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ندی۔

ڈھرو (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد توکا۔

ڈھگا (مونث) جھاڑیوں کا میدان یا پہاڑی (تلنگانہ)

ڈھلال (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی

اصطلاح مُراد کلال، شراب فروش۔

ڈھلہا (مذکر) پیسہ یا تانبے کا سکہ۔

ڈِھیرڑی } (مونث) سرائے یا چھوٹی
ڈھینڑِی } بستی۔ ڈیوڑھی کا غلط تلفظ۔

ڈھینگی (مونث) پانی بھرنے یا کنوئیں سے پانی نکالنے کا برتن (لوٹا)

ڈھوکا (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح میں چوکی کو کہتے ہیں اور ہندستانی ٹھگ روکی بولتے ہیں۔

ڈھولن (مونث) بوڑھی عورت۔ (تلنگانہ)

ڈھیرنا (مذکر) دیکھو جھاڑ۔ ڈیما (شکم)

رابا (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد، تاگا، ڈوری۔

راموسیا (مذکر) ٹھگوں کے ایک گروہ کا نام جو دہلی سے نکالے جانے پر رامو میں جا بسا تھا۔

راؤ کار (مذکر) ساہو کار، مہاجن۔

رپچھی (مذکر) وہ ٹھگ جو باقیوں سے پیچھے رہے۔

رُگن (مذکر) شگون (لینا)

رُگنوتی (مونث) شگنوتی۔ شگون لینے کا عمل۔

رماسی (مونث) رمز کا غلط تلفظ مُراد رمز کی باتیں۔ ٹھگوں کا اشاروں اور کنایوں میں اپنے پیشے یا کسی کام کے متعلق آپس میں بھید کی باتیں کرنا جس کو غیر نہ سمجھ سکے۔

رمنیا (مذکر) رمزیہ کا غلط تلفظ رمز کی باتیں یا رمز کے مطلب کو سمجھ جانے والا شخص۔

رمگوآ (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد تلنگانے کا علاقہ

رنگیلا (مذکر) رنگین یا رنگ دار نگ ٹھگوں میں خاص طور سے ہونگے کو کہا جاتا ہے۔

رُواراں (مذکر) بھالو۔ گیدڑ کی بولی کے شگون کا نام

روپاریل (مذکر) موٹے چڑیلے دیکھنے کا شگون۔

روُپونیا (مذکر) خرگوش کی آواز کے شگون کا نام۔ اس شگون کو بعض ٹھگ دِھیا کہتے ہیں اور بعض پھانگڑا۔

روکے (مونث) چوکی دار یا پولس کے جوان کے رہنے کی جگہ جو راستے پر نگہبانی کو بنی ہوئی ہو۔

روکیا (مذکر) چوکی دار

روگائیں (مونث) جوتی یا جوتی اور پیر کے نشان زمین پر جس سے کھوج نکالا جائے

رہ جانا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مُراد کسی ساتھی کا پکڑ لیا جانا۔ یا گرفتار ہو جانا۔

رہزن (مذکر) بٹ مار۔ راہ چلتے مسافر وغیرہ کی چوری کرنے والا سرِ راہ لوٹ مار کرنے والا چور۔

ساتا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد شگون کرنے کا ہفتہ یا سات روز۔ ان دنوں میں سر منڈوانا کپڑے دھلوانا، نہانا، خیرات کرنا، بیوی کے ساتھ رہنا اور غیر عورت کو گھر میں آنے دینا اور بجز مچھلی کے دوسری قسم کا گوشت کھانا منع ہوتا ہے۔ یہ تمام باتیں ٹھگی کے لیے جانے والے ٹھگوں کی سلامتی اور کامیابی سے واپسی کے لیے کی جاتی ہیں اور ٹھگی میں مسافر کے قتل کی ابتدا ہونے کی منت سمجھی جاتی ہے۔ اس منت کے پورا ہونے پر ہری ترکاریاں اور عمدہ کھانے کھاتے ہیں۔

سانٹا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چھوٹی تلوار اور بعض ٹھگ ہاتھ کے کڑے کو کہتے ہیں۔

سانچہ (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد تابوت، لحد، مدفن جو مقتول کے لیے بنایا جائے، جو لاش کے برابر اور گہرا ہو۔

سانہر (مونث) روکڑ (نقد رقم)

ستک (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سونا (طلا۔ زر)

سِتکالا (مذکر) سونے کا سکہ (ہُن)
وزنی ۲½ ماشے۔
سُتلی (مونث) ایک کوڑی یا بیس عدد
چیزوں کی مجموعی تعداد۔
سٹّا (مذکر) ایسا جوا جو قیاس پر
کھیلا جائے (لگانا)
سردھنی (مونث) دھوتی، ساڑھی۔
سِرما (مذکر) سر، کھوپری
سروا (مذکر) جالدی ٹھگوں کی اصطلاح
مراد بنیا، بقال
سِریاپوتی (مونث) دیکھو چڑیاپوتی۔
سِنکار (مذکر) جالدی ٹھگوں کی
اصطلاح مراد دھوبی۔
سُشل (مونث) مسافر کو رام کرنے کا
طریقہ۔ ملنساری (کرنا)
سِکتا (مذکر) پھانسی کا پھندا یا پھانسی
دینے کی رسّی یا رومال۔
(دکھنی ٹھگ)
سمیا (مذکر) مسافر کو قتل کرنے میں
مدد دینے والا۔ ہاتھ پکڑنے والا۔
سمیائی کرنا۔

سُن (مذکر) ناتجربے کار اور نیا ٹھگ
جس نے کسی کو قتل نہ کیا ہو۔
سُناری (مونث) دیکھو اکاسی۔
سنٹھنا (مذکر) بہاری ٹھگوں کی
اصطلاح مراد تلوار بند ٹھگ
(سانٹھا ہندی بمعنی ڈنڈا)
سُندری (مونث) چوروں کی اصطلاح
مراد دیوا سلائی۔
سن لینا (مصدر) چوروں کی اصطلاح
مراد آہٹ لینا۔ پیروں کی
آواز پر کان لگانا۔ ٹوہ لینا۔
سوالی (مونث) لومڑی (تلنگانی ٹھگوں
کی اصطلاح)
سُونکھرو (مذکر) دیکھو نیترو۔
سوتھا (مذکر) مسافر کو پھسلا بہکا کر
اپنے قبضے میں لانے والا ٹھگ
(سوتھیائی)
سوُدھنا (مصدر) مسافر کے مال کا جائزہ
لینا، اندازہ لگانا یا دیکھ بھال
کر معلوم کرنا۔
سوُسیا
سوُس } (مذکر) ساہوکاروں کے

بھیس میں ٹھگی کرنے والے
ٹھگوں کا جرگا۔ جو ذات کے
دھانگ تھے۔ جو پور، اودے پور
بوندی، رتلام اور ٹونک کے
علاقوں میں آباد اور نائک یا
نہوری کے خطاب سے مشہور
تھے۔ مسافر کا کھوج نکالنے والا
جاسوس۔
سونٹرکا (مذکر) ٹھگی کی مہم میں پہلے مسافر
کا قتل جو بطور منت کیا جائے۔
سنٹھیانا } (مصدر) دیکھو سنٹھنا۔
سٹھیانا } تلوار سے قتل کرنا۔
سہتوت (مذکر) مسافر کو تلوار سے
قتل کرنے کا عمل۔ دیکھو بھٹوت۔
سیب (مذکر) مکر و فریب، دھوکا،
ظاہری اور بناوٹی بات۔
(ٹھگوں کی اصطلاح)
سیٹ (مونث) دیکھو پھول۔ یہ لفظ
انگریزی معلوم ہوتا ہے جو چوروں
اور ٹھگوں میں زبان زد ہو گیا ہے۔
سیٹنا (مذکر) خرّاٹا یا گلا گھٹنے کے

وقت کی آواز۔
سیٹھ (مونث) سیٹی کا مخفف۔ اصطلاحاً
چڑیا کی آواز کے شگون کا نام۔
سینڈری (مونث) مونگا (دکنی ٹھگوں
کی اصطلاح)
سینڈھ } (مونث) چوروں کی اصطلاح
سینڈھی } مراد دیوار کا موکھا جو کول
کر کے بنایا جائے۔ کوئل۔ نقب
(سیندھی۔ تلنگی بمعنی درز)
سینی (مونث) دیکھو جھرنی (دینا)
سِنگور (مذکر) سہ گوڑ کا غلط تلفظ (رنگنا)
سگنوتی (مونث) دیکھو رگن اور
رگنوتی۔
شگون (مذکر) فارسی لفظ شگن کا اردو
تلفظ۔ کسی عمل کے شروع کرنے
سے قبل اس کے نتیجے کی بھلائی
برائی کا وہمی عقیدہ یا نیک و بد
کے لیے مثال قائم کرکے اس سے
مطابقت کرنے کا طریقہ۔
(لینا۔ دیکھنا) ٹھگ اور چور
شگون لینے کے بڑے عقیدت مند

ہوتے ہیں۔ اگر ان کے عقیدے
کے خلاف شگون ہو تو اپنے عمل
سے باز رہتے ہیں۔
شگون کی چند کہاوتیں :۔
خرابیاں۔ لیلا دایاں لیے بولے بیار
سُکھ سَنپت انند بھیا تھیلے لائے چار
کھیت۔ بیت۔ گھر دائیں
بائیں نج کرائیں
راتیں بولے تیتر دن کو بولے سیار
تج چلیے وہ دیسرا نہیں تجے اچانک دھار
بایاں گیدی سونا لیدی
ٹُھہدا (مذکر) غنڈا۔ بازاری اصطلاح
مُراد آوارہ گرد لڑنے بھڑنے
سے نڈر، بد اطوار۔
غٹ (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
گروہ، ٹولی۔
غُنڈا (مذکر) دیکھو ٹھہدا۔ اوباش۔
بدمعاش۔ فسادی۔ لُقا بمبئی
کی مقامی اصطلاح میں موالی
کہلاتے ہیں اور بنگال میں غنڈے۔
قزّاق (مذکر) ترکی بمعنی راہ زن، ڈاکو

لُٹیرے۔
کانگڑ (مذکر) دیکھو ٹلھا۔
کاٹھ (مونث) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد رِشوت۔
کاٹھی (مونث) راز جوئی، جاسوسی۔
۲۔ بات چیت، باہمی مشورہ۔
۳۔ جسم کا ڈھانچہ ہاڑ۔ دیکھو ہاڑ۔
کاڑھ (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
ٹھگوں کا سُراغ لگانے کی
جستجو۔ گانوں والوں کی تلاش
اور تحقیق۔
کاڑھو (مذکر) ٹھگوں کا پتا لگانے اور
اُن کی شناخت کرنے والا شخص۔
کاگرا (مذکر) پہاڑی کوا جس کی آواز
سے ٹھگ شگون لیتے ہیں۔
کال (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد گانو۔
کالگتی (مونث) شراب (ہندی کلال
بمعنی شراب بنانے والا۔
کالندی (مونث) مٹھائی۔
کالی (مونث) رات یا اندھیری۔

کانپ (مونث) رشوت۔
کانتا (مذکر) دیکھو دنتیرو
کان تھین (مونث) چھری۔
کانتھنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح
مُراد چھری سے مسافر کا پیٹ
پھاڑ ڈالنا۔
کانورا (مذکر) بوکلایا ہوا مسافر جو
خوف یا چیخ پکار سے پریشان
حال ہو۔
کبتا (مونث) جالدی ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد مسافر کا قتل۔
کبتائی (مونث) مسافر کو قتل کرنے
کا عمل۔
کبُولا (مذکر) کودن اور بے وقوف ٹھگ۔
کتھیا (مذکر) چغل خور ٹھگ
کتھیائی (مونث) چغل خوری۔
کجیٹی (مونث) دکھنی ٹھگوں کی
اصطلاح مُراد بیڑی
کرّا (مذکر) اُلّو کی آواز کے شگون
کا نام۔ بعض ٹھگ اس کو
ٹھاگر کہتے ہیں۔

کرسال } (مذکر) جوان نر ہرن کے
کرسان } دیکھنے کے شگون کا نام۔
کُروا (مذکر) مُربع شکل کا گڑھا جو
لاش یا مال کے چھپانے کو
بنا لیا جائے۔
کریاکری (مونث) دیکھو گھائی۔
لاش یا مال چھپانے کو گڑھا
کھودنے کا عمل۔ زمین میں
گڑھے کی کُھدائی۔
کسوانا (مذکر) کنواں جو زراعت کی
ضرورت کے لیے کھیت میں
کھود لیا جائے۔
کسّی (مونث) کُدال۔ ٹھگوں میں
کسّی کی قسم بہت اہم سمجھی جاتی
ہے۔ ماہی بھی کہتے ہیں۔
کلّو (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
چور یا وہ شخص جو چھپ کر یا
اندھیرے میں چوری کرے۔
کلوئی (مونث) چوری کرنے کا فعل۔
کُمل (مونث) دیکھو برگ۔
کمند (مونث) چوروں کی اصطلاح

مُراد ایسی رسّی جس کے ذریعے مکان کی چھت پر چڑھا جائے اس کے لیے چور ایک جانور کو جسے پٹڑا گوہ کہتے ہیں کام میں لاتے ہیں۔ رسّی اس کی کمر میں باندھ دیتے ہیں اور اوپر چڑھا دیتے ہیں۔ جب رسّی کھینچو تو وہ زمین پکڑ لیتا ہے اور اُلٹا نہیں کھنچتا۔ (ڈالنا۔ لگانا)

کنٹھی (مونث) کشتی (ناؤ) لودھا اور جمالدی ٹھگوں کی اصطلاح)

کُنجل (مونث) سارس کے بولنے اور دیکھنے کے شگون کا نام۔

کُندا } **کُندو** } (مذکر) معدہ۔ پیٹ کا پورا حصہ۔ (لے لو) پیٹ پھاڑ دو۔

کن سُنیاں (مونث) کان لگا کر بات سُننا۔ کسی بات کی خبر لگانا۔ (لینا)

کنیلی (مونث) مُرکی۔ اِنٹی کان کا زیور بالی یا بُندا۔

کوت (مونث) دیبی کی پوجا۔

کوتارا (مذکر) اوگھڑ۔ کھرتل (گھوڑا) بُرے شگون کی اصطلاحات

کوتک (مذکر) کرتوت۔ افعال۔ اطوار۔ آوارہ مزاج لوگوں کے کوتک بگڑ جاتے ہیں۔

۲۔ کودن۔ نااہل۔

کوجاؤ } **کجاؤ** } (مذکر) دیکھو دھوکڑ۔

کود (مونث) خشکی کی راہ۔

کوری کمر (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد بیت مارنے کی سزا نہیں پایا ہوا بطور اشارہ بولتے ہیں۔

کوڑکا (مونث) چاندی یا رُپیہ۔

کوڑی (مونث) پھینکنا۔ مارنا۔ ڈالا) ٹھگوں کی اصطلاح مراد مال کی تقسیم کے لیے پاسہ ڈالنا۔ (قرعہ اندازی)

کوکائی (مونث) کُرّا۔ دیکھو ٹھاکُر۔

کوُمل (مونث) نقب۔ موکھا۔ گٹا۔ جو مکان میں گھسنے کے لیے چور دیوار پھوڑ کر بنالے۔

دیکھو سینْدھ (لگانا)

کُھگا } **کھوگا** } (مذکر) کھیڑا چھوٹا سا گاؤں جو پہاڑی کی تلیٹی میں نظر سے اوجھل ہو۔

کیتا (مونث) شراب کی تل چھٹ یا ادنیٰ درجے کی ایک بار اشراب۔

کھاڑو (مذکر) دکنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ٹھگوں کی جماعت یا ٹولی۔ (پھوٹنا)

کھال کھوسیا (مذکر) حجام۔ بال کترنے اور مونڈنے والا کمیرا۔

کھانچو (مذکر) گٹھ کترا (جیب کترا)

کھبا (مذکر) کھیڑا۔ قصبہ۔

کھتانا (مصدر) ٹھگوں کا بھید عام لوگوں پر ظاہر کر دینا۔

کھتوا (مذکر) ٹھگوں کے بھید اور معاملات کو عام لوگوں پر ظاہر کر دینے والا۔

کُھٹانا (مصدر) ساتھ سفر کرنے کو ٹھگ کا مسافر سے دوستی گانٹھنا مسافر کو بلا کر آخر شب سفر کو ساتھ لے جانا۔

کُھٹب (مذکر) پچھلی رات سفر کو روانگی۔

کُھٹب اکاسی (مونث) پچھلی رات کو چیل کے بولنے کی آواز کا شگون یا وہ چیل جو پچھلی رات کو بولے۔

کچھوا (مذکر) اُٹھائی گیرا۔

کُھڈا (مذکر) بوڑھا مسافر یا بوڑھا آدمی۔

کھرکنیا (مذکر) دیکھو دھیا۔

۲۔ خرگوش لانگنا، خرگوش کا راستہ کاٹنا۔

کھُرگا (مذکر) دیکھو نتیرو۔

کھرتری (مونث) دیکھو پتوری۔

کھرتنچا (مذکر) نالا

کھڑک } **کھڑنگ** } (مونث) پتھریلی یا کنکریلی سخت زمین۔

۲۔ کُدال کی آواز جو پتھریلی زمین پر پڑنے سے نکلے۔

اُٹھلی کرنا } **ٹھلی کرنا** } (مصدر) ٹھگنا۔ مسافروں کو ٹھگ کر کھک (مفلس) بنا دینا۔

(ٹھک ہندی بمعنی خالی۔ کھوکلا
جس میں کچھ نہ رہا ہو)

کھلّی (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
مفلس اور کوڑی کوڑے محتاج
شخص (ہندی کھل اور کھلر
بمعنی بے جان، بے دم جس میں
ست نہ ہو)

ف:۔ لکڑی گل کر کھل ہوگئی۔

کھُلیتا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
ایسا گانو یا کھیڑا جو کھُلے میدان
یا ٹیلے پر واقع ہو

کھُم
کُھم } (مذکر) دروازہ، دہلیز، کھوم

کھُمنا (مصدر) بچھڑے یا پیچھے رہے
ہوئے مسافر کا اپنے ساتھیوں
سے جا ملنا۔

کھوٹیلا
کھودیلا } (مذکر) سِکۂ مضروب۔ ٹھپّہ
لگا ہوا سکہ، انگریزی

کھوج (مذکر) نشان، علامت، وجود
(پانا، لگانا، نکالنا، لگنا، لگاٹنا)
ہندی کھوجڑا بمعنی نشانی۔ یاد۔

کھوجی (مذکر) کھوج نکالنے والا۔
کھوج (راہزنوں کی اصطلا

کھور (مذکر) لشکر، فوج۔

کھورچی
کھُرچی } (مذکر) بال تراش، اُ

کھوڑا (مذکر) دیکھو کوتار۔

کھوسڑا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلا
مُراد چہرہ۔
۲۔ پتا، نشان، شناخت۔
(لفظ کھوج اور کھوجڑے ک
گنواری تلفظ)
۳۔ وہ مسافر جو ٹھگوں کے حا
سے واقف ہو کر چوکنا ہو گیا

کھومڑا (مذکر) کُھم کا اسم مُصغر دیکھ
کُھم۔ ٹھگوں کی اصطلاح مراد

کھونسنا (مصدر) لوٹنا، جھپٹ لے
بہلا پھسلا کر دوسرے کا مال
اینٹھ لینا۔

کھنیت (مونث) دیکھو بیل۔

کھیدڑا (مذکر) سرکاری پیادہ۔
(ہندی لفظ کھیدا لینا بمعنی

پیچھا کرنا۔ گھیرنا)

ھیری ہونا (مصدر) مٹی کے برتن
کے ٹوٹنے کے شگون کا نام۔

ابھا (مذکر) گبھے کا غلط تلفظ۔
توشک۔ گدا۔

اجنا (مصدر) پیٹ بھرنا۔ روٹی
کھانا (ہندی لفظ گجا بمعنی
جمع۔ نقدی۔ بھرپور چیز)

گان کرنا (مصدر) دیکھو چوکا دینا۔

گانو (مذکر) گان کرنے والا۔ دیکھو
گان کرنا۔

گائل (مونث) نقدی جو گلے میں
جمع ہو (تفصیل کے لیے
دیکھو لفظ گلّا اور گولک
جلد ششم)

گٹھا (مذکر) لاش کی پوٹ

گٹھیا (مذکر) لاش بردار

گٹھ کٹا (مذکر) دیکھو جیب کترا۔

گدیا (مذکر) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح
گداگر کا اسم مُصغر۔

گرداور (مذکر) وہ ٹھگ جو لوٹ مار

کے لیے اِدھر اُدھر مختلف مقامات
پر پھر کر موقع تلاش کرے (کرنا)

گرگھا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد
گردن۔ گلا۔

گرگھائیں دینا (مصدر) بھٹوتن کرنا۔
پھانسی دینا۔

گرگانٹھ (مونث) پھانسی کی رسی
یا پھندا۔

گرہ کٹ (مذکر) دیکھو گٹھ کٹا جیب کترا۔

گُلّی (مونث) مونگے کا دانہ

گوت (مونث) قبیلا۔

گورکھی (مونث) چھوٹی چھری یا خنجر۔

گونا (مذکر) چوروں کی اصطلاح مراد
چوری کا مال جو چور کے پاس
ہو یا جس کو وہ اٹھا کرلے جارہا ہو۔

گونے سے لیا جانا (مصدر) وہ چور جو
چوری کا مال لے جاتے ہوئے
پکڑا جائے۔

گونے ہونا (مصدر) وہ چور
جس کے پاس چوری کا مال ہو۔

گونی (مونث) چوروں کی اصطلاح

مُراد جوتی۔

گونیات (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد ایک یا دونوں ہاتھ ٹوٹا ہوا آدمی۔

گوہ (مونث) پٹڑا گوہ۔ نیولے کی شکل کا ایک جانور جس کے ذریعے کمند لگائی جاتی ہے۔ دیکھو کمند۔

گِیدا (مذکر) ایٹپ والا ٹھگ۔ دیکھو ایٹپ۔

گِیدیا (مذکر) جوکی دار (تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح)

گیل (مونث) ہمراہ۔ ساتھ۔ قریب قریب۔ برابر برابر۔

ف:۔ مرے گیل چلا آ۔

گیلاو (مذکر) ساتھ ساتھ چلنے والا۔ ہمراہی، ساتھی۔

گھاڑنا (مصدر) پھانسی دینا۔

گھائل (مذکر) زخمی جس کے تلوار یا خنجر سے بہت بڑا گھاؤ پڑ گیا ہو۔ دیکھو گھاؤ جلد ۲۔

گھٹوئی (مونث) پھانسی یا پھانسی کا پھندا۔

گھمنا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد قتل و غارت گری کے لیے مسافروں کے قافلے پر جا پڑنا۔ لوٹ مار کرنا، ہلا کرنا۔ گھمسان ہندی بمعنی تیز۔ شدید یا سخت کش مکش۔

گُھنّا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد دل میں بات رکھنے والا گمرا۔ دل کا بھید نہ بتلانے والا۔

گھونگھی (مونث) (پھیکنا۔ ڈالنا یا زنا) دیکھو کوڑی۔

گھیس (مذکر) غیظ کا غلط تلفظ مُراد غصے کا ہُنکارا۔

لاپنا (مصدر) دکھنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد جانور کی قربانی کرنا۔ (لاپ ہندی بمعنی دھار دار ہتھیار کی باڑ)

لاونا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد پھانسی دینا۔

لاگ / لگاو } (مونث) چوروں کی اصطلاح مُراد چوری کے لیے مکان میں جانے کا سہارا یا ایسا ذریعہ جس پر سے چور اوپر چڑھ کر اندر جا سکے۔

لاگو (مذکر) وہ چور جو کسی کے پیچھے لگا رہے اور جب موقع پائے اپنا کام کر جائے۔

لم کن / لم کان | (مونث۔ مذکر) خرگوش۔

لنگوٹی (مونث) پنہائی، تاوان جو چور کو چوری کیے ہوئے پوشی کے لیے دیا جائے۔ دھوڑ پھڑائی۔

لیا (مذکر) چوروں کی اصطلاح بھولا اور سیدھا آدمی جو اینچ پینچ کی بات نہ سمجھتا ہو۔
۲۔ بیل۔

لپ رہنا (مصدر) چوروں کی اصطلاح مُراد چوری کے لیے کسی جگہ چھپ رہنا۔

لپٹوا (مذکر) اٹھائی گیرا جو چلتے پھرتے موقع پا کر کوئی چیز چوری کی نیت سے مٹھی میں چھپا لے۔ (لپ بمعنی مٹھی ہے)

لپوٹ (مذکر) شہدوں کی اصطلاح مُراد باتیں بنانے والا۔ باتوں کا چور۔ بات اُڑانے والا۔

لتاڑ (مونث) کٹار۔ چھوٹی شمشیر۔ (ہندی لتاڑ بمعنی سرزنش ڈانٹ ڈپٹ)

لٹکنیا (مذکر) گلے یا کمر میں لٹکا لینے کا بٹوا یا تھیلی جیسا کہ قدیم زمانے میں مسافر اپنے ساتھ رکھتے تھے۔

لُقّا (مذکر) عربی لُق بمعنی بے بالوں کا۔ صاف اُردو میں ایسے شخص کو کہا جاتا ہے جس کی کوئی آبرو نہ ہو یا جس کو آبرو اور عزت کا پاس نہ ہو۔ بکھرا بدرا۔ دیکھو غنڈا اور شہدا۔

لگھا (مذکر) لاش گاڑنے کو گڑھا کھودنے والا ٹھگ۔

لگھائی (مونث) گڑھا یا لحد کھودنے کا عمل۔

لگھوٹا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد مُردہ جسم۔ لاش۔

لُل (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد سر بریدہ لاش یا ایسی لاش جو پہچانی نہ جائے۔ (اُردو) بمعنی بے وقوف، ناسمجھ بے خبر) ۲۔ سرکٹی گردن۔

لم پوچا (مذکر) بزاری ٹھگوں کی اصطلاح مراد سانپ۔ (لمبی دُم)

لنبھیری (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مرادِ تلوار۔

لنبھیرِیانا (مصدر) تلوار سے قتل کرنا۔ تلوار چلانا، مارنا۔

لِوائی (مونث) تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد کیل۔ پیچ جس میں کوئی چیز اٹکی رہے۔

لودھا (مذکر) دیکھو ٹھگ۔

لوکارنا (مصدر) مسافر کی آہ و فریاد کرنا چیخ پکار کرنا۔ دیکھو ڈوٹٹریانا۔

لوکاری (مونث) بندوق۔

لوند (مذکر) نفرا، نگھرا، بدرا، لُقا۔ (ہندی لوند بمعنی سال کا زائد مہینہ جو شمار میں نہ آئے)

لوندھ لینا (مصدر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد لوٹ کے مال میں سے نقدی علیحدہ کر لینا۔ شمار میں نہ لانا۔

لیپڑا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد کپڑے کا تھان جو پگڑی بنانے کے کام آئے۔ پگڑی۔

لِیڈکیا (مذکر) دکھنی ٹھگوں کی اصطلاح مرادِ دھوبی۔

ماتنگی (مذکر) بارہ سِنگے کے شگون کا نام۔

مارگی (مذکر) ٹھگوں کا چیلا جو پہلی مرتبہ ٹھگی کے لیے نکلے۔ (تلنگانی ٹھگوں کی اصطلاح)

مالی (مذکر) گھر پر نقدی پہنچانے والا ٹھگ۔ امانتی۔

مان (مونث) مقتول کا مدفن۔

مانج (مذکر) بگیوں کے لڑنے کی آواز کے شگون کا نام۔ اوّل شب اچھا اور آخر شب بُرا مانا جاتا ہے۔

۲۔ دیکھو اکاسی بڑار۔

مان جھاڑنا (مصدر) مسافر کے لیے مقتل اور مدفن تجویز کرنا۔

مان کری (مذکر) دیکھو بلہا۔ لاش گاڑنے کو جگہ تجویز کرنے والا ٹھگ۔

ماہی (مونث) دیکھو کستی۔

متھن (مذکر) متن کا غلط تلفظ۔ چوروں کی اصطلاح مُراد مطلب کی بات۔ مدعا۔

مٹرگشت (مونث) شہدوں کی اصطلاح مُراد بے مقصد اِدھر اُدھر پھرتے رہنا۔ ٹہل لگانا۔

مُٹھیا (مذکر) ٹھگوں کے ایک گروہ کا نام جو بہار کے ایک علاقے میں تھا۔ دیکھو ٹھگ۔

مچھوا (مذکر) بھٹیارا۔

مُدّا (مذکر) مدعا کا غلط تلفظ۔ چوروں کی اصطلاح مراد چوری کا مال جو چور کے پاس نکلے۔

مِرگ مال (مونث) ہرنوں کی ڈار کے دیکھنے کے شگون کا نام۔

مِرگ مان (مونث) نوٹکی۔ ہرنوں کا گلہ۔ ریوڑ۔ منڈا۔

مڑھی (مونث) ٹھگوں کی جماعت انتظامی شورہ کرنے والی جماعت۔

مست کاٹھی (مونث) آہستہ بات چیت (کرنا)

مکارا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مراد راجپوت۔

مکڑا (مذکر) چوروں کی اصطلاح مُراد پُرانی قسم کا گجراتی قفل۔ (کرنا) چوروں کا قفل کو مروڑ کر توڑنا۔

منج کی دھاپ (مونث) اُلّو کو پاخانہ پھرتے دیکھنے کا شگون جو مانع سفر سمجھا جاتا ہے۔

مِنک (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بیراگی یا گسائیں۔

منکڑا (مذکر) حجام۔

منکھلا }
منکھیلا } (مذکر) شراب خوار

منکھیا (مذکر) گسائیں۔

منگوا (مذکر) گیدڑ۔

موہل (مذکر) چور

ناٹا (مونث) شام کے وقت کی سیاہی جو مشرق کی طرف سے پھیلنی شروع ہو۔

ناکی (مونث) نکاری ٹھگوں کی اصطلاح مُراد چھینک آنا۔

ناگا (مصدر) عام روایت کے خلاف کام کرنے والے ٹھگ کو برادری سے خارج کردینے کی رسم۔ اُردو میں ایک لفظ ناغا تعطل کے معنوں میں بولا جاتا ہے۔ (کرنا) برادری سے خارج کرنا۔ (لگنا) پاپ اور چھوت لگنا۔

نال (مونث) جواریوں کی اصطلاح جوئے خانے کے چوکی دار یا مالک کا حق (دینا۔ لینا)

ناؤ (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مراد گروہ، ٹولی۔

ندہ (مذکر) گانو، کھیڑا۔

نری ہر (مونث) مسافروں کو قتل نہ کرنے کا کلمہ۔

نسار (مذکر) وہ مقام جہاں کسی قسم کا کھٹکا یعنی دشمن یا مخالف کا ڈر خوف نہ ہو۔

نفرا (مذکر) آوارہ گرد شخص۔ دیکھو لُفّا۔

نقب (مونث) دیکھو کونل۔

نکاری (مونث) دیکھو ناکی۔ لفظ نقّارے کا غلط تلفظ۔ چوں کہ چھینک کی آواز سے مخالف یا جاسوس کو خبر ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اس لیے ٹھگ چھینک لینے کو اصطلاحاً نکاری کہتے ہیں۔ اور بعض نکاری بمعنی ناک کا فعل مفہوم لیتے ہیں۔

نکاس (مذکر) چوروں کی اصطلاح مُراد بھاگنے کا راستہ جو وہ چوری کرنے کے موقع پر قبل از وقت نگاہ میں رکھتا ہے۔

نگھوا (مذکر) سفر کے راستے کی نگہبانی کرنے والا فوجی دستہ۔ محافظ راہ۔

نمتا (مذکر) اکا دکا مسافر۔

نو (مونث) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد عورت کے رونے کی آواز۔

نوالا (مونث) دکھنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد پگڑی۔

نوریا (مذکر) نیا ناتجربے کار ٹھگ۔

نیمی (مونث) آہستہ دھیما مراد دھیمی آواز سے بات کرنا۔

واہرنا (مصدر) پھانسی دے کر مارنا۔

ولگی (مونث) بھیڑیے کی آواز یا دیکھنے کے شگون کا نام۔

ہت کڑی }
ہتھ کڑی } (مونث) مجرم کے ہاتھ باندھنے کا لوہے کا کڑا (ڈالنا)

ہجندہ (مذکر) دیکھو دھوکڑ۔

ہروا (مذکر) دربدر پھرنے والا برہمن۔

ہڑ دنگا }
ہڑ دنگی } (مذکر) ناشائستہ اور بے ڈھنگا شخص۔ بدتمیز۔ آوارہ گرد۔

ہلا (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح مُراد عہدہ، مقررہ خدمت۔ لفظ چیلے کا غلط تلفظ۔ اُردو میں کہتے ہیں چیلے رزق بہانے موت۔ ٹھگوں کے عہدوں کے نام۔ (۱) کُسّی (۲) بھِل اور (۳) پتونی ہیں۔ پہلے عہدے کی خدمت مسافر کے قتل اور دفن کرنے کے لیے مقام تلاش کرنا اور اس کی تکمیل کرنا دوسرے کی قتل کرنا یا پھانسی دینا یعنی جلّادی اور تیسرے کی پوجا پاٹ کرانا، دیبی کی نذر چڑھانا، کفارہ دینا۔

ہوالات (مونث) ملزم کو بند رکھنے کی کوٹھری۔ (کرنا۔ ہونا)

ہینکڑا (مذکر) دکھنی ٹھگوں کی اصطلاح مُراد بنیا، مہاجن۔

اصطلاحات پیشہ وراں آٹھواں حصہ

اِنڈکس

(اِشاریہ)